Presented by ... Div. to ... Dated 11.3.96

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَالَ اللّٰہُ تَعَالیٰ عَزَّ وَجَلَّ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا

ازآنکہ ذکر اولین موعظت برائے آخرین ست و تجلیات کلام فیض التیام
ایشان ہدایت ست بہر طالبین چنانکہ آیت شریف برین مقال دال بر بنائے آں
نبذے ذکر از محامد و اخلاق اسلاف و بزرگان دین و مناقب اولیائے کرام،
و مشائخ عارفین، و سطوت امرائے ذیشان، بخامہ مقطوع اللسان لباس تحریر
و حلیہ تسطیر پوشید و مسمّی گردید باسم تاریخی اعنی

# افاضات بندگی

۱۳ ھ ۶۹

کہ از سعی فراواں، و بجستجوئے تمام، فی اللیالی والایام

احقر العباد، خادم الاطبا، ابو الکمال محمد بہاء الدین صدیقی گوپاموی

غفر اللہ تعالیٰ ذنوبہ، و ستر عیوبہ

مؤلف

روضۃ المآثر (تاریخ گوپامئو) و مرأۃ وجیہی (سوانح عمری حضرت مُلّا
وجیہ الدین شہابی گوپاموی) سیر العلما (مختصر تاریخ علمائے ضلع سیتاپور)
و تاریخ طب عربی وغیرہ بخلعت تالیف و کسوت تصنیف امتیاز یافت

ہدیہ پانچ روپیہ

Www.MadaariMedia.Com

دم مدار بیڑا پار

# MADAARI MEDIA

The Silsila e Aaliya Madaariya Social Platform

سلسلۂ مداریہ کے بزرگوں کی سیرت و سوانح

سلسلۂ عالیہ مداریہ سے متعلق کتابیں

سلسلۂ مداریہ کے علماء کے مضامین تحریرات

سلسلۂ مداریہ کے شعراء اکرام کے کلام

حاصل کرنے کے لئے اس ویب سائیٹ پر جایئے

**www.MadaariMedia.com**

@MadaariMedia

@MadaariMedia

@MadaariMedia

@MadaariMedia

Authority : Ghulam Farid Haidari Madaari

ضلع ہردوئی (یو۔پی)

قال اللہ تعالیٰ عزوجل اِنَّ ھٰذہٖ تذکرۃ فمن شاء اتخذ الیٰ ربہٖ سبیلاً

ازانکہ ذکر اولین موعظت برائے آخرین است و تجلیات کلام فیض التیام الیشان ہدایت است بہر طالبین، چنانکہ آیت شریف برین منوال دال، بر بنائے آن نبندے ذکر از محامد اخلاق اسلاف و بزرگان دین و مناقب اولیائے کرام، و مشائخ عارفین، و سطوت امرائے ذیشان، بخامہ مقطوع اللسان لباس تحریر و حلیہ تسطیر پوشید، و مسمی گردید باسم تاریخی اَتنی

# افاضات بندگی

۱۳ ھ ۶۹

کہ از سعی فراوان، و جستجوئے تمام، فی اللیالی والایام
احقر العباد، خادم الاطبار، ابو الکمال محمد بہار الدین صدیقی، گوپامؤی، غفر اللہ تعالیٰ ذنوبہٖ، وستر عیوبہٖ، مؤلف روضۃ المآثر (تاریخ گوپامؤ) و مرآۃ وجیہی (سوانح عمری حضرت ملا وجیہ الدین شہابی گوپامؤی) سیر العلما، و مختصر تاریخ علمائے ضلع سیتاپور، و تاریخ طب عربی وغیرہ بخلعت تالیف و کسوت تصنیف امتیاز یافت

ناشر

مطبع زراقی ٹکاپور کانپور

Www.MadaariMedia.Com

حامدًا ومصلیًا ومسلمًا

297.42
S43R

# نذرِ عقیدت

میں اپنی عقیدت دلی، و مودت قلبی کو
حروف صدق و سطور اخلاص میں منتقل کر کے حضرت قطب السالکین
قدوۃ العارفین "بندگی شیخ نظام الدین یسین" ایٹھوی قدس اللہ سرہٗ
کی بارگاہ ولایت پناہ، ہدایت انتباہ میں بفحوائے اَلَاۤ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ حَیٌّ لَا
یَمُوْتُوْنَ حصول برکات دنیوی و سعادت اخروی کی امید قوی پر پیش
کرنے کی عزت، سراپا منزلت حاصل کر رہا ہوں کیا عجب کہ حضرت
والا کی مقبولیت عند اللہ کے طفیل مجھ حقیر سراپا تقصیر کو بھی
سرخروئی دارین نصیب
ہو جائے

ما بداں مقصد عالی نتوانیم رسید
ہاں مگر لطف شما پیش نہد گامے چند

بندۂ ناچیز محمد بہار الدین صدیقی گوپامئوی
نبیرہ حضرت قاضی عبد الرحمٰن لہرے رحمۃ اللہ علیہ
مرید و ہم زلف حضرت بندگی قدس سرہٗ

# فہرست مضامین افاضات بندگی


| | | | |
|---|---|---|---|
| نذر عقیدت صفحہ ۲ | گذارش پیشین صفحہ ۶ | پیش لفظ صفحہ ۹ | دیباچہ۔ صفحہ ۱۲ |

## باب اول۔ در مختصر تذکرہ و تعارف حضرت بندگی قدس اللہ سرہٗ العزیز

(۱) اسم سامی و نسب گرامی (۲) ولادت، تعلیم و تربیت (۳) سلاسل طریقت (۴) قیام امیٹھی، درس و افادہ اور نکاح اول (۵) سفر، گوپامؤ میں تشریف آوری اور توطن۔ (۶) اہالیان گوپامؤ سے رشتہ و قرابت (۷)، ترک سکونت گوپامؤ و مراجعت بہ امیٹھی (۸) اخلاق، عادات، زہد، اتقاد (۹) آبادی پورہ بندگی در امیٹھی بندگی میاں) (۱۰) بغرض زیارت جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کی امیٹھی میں آمد (۱۱) احباب و حقیقت چلہ کشی حضرت مخدوم نصیر الدین محمود چراغ دہلی قدس سرہٗ (۱۲) ہدایت و ارشاد اور تلامذہ (۱۳) تالیفات (۱۴)، علالت و وفات (۱۵) خلفائے مجازین بیعت و ارشاد (۱۶)، اولاد امجاد (۱۷) حقیقت زمینداری گوپامؤ۔

## باب دوم۔ انتخاب ملفوظ محبوب القلوب ملقب بہ سیر نظامی

## باب سوم۔ در توضیح و تشریح اسمار متذکرہ انتخاب محبوب القلوب

### فصل اول در ذکر اعیان و اشراف گوپامؤ

(۱) حضرت شیخ آدم
(۲) حضرت شیخ احمد
(۳) قاضی شیخ احمد

(۴) حضرت مخدوم سید اعز الدین لعل میر مع تحقیق اولاد امجاد (۵) شیخ الٰہی بخش (۶) شیخ اللہ بخش (۷)، حضرت ملا الہداد دانشمند عثمانی (۸)، شیخ بھکاری (۹) پیرا بنجارا

(۱۰) حضرت شیخ بھول (۱۱) شیخ پیارے قانونگو (۱۲) جان بنجارا (۱۳) حضرت شیخ حاتم صوفی
میواتی (۱۴) حاجی حانک (۱۵) شیخ حبیب اللہ (۱۶) شیخ حمید (۱۷) رستم بیگ (۱۸)
شیخ سلیم (۱۹) سلیم خان (۲۰) عبدالحق (۲۱) شیخ عبدالحمید مخدوم زادہ (۲۲) حضرت قاضی
لہرے (۲۳) شیخ عبدالرحیم متو لی گوپامئو (۲۴) شیخ عبدالقادر قنوجی مع ذکر نوابُ الاجاہ
(۲۵) شیخ عبداللہ (۲۶) میاں شیخ عبدالواحد خطیب (۲۷) میاں شیخ عبدالواحد (۲۸)
عبدالغنی (۲۹) میاں شیخ عیسیٰ (۳۰) فتح ملک (۳۱) میاں شیخ قادن صوفی (۳۲) قطب الدین
(۳۳) قمرالدین (۳۴) کمال (۳۵) شیخ ماکھو (۳۶) حضرت قاضی محمد مبارک (۳۷)
مظفر آغا (۳۸) میرزا علیخاں (۳۹) شیخ محمود (۴۰) شیخ محمود (۴۱) شیخ محمود نومسلم (۴۲) شیخ منظم (۴۳)
شیخ معین (۴۴) نعمت اللہ (۴۵) نظام صالح (۴۶) نظام رحمہم اللہ تعالےٰ۔

## فصل دوم در ذکر اولیای امت و صلحائے ملت

(۱) حضرت ابراہیم ادہم بادشاہ بلخ
(۲) حضرت بہارالحق مخدوم شیخ خاصہ امیٹھوی (۳) حضرت میر سید جلال بخاری (۴) شیخ
جلال صوفی خیرآبادی (۵) حضرت خواجہ منصور حلّاج (۶) حضرت بی بی خدیجہ بدن (۷)
حضرت شیخ زکریا امیٹھوی (۸) حضرت سری السقطی امیٹھوی (۹) حضرت مخدوم شیخ
سعدالدین خیرآبادی (۱۰) شیخ صوفی شریف جھنجھانوی (۱۱) بی بی عائشہ (۱۲) حضرت شیخ
عبیداللہ امیٹھوی (۱۳) حضرت شیخ عبدالجبار امیٹھوی (۱۴) حضرت شیخ عبدالباقی امیٹھوی
(۱۵) حضرت شیخ عبدالجلیل امیٹھوی (۱۶) حضرت شیخ عبدالکلیم امیٹھوی (۱۷) حضرت
مخدوم عبدالرزاق امیٹھوی (۱۸) حضرت شیخ عبدالغنی فتحپوری (۱۹) شیخ عبدالنبی صدر الصدور
گنگوہی (۲۰) حضرت شیخ عبدالوہاب امیٹھوی (۲۱) حضرت شیخ عبدالواسع امیٹھوی۔

(۲۲) حضرت شیخ علیم اللہ امیٹھوی (۲۳) سید شاہ فخرالدین موسوی مشہدی (۲۴) بی بی گشائیں (۲۵) حضرت شیخ محمد امیٹھوی (۲۶) شیخ محمد غوث (۲۷) حضرت شیخ محمد معروف جونپوری (۲۸) حضرت بی بی مخدومہ جہان (۲۹) حضرت شیخ مسعود الدین جعفر ثانی (۳۰) حضرت میر سید نورالحق مانک پوری (۳۱) شیخ الیٰسین امیٹھوی رحمہم اللہ

## فصل سوم در ذکر امرائی دولت و نجبائی سلطنت

(۱) آغا ماں الغ (۲) ابراہیم خاں ازبک (۳) بہادر خان ازبک (۴) نواب بیرم خان خانخانان (۵) امیر تردی محمد خان (۶) جلال خان افغان (۷) حاجی جان (۸) خانجہان حسین قلی خان (۹) دولت خان کاکر (۱۰) سکندر خان ازبک (۱۱) سید حسین خان (۱۲) میرزا صادق محمد خان (۱۳) خان زمان علی قلی خان (۱۴) نواب قلیچ محمد خان (۱۵) قمر (قنبر) دیوانہ (۱۶) میرزا حکیم (۱۷) ہیمون -

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

# گذارش پیشین

اوائل ۱۳۶۹ھ میں اس رسالہ کی تکمیل ہوئی ہنوز نوبت صفائی مسودہ نہ ہو سکی تھی کہ میں سخت علیل ہو گیا، تا ایندم دو سال ہو چکے ہیں کمزوری وغیرہ اثرات بعد المرض سے نجات نہیں مل سکی، اسی حالت میں نظر ثانی کے بعد تبیض مسودہ کی طرف متوجہ ہو کر اس بار عظیم سے بحمد اللہ سبکدوشی حاصل کر لی۔

تالیف رسالہ ہٰذا کی ہمت میں نے ادعائے انشا پردازی یا تاریخ دانی کے نشہ و غرور میں نہیں کی، بلکہ یہ دیکھکر کہ گو یا مئو کے اہل علم بزرگوں اور دوستوں میں سے جو جملہ ذاتی و صفاتی صلاحیتوں کے درحقیقت حامل تھے کسی نے اس طرف توجہ نہیں فرمائی۔ میں نے یہ بار عظیم اپنے سر لے لیا، اور اپنی بے بضاعتی و ہیچمرزی کو دیکھتے ہوئے صرف اس کی کوشش کی کہ ما فی الضمیر ادا ہو جائے، مضمون نا قابل فہم نہ ہو، عبارت آرائی و دلنشینی جو ذی علم دوستوں کا حق ہے، ہو نہ ہو سہی، اسی کے ساتھ چونکہ حفظ مراتب میرا ذوق طبعی ہے، بدینوجہ کسی بڑے یا بزرگ کا نام جناب، صاحب، حضرت، رحمۃ اللہ علیہ، قدس سرہٗ وغیرہ الفاظ تعظیمی کے بغیر لکھنے کی نہ عادت نہ اس موقع پر ہمت و جرأت ہو سکی، اس لئے ملفوظی رنگ اور کہنہ طرازی پیدا ہو جانا ناگزیر ہو گیا۔ جو نوعیت رسالہ کے تو نامناسب نہیں مگر طرز و روش زمانہ کے ضرور خلاف ہے اور یہ میرا نقص قطعی و یقینی سمجھا جائے گا لیکن میں اس معاملہ میں مجبور ہوں تاہم یہ یقین دلاتا ہوں کہ میرے اس فعل سے نفس مضمون، اور اصل واقعات پر کچھ اثر نہیں پڑ سکتا وہ بعینہٖ اپنی حقیقت اصلی پر ہیں، لہٰذا طرز جدید کے شیدائیوں

کو اس سے غلوئے اعتقادی و مبالغہ آمیزی کا شبہ نہ کرنا چاہیے

نیز یہ کہ اس زمانہ میں قصبات کی تاریخ نویسی کے ذوقِ عام سے متاثر ہو کر بعض مدعیان تاریخ دانی نے اظہار تفوق گوپامؤ کے پس پردہ اپنی وجاہت اور نام نمود کیلئے غلط در غلط واقعات اور بے بنیاد روایات کی تصنیف و اشاعت سے وطن مرحوم کی تاصیہ حقیقت کو داغدار کر دیا ہے، رسالہ ہذا کے ذریعہ اس بدنمائی کو دور کرنے اور حالات اصلی پیش کرنے کی سعی بالمکن کیگئی ہے، مگر معاملہ اعتبار کا ہے، نہ میں کسی ذی وجاہت خاندان کا کوئی رکن ہوں اور نہ خود وجیہہ اس لئے اگر "انظر الی ما قال ولا تنظر الی من قال" پر عمل ہوا تو انشاء اللہ تعالٰی صحیح حالات و واقعات سے آگاہی اور غلط روایات پر اطلاع ہو جائے گی۔

آخر میں جناب مولوی حاجی نواب رئیس الاسلام صاحب رئیس اعظم گوپامؤ، شیخ محمد وارث الزماں صاحب تعلقدار گدنپور، عزیزم حاجی احمد حسین صاحب سلمہ رئیس گوپامؤ ولاہرپور ضلع سیتاپور، جناب حاجی مسعود حسن صاحب صدیقی گوپاموی بی۔ اے ایل ایل بی ایڈوکیٹ و میونسپل کمشنر لکھنؤ خلف جناب خانبہادر منشی محمود حسن صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج مرحوم و مغفور و عزیزی حکیم سید جلیل احمد صاحب گوپاموی بی، آئی ایم۔ ایس طبیب انچارج شفاخانہ یونانی اتھی اعظم پور ضلع ہردوئی کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ ان ہی اصحاب کی امداد و اعانت سے اس رسالہ کی طباعت صورت پذیر ہوئی ساتھ ہی اس کا بھی انتہائی افسوس ہو کہ اس رسالہ کی تدوین و طبع کی ایسے زمانہ میں نوبت آئی جبکہ اس سے مسرت اندوز ہونے والے بزرگ و احباب خلد مکان، و جنت نشان، اور باقیماندگان دلیس ماندہ عزیزوں میں سے اکثر و

بیشتر منتشر اور وطن سے بے لگاؤ بلکہ نا آشنا ہو چکے ایسی حالت میں میری یہ سعی اگر بے حاصل نہ سہی تو کم حاصل ضرور ہو گئی، تاہم بخیال ؎ ۔ ازاں روز ترسم کہ این ہم نباشد افسردگی کم ہو جاتی ہے۔

ناچیز محمد بہار الدین صدیقی گوپاموی۔ محلہ وہائٹ گنج
ہردوئی۔ ۱۱۔ محرم الحرام سنہ ۱۳۷۱ھ

# پیش لفظ

(از سید نجم الحسن صاحب ترمذی رئیس قصبہ باون و ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ ضلع ہردوئی اودھ)

باسمہ وسبحانہ

ملفوظات حضرت بندگی قدس سرہٗ کا یہ انتخاب میری نظر سے گزرا، جسکو "افاضات بندگی" کے نام سے موسوم کیا گیا ہے، اور جس کو ملفوظ حضرت بندگی عثمانی امیٹھوی قدس سرہ العزیز سے منتخب کر کے باضافہ ایک دیباچہ و مختصر حالات حضرت بندگی اور تشریح بزرگان گوپامئو، واولیاء کرام کے ساتھ کتابی شکل میں مرتب کر دیا گیا ہے۔

اس ترتیب نے حضرت بندگی قدس سرہٗ کے تعلقات گوپامئو کو جسے وہاں کے لوگ عرصہ ہوا فراموش کر چکے تھے تازہ کر دیا، اور ان کو اُن کے وطن کی اس عظمت رفتہ وشوکت گزشتہ سے آگاہ کر دیا جو اب خواب وخیال میں بھی نہیں آسکتی۔

رسالہ ہذا میں مختلف مقامات پر غلط روایات کی مدلل طور سے تصحیح کی گئی ہے، جس نے متلاشیان حق وصداقت کو یک گونہ دردسری سے بچا لیا۔ اسکی سخت ضرورت بھی تھی، تاریخ داں حضرات کیلئے یہ مجموعہ خالی از دلچسپی نہ ہوگا، اور عوام بھی باآسانی غلط روایات کی تردید کر سکیں گے میں سمجھتا ہوں کہ غلط بیانیوں اور بے سروپا روایتوں نے جو تاریخ گوپامئو کی پیشانی پر ایک بدنما داغ لگا رکھا تھا اس سے اسکا ازالہ ہو جائیگا۔

اس رسالہ میں چند عجیب وغریب واقعات نظر آئے جن میں سے ایک "حالات حضرت مخدوم اعزالدین سرخ لعل امیر قدس سرہٗ مع بحث نسب و مدفن و تحقیق اولاد و ذکر معاش عطیہ سلطان محمود غزنوی" کے سلسلہ میں ہے۔ ان حالات کو پڑھکر ایک تاریخی

سازش کا انکشاف ہوتا ہے - خاندان سادات مشہور بہ ڈھبہا بگرام، اولاد حضرت مخدوم میں ہونے کا دعویٰ کرتا ہے، اور ثبوت دعویٰ میں چند نقول فرامین پیش کرتا ہے، حیرت کی بات ہے کہ انھیں فرامین کی روشنی میں اُن کا دعویٰ باطل ٹھہرتا ہے۔ چنانچہ ملاحظہ ہو:-

(۱) سلطان محمود غزنوی ۴۲۱ھ میں وفات پا جاتے ہیں اور اپنی وفات کے بعد اپنے دربار کی زبان عربی سے فارسی میں تبدیل کر کے سادات مذکورہ کے جد اعلیٰ سید نصیر الدین نبیرہ مخدوم لعل میر کے نام ۳۳۲ھ میں دو فرمان دربارہ مدد معاش بہ تبدیل نام سنہ ہجری از سنہ الٰہی مخترع شہنشاہ اکبر عطا کرتے ہیں، جو کچھ کم چھ سو سال میں غزنی سے ہندوستان پہونچنے کے بجائے اتنے ہی قبل سید صاحب کو مل جاتے ہیں.... وغیرہ اس واقعہ کو بالتفصیل ان اوراق میں پڑھنے کے بعد یا تو آپ سلطان محمود کی "فیوضات بعد الموت" کے قائل ہو جایئے، یا پھر میری طرح اسکو ایک تاریخی سازش کہہ لینے پر مجبور ہو جایئے۔

(۲) مفتی انتظام اللہ صاحب کی بیان کردہ چند روایتیں بابت واقعات تاریخی قصبہ گوپامئو بھی اس کتاب کے مطالعہ کے سلسلہ میں نظر سے گزریں۔ مجھے اندیشہ ہے کہ اُن کی اس طرح کی خامہ فرسائی کہیں اُن کو ساقط الاعتبار راوی کے درجہ پر نہ پہونچا دے، اُنکی تاریخ دانی، وسعت علم، اور فہم سلیم کے چند نمونے پیش ناظرین ہیں۔

حضرت ممدوح ایک موقع پر حضرت شیخ نصیر الدین چراغ دہلی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت بندگی نظام الدین امیٹھوی قدس سرہٗ کی ہمعصری کا دعویٰ فرماتے ہیں، حالانکہ حضرت چراغ دہلی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات ۷۵۷ھ اور حضرت بندگی رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت پورے ۱۴۳ سال بعد ۹۰۰ھ عہد سکندر لودی میں ہوئی۔

ایک دوسرے موقع پر ہمارے مفتی صاحب حضرت شیخ شمس الدین اور شیخ نصیر الدین

چراغ دہلی رحمۃ اللہ علیہما کا قاضی مبارک اولیا کے ساتھ گویا مئو تشریف لانا بیان فرماتے ہیں مگر اس کا کوئی ثبوت نہیں پیش کرتے۔

تیسرے موقع پر اپنی خانقاہ مفتیان کی بنیاد حضرت چراغ دہلی کے ہاتھوں قائم ہونا بیان فرماتے ہیں۔ حالانکہ خاندان مفتیان کے مورثِ اعلیٰ کا گویا مئو آنا بقول خود مفتی صاحب ۸۰۰ھ ہے اور حضرت چراغ دہلوی کی وفات ۷۵۷ھ۔ دونوں میں ۴۳ سال کا تفاوت ہے۔

ان واقعات اور ان جیسے دیگر واقعات کو اس کتاب میں پڑھکر اور تاریخی و عقلی دلائل کی روشنی میں جانچ کر یا تو یوں کہیے کہ این ہمہ رشحات مفتی دراصل "از حافظہ باشد، دروغ نباشد" یا پھر اس کے برعکس سمجھنا پڑے گا۔

ان اہل قلم حضرات کی مضمون آرائی پر حیرت ہوتی ہے جو ذمہ داریوں سے یکسر کنارہ کش ہو کر اپنے اقوال کی تائید میں منگھڑت قصے ارقام فرما دیتے ہیں تاکہ اپنی اور اپنے وطن کی عزت غیر وطنی احباب کے سامنے بڑھائیں، شاید اس سے اُن کی ذاتی منفعت خاطر خواہ ہو جاتی ہو، مگر اہل وطن کو گمراہ کرنے یا بدست دگرے دست بدست دگرے کے مصداق بنا دینے کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

آخر میں اس سرزمین کے مقدس و بابرکت کھنڈرات کے کبھی نہ مٹنے والے اثرات کی قدر و منزلت کرنے والوں کی خدمت میں ایک دردمند دل بصد عقیدت و اخلاص سلام پیش کرتا ہے۔

اور

اے خطۂ خزاں دیدہ تیری کہن سالی سے بے اعتنائی برتنے والوں سے دیدۂ عبرت نگر ہی نہیں بلکہ چشم حقیقت بیں کا بھی مستدعی ہے۔ فقط

بے چشم دل نہ کر ہوسِ سیر لالہ زار
یعنی یہ ہر ورق، ورق انتخاب ہے

سید نجم الحسن باوٗلی عفی عنہ۔ ۲۰ فروری ۱۹۵۳ء

# دیباچہ از مؤلف

گوہر پاک تو از مدحت ما مستغنی است
فکر مشاطہ چہ با حسن خدا داد کند

عرصہ کی طلب و جستجو کے بعد جولائی سنہ ۱۹۴۴ء مطابق ماہ رجب سنہ ۱۳۶۳ھ میں کتاب **محبوب القلوب** ملقب بہ سیر نظامی، یعنی ملفوظات و مکتوبات قطب السالکین، زبدۃ العارفین حضرت بندگی نظام الدین حسین عثمانی امیٹھوی قدس سرہٗ مؤلفہ شاہ محمد علی ابن عبدالجبار نبیرہ حضرت بندگی موصوف بسعی موفور جناب برادر صاحب قبلہ معظم و محترم مولوی حاجی سید شاہ محمد ولایت احمد صاحب مجیبوی مدظلہ رئیس و صاحب سجادہ تعلقات عالیہ مجابیہ قلندریہ لاہرپور، ابن قبلہ و کعبہ دارین، حاجی حرمین شریفین، جناب سید شاہ احمد حسین صاحب چشتی قادری سجادہ نشین درگاہ، برگزیدہ انفس و آفاق حضرت سید شاہ محمد مشتاق، معروف بہ چھبیہ امیاں صاحب کھیروی رحمہما اللہ تعالیٰ، حاصل ہو کر دامن تمنا گلہائے مقصود سے پر ہوا۔

چونکہ دوران مطالعہ کتاب مذکور میں ایسے حالات عجیبہ، و واقعات غریبہ متعلقہ گوپامؤ نظر سے گزرے، جو قبل ازیں نہ کسی کتاب میں دیکھے تھے، نہ بزرگوں سے سنے، اسلئے دل چاہا کہ اہل وطن بھی اُن سے بہرہ ور ہوں۔ بدیں غرض کتاب مسطورسے اولاً جملہ عبارات متعلقہ گوپامؤ بلاکم و کاست منتخب کر کے ایک مستقل رسالہ بنام "فیضانِ بندگی" مرتب کر لیا تھا، پھر اُس کی تشریح کر لی یہ چند سطریں جو اس وقت پیش کی جارہی ہیں وہ ہی مشروح انتخاب باضافہ دیگر فوائد ہیں۔ اور ایسے مقدس و مبارک ستائیس سالہ عہد کے متعلق ہیں جس میں گوپامؤ کا عروج مثل آفتاب نصف النہار کے تھا اُن سے وطن مرحوم کی عظمت رفتہ و شوکت گزشتہ

اور بزرگان و اسلاف کی جس عزت و منزلت کا پتہ ملتا ہے وہ اب ہمارے خواب و خیال میں بھی نہیں آسکتی لہٰذا اس کو گوپامؤ کے اس عہد زریں کا اصلی اور صحیح مرقع تصور کیا جاسکتا ہے ۔

متذکرہ صدر کتاب "محبوب القلوب" میں حالات، اقوال، خوارق عادات، اور مکتوبات کے عنوانوں سے چار باب ہیں اور پھر مکتوبات کی حقائق، احکام شرائع، اور امور دینیہ میں علٰحدہ علٰحدہ تقسیم و تفصیل ہے ۔ اور ان کی تعداد حسب ذیل ہے ۔

| احوال | اقوال | خوارق عادات | مکتوبات در حقائق | مکتوبات در شرائع احکام | مکتوبات در امور دینیہ |
|---|---|---|---|---|---|
| تقریبا ٦٠ | ٥٢ | ١٢٨ | ٢٦ | ٥ | ٢٤ (جملہ ٢٧٣) |
| ازانجملہ ٦ | ٢٣ | ٣٧ | ٢٠ | ٢ | ٣٧ (جملہ ١٢٥) مخصوص و متعلق گوپامؤ |

ہیں، ظاہر ہے کہ یہ تعداد کس درجہ اہم ہے ۔

قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ مکتوبات اکثر و بیشتر ترک سکونت گوپامؤ کے بعد کے ہیں، اس وقت آپ پر جذب و استغراق غالب آچکا تھا، یہی وجہ ہے کہ انمیں تکررات و محذوفات بہت ہیں، جن کی وجہ سے انھیں پڑھکر شبہ ہوتا ہے کہ شاید کچھ عبارتیں چھوٹ گئی ہیں، اور ممکن ہے کہ کسی کو یہ خطرہ لاحق ہو کہ حضرت کو خطوط لکھنا ہی نہیں آتا، مودی ملا تو تھے ہی، وہ انشا پردازی کیا جانیں، مگر اس کا وسوسہ بھی لانا غلط ہے، کیونکہ اس کی تردید اُن مکاتیب سے ہوتی ہے جو حضرت ممدوح نے حضرت مخدوم سید وجیہہ الدین صاحب کھیروی قدس اللہ سرہ کو ارقام فرمائے تھے، باب اول رسالہ ہذا حالات حضرت بندگی قدس سرہ ضمن تذکرہ مخدوم صاحب موصوف میں آپ اُن کو پڑھیں گے، ماسوا اس کے یہ بات اہل ذوق اور اصحاب معرفت و بصیرت کے بھی سمجھنے کی ہے کہ حضرت کی کس کیفیت نے قلم کو تفصیل و تشریح سے باز رکھا

بادی النظر میں اس کی شدید ضرورت معلوم ہوتی تھی کہ انتخاب ملفوظ کے ساتھ اس کا اردو ترجمہ بھی ہوتا، مگر یہ خیال کرکے کہ فارسی دانی کا ابھی فقدان کلی نہیں ہوگیا، نیز یہ کہ اس کے اکثر و بیشتر مضامین عوام کی فہم سے بالاتر اور اس کے مطالب بجز خواص اہل علم کے دوسروں کیلئے مفید نہیں، اس کے ماسوا موجب زیادتی حجم و باعث اضافہ مصارف جرا، اسلئے خیال ترجمہ کو عملی جامہ نہیں پہنایا جاسکا۔ ساتھ ہی یہ بھی ملحوظ خاطر رہے کہ مؤلف صاحب نے ملفوظ کو ایسی غیر مانوس و دقیانوسی فارسی میں خود ساختہ محاورات کے ساتھ لکھا ہے کہ سلاست سے دور کا بھی واسطہ نہیں رہا، بلکہ سہل سے سہل لفظوں میں جو مطالب ادا ہو سکتے تھے اُنکو مغلق اور بعید از فہم کر دینے میں کوئی دقیقہ نہیں اٹھا رکھا بدیں وجہ بنظر سہولت ناظرین ترتیب مضامین رسالۂ ہذا کو علاوہ دیباچہ وغیرہ کے تین بابوں میں منقسم کرنا مناسب معلوم ہوا (۱) تعارف و مختصر تذکرہ حضرت بندگی قدس سرہٗ مع ولادت و نسب و ذکر ازواج و اولاد و سلاسل طریقت و خلفاء و احباب و وفات وغیرہ (۲) انتخاب محبوب القلوب (۳) جزوی بیان گوپامؤ، مع تشریح و توضیح اسمار بزرگان گوپامؤ و اولیائے کرام و امرائے عظام مذکورین انتخاب "محبوب القلوب" جداگانہ فصلوں میں منقسم کرکے بہ لقب تاریخی **"افاضات بندگی"** مشعر ۱۳۶۹ھ موسوم کیا اور شرح و وضاحت کیلئے حتی الوسع محبوب القلوب ہی کو ماخذ رکھا، تاہم قیاس و قرینہ سے مفر نہیں ملا، گو کہ کمتر ہی سہی، البتہ بدرجہ مجبوری بعض جگہ کتب ہائے معتبرہ ذیل سے بھی مدد لی جن کے حوالے اپنے مواقع پر ملیں گے۔

۱۔ کشف المحجوب ملفوظ حضرت مخدوم شیخ علی ہجویری ملقب بہ داتا گنج بخش رح (فارسی)

۲۔ سیر الاولیا مؤلفہ سید محمد بن مبارک کرمانی ملقب بہ سید امیر خورد رح (فارسی)

۳- اکبرنامہ ابوالفضل علامی (فارسی) ۴- آئین اکبری ابوالفضل علامی (فارسی)
۵- ملفوظ حضرت مخدوم سید وجیہ الدین کیھرویؒ مرتبہ شیخ نصر اللہ قلمی (فارسی)
۶- اخبار الاخیار شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ (فارسی) ۷- توزک جہانگیری نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ- (فارسی) ۸- منتخب اللباب خافی خان (فارسی)
۹- مآثر الامراء صمصام الدولہ شاہ نواز خاں (فارسی) ۱۰- مناقب الاولیاء مؤلفہ استاد الملک ملا شیخ احمد عرف ملا جیون امیٹھوی قلمی (فارسی) ۱۱- بسیط باسطی مؤلفہ شاہ عبدالباسط نبیرہ شیخ عبدالحلیم خلف حضرت بندگی قلمی (فارسی) ۱۲- سیر المتاخرین سید غلام حسین طباطبا (فارسی)
۱۳- بحر زخار شاہ وجیہ الدین اشرف قادری لکھنوی قلمی (فارسی) ۱۴- روضۃ الاصفیا تذکرہ علماء و مشائخ بدایون مولوی اکرام اللہ محشر صدیقی قلمی (فارسی) - ۱۵- ملفوظ حضرت مخدوم شاہ مینا میر محی الدین امیٹھوی (فارسی) - ۱۶- مراد المریدین ملفوظ قاضی محمد تقی خلف قاضی میاں جھونوی قلمی (فارسی) مؤلفہ شاہ مراد علی ۱۷- مآثر الکرام ملا غلام علی آزاد بلگرامی (فارسی)
۱۸- تذکرہ نتائج الافکار متولی قدرت اللہ خان قدرت فارسی) - ۱۹- آمد نامہ مولانا فضل امام صاحب خیرآبادی قلمی (فارسی) - ۲۰- خزینۃ الاصفیا مفتی غلام سرور لاہوری (فارسی)
۲۱- اردو ترجمہ منتخب التواریخ ملا عبدالقادر بدایونی از مولوی احتشام الدین مراد آبادی -
۲۲- مناقب حافظیہ ملفوظ حضرت حافظ سید محمد علی صاحب خیرآبادی از مولوی ہادی علیخاں -
۲۳- التنظیم بنظام التعلم و التعلیم مولانا شاہ محمد حسین صاحب فریدی الہ آبادی رح
۲۴- عین الولایت شاہ عزیز اللہ صاحب صفی پوری (۲۵) تعلیمات قلندریہ مرتبہ شاہ تقی حیدر قلندر کاکوروی - ۲۶- رسائل معارف اعظم گڈھ (مصنف علی گڑھ - ۲۷- فرامین ہمایونی، اکبری، شاہجہانی، عالمگیری وغیرہ - ۲۸- یادداشتہائے خاندانی شرفائے گوپامئو

۲۹۔ تذکرہ علمائے فرنگی محل مولانا عنایت اللہ فرنگی محلی۔ ۳۰۔ غیاث اللغات فارسی۔

ڈسٹرکٹ گزیٹیر سایو۔پی جلد ام ہردوئی مسٹر ایچ۔آر نیول آئی۔سی۔ایس

اس چھوٹے سے رسالہ کیلئے اتنے کثیر حوالہ جات اور ماخذ کے باوجود حتی الوسع نہ کوئی دقیقہ تحقیق فروگذاشت کیا، اور نہ کسی سمعی بات کو جگہ دی، اور جملہ اسمار کی تشریح میں اصل ملفوظ کے ابواب، احوال، اقوال، خوارق اور مکتوبات میں سے محل ذکر مع نمبرات تحریر کردئیے ہیں تاکہ اصل بیان کے تلاش کرنے میں سہولت رہے۔

سی کے ساتھ یہ بھی عرض کرنا ضروری ہے کہ گویا مئو کی تاریخی و واقعاتی فضا کو اس زمانہ قرب قیامت کے مؤرخ بے بدل مفتی جی انتظام اللہ اکبرآبادی نے بادعائے تشہیر و نام آوری انتہائی غلط اور بے بنیاد باتیں شائع کرکے مکدر و غبار آلود کردیا ہے۔ جسکی تردید اپنے اپنے محل و مواقع پر کم و بیش ضروری خیال کیگئی، بحیثیت متوطن گوپامؤ ہونے کے میری غرض بھی اپنے وطن کو حقیقی خد و خال کے ساتھ ممتاز قصبات کی صف میں قائم رکھنا ہے۔ مگر اس اصول کے ساتھ کہ واقفیت مقدم رہے اور تشہیر اس کے تابع محض شہرت کے پس پردہ نہ اپنی نام آوری مقصود ہے نہ اپنے آبا و اجداد کو غیر واقعی مرتبہ افزائی کے ساتھ بلند نامی کی کرسی دلانا اور اس ضرورت کیلئے کوئی قصہ یا واقعہ تصنیف کرنا چنانچہ اسی اصول کے پیش نظر اپنے بزرگوں کے حالات میں صرف قدر ضرورت پر اکتفا کیا گیا۔

ما بجامے کہ ز جم ماند قناعت کردیم
انچہ ماندہ است ز دارا بسکندر دادیم

جہانتک انتخاب محبوب القلوب کی توضیحات کا تعلق ہے یہ کام زیادہ اہم نہ تھا بشرطیکہ

وسائل معلومات مہیا ہوتے، مگر سب سے زیادہ زحمت و دشواری تحقیق اسماء بزرگان گوپامئو میں پیش آئی کیونکہ یہاں کے مصنّفین و مؤلفین نے بجز اپنے اپنے خاندانی شجرے و نسب نامے لکھنے کے دوسرے اعیان و اشراف قصبہ کے تذکرات و تراجم نویسی کی طرف توجہ نہیں فرمائی اور غیر خاندانوں کے اہلِ کمال سے اس درجہ بے اعتنائی فرمائی کہ اُن کا تذکرہ لکھنا تو درکنار اُن کے نام بھی صفحہ قرطاس پر لانا گناہِ عظیم خیال کیا، اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اہالیان قصبہ میں علماء، فضلاء، مشائخ اور امراء کی کثرت دیکھنا ہوتے ہوئے بیرونی تذکروں میں بجز چار پانچ مشہور بزرگوں کے گوپامئو کے کوئی اور بزرگ نظر ہی نہیں آتے اور ان معدودے چند دبرائے نام اکابر کے ذکر میں بھی اہل گوپامئو کے زور بازو اور جنبش قلم کا دخل نہیں ہے بلکہ ان حضرات کی ذاتی وجاہت، شہرت کمال، آوازۂ درس و تدریس، تفوق علمی اور تصنیفات کی برتری کے باعث، تذکرہ نویسوں نے بلا جستجو و کاوش حالات خود درج کر لئے، ورنہ آج اُن کے بھی نام کہیں نظر نہ آتے۔ یہی وجہ ہے کہ ان حضرات کا تذکرہ دو دو چار چار سطروں سے زیادہ کہیں نہیں ملتا اور اب ایسا کوئی سرمایہ بھی نہیں رہا جس سے اس پر مزید اضافہ ہو سکے۔ ایسی حالت میں گزشتہ چار سو سال قبل کے بزرگوں کے نام اور اُن کے اوصاف و کمالات معلوم کر لینا لوہے کے چنے ثابت ہوئے۔

اِس کے علاوہ ایک مشکل یہ بھی پیش آئی کہ یہاں کے متعدد خاندان مثلاً سادات چشتیان، جعفریان، قریشیان، عثمانیان اور بھیریوالان وغیرہ ایسے ختم ہوئے کہ ان کا کوئی نام لیوا بھی باقی نہیں رہا، اور موجودہ حضرات میں سے بعضوں نے اپنے خاندانی کاغذات دکھانے اور حالات بتانے سے بھی گریز کیا، بایں ہمہ مجھکو جتنے شجرے، نسب نامے، فرامین شاہی اور دیگر قدیم کاغذات دستیاب ہو سکے اور اُن سے جو کچھ معلوم ہو سکا ہے وہ درج کیا ہے

اور جن کا کچھ پتہ نہیں چل سکا اُن کو صاف ظاہر کر دیا اس پر بھی اگر کچھ خامی، یا غلطی باقی رہ گئی ہو تو وہ بمقتضائے بشریت ہوگی، امید ہے کہ بشرط مشیت الٰہی کسی دوسرے موقع پر بمصداق ع نقاش نقش ثانی بہتر کشد ز اول - اسکی تلافی ہو جائے گی - لیکن اگر کسی صاحب کو میری تحقیق سے کلیتہً اختلاف ہی ہو تو میرے لئے یہ امر بھی باعث مسرت ہوگا کہ وہ اس کی مدلل تردید یا تصحیح جس نام سے بھی چاہیں شائع فرما دیں کہ یہ بھی خدمت وطن ہوگی اور مجھے بھی اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں پر آگاہی ہو جائے گی -

آخر میں اس قدر اور عرض ہے کہ یہ رسالہ تاریخ گوپامئو (روضتہ المآثر) کا پیش خیمہ ہے جس کے لئے میری عمر کا بیشتر حصہ دردسری اور خاک بسری میں گزر گیا، اب انشاء اللہ العزیز وہ وقت دور نہیں ہے جبکہ اس چمن پر بہار کی سیر جانفزا اور ہوائے فرحت افزا، سے دل و دماغ کو قوت، اور چشم مشتاق کو روشنی حاصل ہو، بشرطیکہ اس رسالہ کی طرف دست طلب بڑھا کر قدر افزائی کی گئی، کیونکہ اسی سرمایہ پر اوس کی اشاعت کا انحصار ہے - وما علینا الا البلاغ

---

مُسکرانے کیلئے بیچین ہے صبح وطن ۔۔۔ اور چندے ظلمت شام غریباں ہی تو کیا

# بابِ اوّل

## مختصر تذکرہ و تعارف حضرت بندگی قدس اللہ سرہٗ

کیمیائیست عجب بندگیِ پیرِ مغاں
خاک او گشتم و چندیں درجاتم دادند

# بابِ اوّل

## مختصر تذکرہ و تعارف حضرت بندگی قدس سرہ العزیز

از باد ہمہ پیام او می شنوم ؎ وز بلبل مست نام او می شنوم
ایں نقش عجب کہ دیدہ ام بر در دل ؎ آوازہ آں زبام او می شنوم

اہالیان وطن کی زبانوں پر لفظ بندگی میاں اُن کے محلہ کی بدولت تو کبھی کبھی آجاتا ہے لیکن ان کی عظمت و مرتبت، اوصاف و کمالات سے عام طور پر لاعلمی اور بے خبری ہے اور شرفاء کی مستورات میں بسلسلہ رسوم مروجہ آپ کی نسبت بہت سی غلط روایات مشہور ہیں، بعض گھروں میں تو جذبات نفرت تک پائے جاتے ہیں، حتیٰ کہ ایک نسّاب بے بدل اور مؤرخ خاندانی نے اپنے بزرگوں سے رشتۂ مصاہرت کے باوجود آپ کا نام نامی مع اہلیہ کے جو اپنے ہی خاندان کی صاحبزادی تھیں اپنے پولیٹیکل شجرے سے خارج کر دیا، اور دوسرے زمانہ قربِ قیامت کے مؤرخ نے آپ کے متعلق غلط واقعات منسوب کر کے اپنی ہمہ دانی اور تفاخر نسبی کا ثواب عظیم حاصل کرنے میں کچھ کسر نہیں اٹھا رکھی۔

**(۱) اسم و نسب گرامی** (حضرت بندگی)[1] نظام الدین یٰسین عثمانی امیٹھوی - بن شیخ یٰسین بن شیخ فخر الدین عرف مخدوم بن شیخ ابو الفضل بن شیخ تاج الدین بن شیخ اسمٰعیل المعروف بہ نجم الدین بن شیخ معروف قاضی قصبہ امیٹھی معاصر سلطان محمد تغلق بن شیخ شمس الدین متوطن قصبہ سترکھ (توابع ضلع بارہ بنکی)، بن شیخ

[1] در مراتب و منازل اسم مقامے بندگی است واں برتر و فوق از جمیع مقامات ۱۲ محبوب القلوب

صلاح الدین بن خواجہ اسمٰعیل بن سری السقطی الجاجیزی بن المقبلی وہو من اولاد جناب امیر المومنین سیدنا عثمان بن عفان ذی النورین رضی اللہ عنہم [1]

## (۲) ولادت و تعلیم و تربیت

بتاریخ غرہ ماہ محرم الحرام آخیر و اتمام سنہ نہصد عہد سلطنت سلطان سکندر لودی [2] قصبہ امیٹھی قدیم میں پیدا ہوئے حضرت مخدوم بہار الحق شیخ خاصہ صائی امیٹھوی نبیرۂ حضرت عبداللہ علمبردار کی سرحلقہ خانوادہ قلندریہ قدس اللہ اسرارہما کی آغوش شفقت و سایہ تربیت میں پرورش پائی چار سال کی عمر میں حضرت مخدوم ہی نے نشرح پڑھائی اور تقریباً چودہ سال کی عمر تک اپنے زیر تعلیم رکھا ۹۱۴ھ میں تکمیل علوم و فنون کیلئے جونپور گئے اور ۹۱۷ھ میں حضرت شیخ المشائخ استاذ العلماء شیخ معروف جونپوری و شیخ نظام الدین ادھیر رحمہما اللہ تعالیٰ کے حلقہ درس سے فراغ حاصل کرکے کسب فضائل باطنی کیلئے اس درجہ ریاضتیں اور مجاہدے اختیار کئے کہ بہت قلیل عرصہ میں عارف کامل و شیخ واصل ہوکر مرتبۂ قطبیت پر فائز ہوگئے شروع ہی سے زہد اور اتقاء و ترک اسباب ظاہری کا یہ حال تھا کہ جامہ ہائے ملبوس پشمینہ کے علاوہ آپ کے پاس صرف ایک ہی کملی تھی اسی کو اوڑھتے بچھاتے اور اسی کو بوقت ضرورت بجائے تہمد استعمال فرماتے۔

دوران قیام جونپور میں آپ کو حضرت راجے سید نور الحق عرف راجے سید نور مانک پوری کی

---

[1] و [2] قسم اول در احوال محبوب القلوب [3] در جمیع علوم و فنون ماہر و از علمائے عصر خویش مستثنیٰ و در ہیچ جزویات عاری و قاصر نبود بلکہ از ہمہ قادر دست و سوای مردم مستعد و اسامی طلبہ جید و با فطرت کہ متعین بودند بکس دیگر سبق نداده ۔ قسم اول در احوال محبوب القلوب [3] حضرت راجے سید نور از سادات نور علی نور و اولیائے عظام است ۔ فرزند دلبند راجے حامد شاہ است مثل پدر خود بزرگ و صاحب کرامت بود در لباس اغنیا پاس خود را مستور داشتے ۔ خزینۃ الاصفیا جلد اول مولفہ مفتی غلام سرور لاہوری ص ۴۰۹ مطبعہ نولکشور پریس ۱۲

زیارت کا شوق دامنگیر ہوا دو تنگے انتہائی کوشش سے فراہم کرکے روانہ مانک پور ہوئے اور وہاں پہونچکر بوقت باریابی دونوں تنگے اپنے گوشۂ دامن یا دستار سے کھول کر نذر گذرانی۔ حضرت راجے صاحب نے قبول فرمانے کے بعد پھر اپنی جانب سے عطا کرتے ہوئے بیعت سے سرفراز فرمایا۔ اور فرمایا۔

"این نعمت و دولت جاوید مع اولاد شما الی یوم القیامۃ" ساتھ ہی اپنی کلاہ قطبیہ سر سے اُتار کر حضرت بندگی کو پہناتے ہوئے ارشاد کیا "این کلاہ است در شریعت و طریقت" اور رخصت فرمایا۔

اس واقعہ کے کچھ ہی عرصہ کے بعد حضرت شیخ معروف جونپوری قدس اللہ سرہٗ نے اپنے تمام سلاسل طریقت میں آپ کو خلافت عطا کرکے ارشاد و ہدایت کا مجاز بنا دیا اور اپنی ملبوس چادر سر و شانوں پر اوڑھا کر فرمایا۔

"جمیع امور بدست شما است، ہر چہ بجا حر رسد در خانقاہ نشستن وجا ہارتن مساویست" نیز مفتی آدم صاحب دانشمند گوپاموی کو آپ کی معیت اختیار کرنیکا مشورہ دیا۔ (محبوب القلوب و بیان احوال)

## ۲۔ سلاسل طریقت

جن سلاسل طریقت میں آپ مجاز بیعت ہدایت و ارشاد ہوئے وہ قادریہ، طیفوریہ اور چشتیہ معنیہ ہیں مگر عام طور پر سلسلہ چشتیہ میں اور گاہے قادریہ میں بیعت لیا کرتے تھے آپ کا سلسلہ چشتیہ ۲۰ واسطوں سے حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی سید نظام الدین اولیا تک اور طیفوریہ ۱۵ اور قادریہ ۲۵ واسطوں سے سیدنا امیر المومنین علی بن ابی طالب کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ تک منتہی ہوتا ہے۔ حضرت شیخ معروف طیفوریہ و قادریہ میں حضرت شیخ عبد العزیز جونپوری ؒ سے مجاز تھے۔ اس جگہ بنظر اختصار صرف سلسلہ چشتیہ کے ذکر پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

(محبوب بیان / محبوب بخش / رسالہ)

یہ حضرت بندگی نظام الدین یٰسین امیٹھوی۔ حضرت شیخ معروف جونپوری۔ مولانا الہداد شارح کافیہ و اصول بزدوی۔ راجے حامد شاہ مانکپوری۔ شیخ حسام الدین مانکپوری۔ شیخ نور الحق والدین بن علاء الحق۔ شیخ علاء الحق والدین بن شیخ سعد لاہوری۔ شیخ سراج الدین عثمانی الشہیر باخی سراج حضرت سلطان المشائخ محبوب الٰہی رضی اللہ عنہم "۔

ملا عبدالقادر بدایونی لکھتے ہیں:۔

"شیخ نظام الدین انبیٹھی توابع لکھنؤ والے سلسلۂ شیخ نور قطب عالم میں شیخ معروف چشتی کے مرید و شاگرد تھے سلوک و جذبہ دونوں اُن میں جمع تھا۔ ابتدا میں علوم ظاہر کا کچھ شغل رکھتے تھے مگر صفائی باطن کی طرف توجہ زیادہ تھی۔ منصب تعلیم و تربیت مریدان حاصل ہونے کے بعد قصبہ انبیٹھی میں قناعت گزیں ہو گئے تھے بجز مسجد کے کہیں نہ جاتے۔ البتہ کبھی کبھی خیر آباد مزار مخدوم شیخ سعد اور شیخ الہدیہ خیر آبادی خلیفہ شیخ صوفی (صفی) کی ملاقات کو گوپامئو میں قاضی مبارک گوپاموی کی ملاقات کو جو شیخ مذکور کے خاص مرید اور بڑے متقی صاحب کمال تھے تشریف لے جایا کرتے۔ اور کبھی کبھی شیخ عبد الغنی فتحپوری سے ملنے چلے جاتے جب شیخ الہدیہ کی خانقاہ میں تشریف لے جاتے تو ایک روپیہ یا ایک تنکہ یا اور کوئی تحفہ پیش کیا کرتے۔ عبادت اور معاملات میں آپ کا دار و مدار کتاب احیاء العلوم و عوارف المعارف، رسالہ مکیہ اور آداب المریدین وغیرہ پر تھا ہمیشہ جمعہ کی نماز سے پہلے ظہر کی نماز جماعت سے پڑھا کرتے پھر جمعہ پڑھتے۔ خطبہ میں بادشاہوں کی تعریف ہرگز نہ ہوتی "[لہ]

لہ ترجمہ اردو منتخب التواریخ ملا عبدالقادر بدایونی جلد سوم صفحہ ۲۰ مطبوعہ نولکشور ۱۲

**۴۔ قیام امیٹھی و نکاح اوّل** کسب کمالات علمی و تزکیۂ باطنی کے بعد آپ امیٹھی تشریف لائے، حضرت مخدوم بہاء الحق شیخ خاصہ صاحب نے اپنی صاحبزادی عارفہ کاملہ بی بی مخدومہ جہان کے ساتھ بتاریخ ۱۰ ماہ ذی الحجہ ۹۱۷ھ نکاح پڑھا۔ اسکے بعد حضرت بندگی کئی سال تک امیٹھی میں مشغول درس و تدریس و ارشاد و ہدایت رہے[1]۔ پھر آپ نے سفر اختیار فرمایا۔ اس نکاح کے علاوہ باوقات مختلف آپ نے مزید تین نکاح کئے۔ چنانچہ دوسری بیوی کو طلاق دیدی تھی ان کا کچھ پتہ و نشان نہ معلوم ہو سکا کہ یہ کون تھیں، تیسرا نکاح گوپامئو میں دختر حضرت مفتی شیخ آدم دانشمند سے ہوا۔ اور چوتھا بی بی خدیجہ بدن دختر حضرت مخدوم عبد الرزاق امیٹھوی رحمہم اللہ تعالیٰ سے۔ ان سب کے تفصیلی حالات صفحات آئندہ میں مرقوم ہوں گے۔

**۵۔ سفر، تشریف آوری گوپامئو، توطن و عقد ثالث** آپ کے سفر کیلئے اگرچہ تعین زمانہ بلحاظ سنین دشوار ہے تاہم جہاں تک قرائن رہبری کرتے ہیں کہا جا سکتا ہے کہ آپ سنہ ۹۲۲ھ وفات حضرت مخدوم شیخ سعد خیر آبادی قدس اللہ سرہٗ کے بعد بزمانہ سجادگی سراج الاسلام شیخ محمود برادر زادہ خلیفہ حضرت مخدوم صاحب موصوف خیر آباد تشریف لے گئے اور خانقاہ میں قیام کر کے تقریباً دس گیارہ سال مصروف درس و تدریس رہے خیر آباد ہی سے آپ قبل سنہ ۹۳۳ھ حضرت مخدوم شیخ صفی صاحب کی ملاقات کیلئے صفی پور جا کر لطف اندوز صحبت ہوئے کیونکہ اسی کے بعد ۱۸ محرم سنہ ۹۳۳ھ میں حضرت شیخ موصوف کی وفات ہو گئی۔ صفی پور سے آپ پھر خیر آباد تشریف لائے اور یہاں سے سنہ ۹۳۶ھ میں بغرض ملاقات حضرت مخدوم سید وجیہ الدین صاحب

---

[1] محبوب القلوب بیان الاحوال ۱۲

خلیفہ حضرت مخدوم شیخ محمد ملقب بہ مصباح العاشقین صاحب ملانوی قدس اللہ سرہما، قصبہ کھیری (ضلع لکھیم پور اودھ) تشریف لیگئے، اور وہاں سے خیرآباد واپس تشریف لائے بعدہٗ اواخر ۹۳۷ھ عہد نصیر الدین محمد ہمایوں بادشاہ میں گوپامئو کو شرف قدوم بخشا اور مستقل سکونت اختیار[1] فرمائی جسکے بعد محلہ جات گوپامئو میں ایک محلہ بندگی میاں کا اور اضافہ ہو گیا مگر اول بندوبست انگریزی میں نسل معتقدین حضرت بندگی نے اس محلے کے نام کو واجب العرض میں جگہ نہیں دی، اس اور ایسے کسی واقعہ پر حیرت و استعجاب نہ کیجیے اسی طرز عمل نے گوپامئو کو روز بد دکھایا۔

۹۴۷ھ ۱۵۴۰ء میں شیر شاہ سور نے تمام اقلیم ہند کو زیر وزبر کر کے اپنا تسلط کر لیا۔ گور بنگال سے دریائے سندھ تک اسکے زیرنگین ہو گیا۔ اور ہمایوں بادشاہ کو بھاگ کر ایران میں پناہ لینا پڑی اس وقت غالباً بطلب شاہی آپ شیر شاہ کے یہاں تشریف لیگئے، اس نے چار سو بیگہ زمین موضع کونڈا سکی" ، واقع پرگنہ گوپامئو سرکار قنوج بطور تنخواہ حضرت کے نذر کی اس وقت سے آپ کے اہل وعیال بھی ساتھ رہنے لگے[2]۔ عرصہ کے بعد آپ نے تیسرا عقد، دختر صاحبہ حضرت مفتی شیخ آدم صاحب دانشمند گوپاموی سے کیا جس کا تفصیلی تذکرہ آئندہ سطور میں مرقوم ہوگا۔ مگر شجرہ ونسب نامہ مفتیان میں نہ اس عقد کا ذکر ہے اور نہ دانشمند صاحب کی کسی صاحبزادی کا۔

لیکن مفتی جی انتظام اللہ اکبرآبادی صاحب نے آپ کی تشریف آوری باضافہ چلہ کشی ۱۵۶۲ء میں تحریر کی ہے[3] جو سرتاسر غلط ہے حضرت بندگی میاں صاحبؒ اس سے تقریباً

---

[1] ہذا ما حررہ سیدی ووالدی مولانا الحاج سید محمد ولایت احمد مجتبیٰ فی مکتوبہ الشریف ۱۲ [2] محبوب القلوب فی بیان الاحوال وغیرہ ۱۲ [3] مضمون علمای گوپامئو۔ رسالہ معنف علیگڈھ بابت ماہ اگست ۱۹۲۶ء نمبر ۱۹-۱۲

پانچ سال قبل ۹۵۵ھ میں، ۲ سال سکونت گوپامئو رکھنے کے بعد مراجعت فرمائے قصبۂ امیٹھی ہو چکے تھے، جیسا کہ سطور آئندہ میں مرقوم ہوگا۔ مفتی جی کو صحیح واقعات کا تو علم نہیں ہے جو کچھ چاہا بے سر دیا لکھ ڈالا۔ حلیہ کشتی کا واقعہ بھی بے اصل اور غیر ذمہ دارانہ ہے۔

## (۶) اہالیان گوپامئو سے رشتہ قرابت (احوال)

دوران قیام گوپامئو میں اولاً آپ خود دختر صاحبہ مفتی شیخ آدم صاحب دانشمند کو اپنے حبالہ نکاح میں لائے جسکی بنا پر دانشمند صاحب آپ کے خسر اور حضرت مفتی شیخ عیسیٰ بن دانشمند صاحب آپ کے سالے اور جدی قاضی عبدالرحمٰن صاحب ٹھہرے آپ کے ہم زلف ہو گئے کیونکہ دانشمند صاحب کی ایک صاحبزادی قاضی صاحب کو منسوب تھیں انھیں کی نسل میں راقم سطور ہے بعد اس قرابت کے آپ نے اپنے دوسرے صاحبزادے شیخ عبدالوہاب صاحب کا عقد دختر حضرت ملا شیخ الہداد دانشمند بن شیخ سعداللہ صاحب عثمانی از احفاد قاضی حمیدالدین ہدایہ دان سے کیا اُن کے بطن سے شیخ عبدالجبار و شیخ عبدالباقی حیات حضرت بندگی میں پیدا ہوئے ان سب کا تذکرہ باب سوم کی فصل ۲ میں مرقوم ہوگا۔

## ۷- ترک سکونت گوپامئو مراجعت بقصبہ امیٹھی (احوال و نکتۃ الخوارق ۱۰۳)

حضرت بندگی قدس سرہٗ کی مراجعت وطن قدیم کے متعلق دو روایتیں ہیں ایک بسبب حادثہ وفات حضرت بیوی صاحبہ دختر حضرت دانشمند صاحبؒ دوسری قمر دیوانہ کی تاخت تاراجی گوپامئو جس میں بجز حضرت بندگی میاں و قاضی محمد مبارک صاحب رحمہما اللہ تعالےٰ کے دولت خانوں کے کوئی بھی گھر تخریب و تصرف سے نہ بچ سکا تھا۔ اس آفت ناگہانی اور بلائے آسمانی سے جملہ اہالیان گوپامئو کی تباہی و بربادی کا حضرت بندگی کو سخت ملال ہوا آپ نے اس کو بد دعا بھی دی جس کے بعد ہی

وہ اگرچہ مقتول ہوا مگر اہل گوپامؤ کو نقصان نوشتۂ تقدیر پہونچ ہی چکا تھا، ان ہر دو اسباب
میں سے جو بھی قرار دے لیا جائے مگر بخیال راقم چونکہ ہنگامہ قمر دیوانہ عہد ہمایونی کا ہے، اور
اس کے بعد عرصہ تک حضرت والا گوپامؤ میں فروکش رہے اور وہ تکوینی بھی ہے جس سے
بزرگان دین کبھی متاثر نہیں ہوا کرتے، سبب اصلی ترک سکونت نہیں ہو سکتا، البتہ سبب
مرجح وقوی سانحہ ارتحال بیوی صاحبہ ہے کیونکہ اسی کے بعد و متصل آپ نے مراجعت
فرمائی۔ اس نکاح سے پہلی بیوی صاحبہ حضرت بی بی مخدومہ جہاںؒ کو صدمۂ عظیم تھا اور
اس کے بعد گوپامؤ سے کوئی ظاہری وابستگی باقی نہیں رہ گئی تھی بدیں وجہ ترک سکونت
ہی جناب موصوفہ کی دلجوئی کیلئے مناسب و موزوں ہو سکتی تھی، لوگوں کو اس طرف التفات
نہیں ہوا اور سبب بعید خلاف شان مشائخ کو لیکر اپنی طبیعتوں پر قیاس کر لیا۔ بہرحال
۹۳۷ھ لغایۃ ۹۶۲ھ کے دوران موطنت میں اہالیان گوپامؤ جن فیوض و برکات سے
مالامال ہوتے رہتے تھے اُن سے یکسر محرومی ہو گئی، وجہ ظاہری کچھ ہی ہو سانحہ وفات
دختر حضرت دانشمند صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق استاد الملک حضرت شیخ احمد عرف
ملاجیون صاحب امیٹھوی رحمہ اللہ تعالےٰ ارقام فرماتے ہیں۔

"نقل است کہ چون بعد وفات حضرت مخدوم خاصہ خدا قدس سرہ حضرت
بندگی میاں در گوپامؤ نکاحے دیگر کردند این خبر بحضرت بی بی مخدومہ جہان
رسیدہ، حضرت بی بی از شنیدن این سخن بکمال تنگ برخاستند در قبر پدر
بزرگوار خود بر دو دست خود زدہ، ہمہ ران از قبر آواز کشادہ کہ چہ میگوئی اے
فرزندم دور گنبد چہ آمدی، ایشان گفتند کہ شخصے را کہ ما را تو با و شخص حوالہ کردی
او از من بیوفائی کرد یعنی نکاح دیگر کرد، از قبر جواب برآمد۔ با خاطر جمعدار کہ

اورا از تو نسبت است، آخر الامر آں منکوحہ حضرت بندگی میاں را در زمان اندک ہمدران قصبہ پسرے متولد شد، ایں خبر بحضرت بی بی رسید ازاں مرتبہ دل تنگ تر شدہ و باز بر قبر پدر بزرگوار خود آمدہ ہر دو دست زوند باز از قبرے آواز برآمد کہ اے فرزند بار بار چہ آزار میدہی خاطر جمعدار کہ اولاد از تو است، ہنوز چند روز آں ماجرا گذشتہ بود کہ آں زن را مع بچہ آزارے صعب لا دوا شد، چنانکہ وقت جانکندنی نزدیک آمد حضرت بندگی و حضرت شیخ عبدالرزاق ہم درآنجا حاضر بودند، حضرت بندگی خود گاہے بخانہ رفتند، گاہے بیرون رفتند، و میاں عبدالرزاق رامی گفتند کہ شما ہم بجانب حضرت مخدوم خاصہ خدا توجہ کنید کہ اگر ایں زن مع فرزند خود خواہد زید اورا خدمتگار حضرت بی بی گرداند، آخر آں زن و فرزند ہمدران روز وفات یافت اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن

(قطعہ) رضامندیِ مرد روشن ضمیر ؎ خدا بخش گردد بہ نفعِ کثیر
بامرے کہ ناراض شد از کسے ؎ بپایے ضرر برار شد بسے[1] ؎"

کہا جاتا ہے کہ وفات کے بعد اہلیہ صاحبہ کو دولت خانے سے ملحق حجرہ (عبادت خانہ) گنبد مشہور بہ چلہ میں دفن کیا گیا، اور صاحبزادہ کو بیرون گنبد صحن زیر دیوار میں۔ مگر یہ زبانی روایت ہے کسی کتاب سے اس کی تصدیق نہیں ہو سکی۔

## (۸) اخلاق، عادات، زہد و اتقا، (احوال)

آپ بدرجہ غایت متبع سنت نبوی تھے۔ شریعت مقدسہ علی صاحبہا التحیۃ والسلام کا احترام اور بزرگان دین کا اکرام سویدائے قلب میں جاگزیں تھا نظر مجتہدانہ، آرار و معلومات محققانہ تھے، ہمیشہ اپنی تحقیق پر عمل فرماتے۔ پنجوقتہ نمازیں اول وقت ادا کرتے اور باوجود

---

[1] مناقب الاولیاء مولفہ ملا جیون صاحب امیٹھوی قلمی ۱۲

حنفی ہونے کے فاتحہ خلف الامام اور احتیاط الظہر کے سختی کے ساتھ پابند تھے خطبات جمعہ و عیدین میں بادشاہوں کی تعریف ہرگز نہ کرتے عوارف المعارف، آداب المریدین حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی اور احیاء العلوم حضرت امام محمد غزالی قدس اللہ سرہما پر عمل درآمد تھا، متواضع خلیق غربا پرور، سخی اور فیاض تھے، اپنی جائداد کی بیشتر آمدنی لوگوں میں تقسیم فرمادیا کرتے شریعت مقدسہ کے ساتھ استہزاء اور بیجا سوالات کی برداشت نہ تھی، کشف باطنی قطعی اور لسان قضا جریان ایک کرشمۂ موہبت تھی، حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی تحریر فرماتے ہیں :- [۱]

"شیخ نظام الدین انبہٹی مرید شیخ معروف جونپوری است کہ مرید مولانا الہداد شارح کافیہ وہدایہ ست، وے سالک مجذوب است حالی عجیب داشت، وسکر وتلوین برحال او غالب بود در آوان سلوک ریاضت شاقہ کشیدہ بود، اشراق باطن و کشف خواطر درغایت ظہور داشت، ہرکہ در ملازمت شریفش رسیدہ است البتہ چیزے ازیں باب مشاہدہ نمودہ وے از سماع پرہیز کردے، و مریدان را نیز ازاں واز تعلق بمظاہر صوری منع فرمودے وگفتے "باز را اگر چشم نہ بندند در ریاضت نفرمانید کنجشکان جنگلی گیرد، و اگر ریاضت فرمانید کلنگ سد اشکار کند" و در باب سماع فرمودے "چرا در اختلاف باید افتاد، اگر تقلید کنند باید کہ تقلید اوائل دکلاں تران کنند"، و باوجود آں گاہے کہ حالش در گرفتے "آتش درنہاد او افتادے، و گاہے کہ اجتناب کردے، خون نشستے و زحمت کشیدے" و اکثر سخنان او از ادب طریقت و فضائل اعمال بودے، مگر با صاحب سرخود

---

[۱] اخبار الاخیار حضرت شیخ عبدالحق صاحب محدث دہلوی ۱۲

از توحید حقائق نیز گفتے نقل است کہ وے متصل صبح صادق برآمدے و نماز کردے، روزے بطریق معہود درون مسجد مصلا گسترده بودند از درون خلوت برآمد ہم بیرون ایستاد و گفت کہ ہیں جانماز بکنم شاید کہ در آنجا از موذیات چیزے باشد، آخر چون نگاہ کردند ہمچنان بود مارے در گوشہ مصلا پیچیده در آمده بود الخ"

## (۹) آبادی پورہ بندگی (امیٹھی بندگی میاں) (احوال و حقیقۃ الانتقال ۹۴)

مراجعت وطن زمانے

کے بعد حضرت بندگی قدس سرہٗ نے سکونت مکان آبائی واقع امیٹھی ڈیہ ترک کرکے اپنا پورہ جداگانہ بسایا[1]

نقل[2] ہے کہ آپ سے بیشتر کسی وقت حضرت مخدوم سید اشرف جہانگیر سمنانی قدس اللہ سرہٗ متوفی ۸۰۸ھ کا امیٹھی میں گزر ہوا تھا حضرت موصوف نے وہاں کی جامع مسجد میں مسافرانہ قیام فرمایا خلقت بیشمار آپ کی جانب رجوع ہوئی، امیٹھی کے بعض نا اہل باشندوں کو یہ دیکھکر حسد پیدا ہوا اور آپ پر معترض ہونے کے ساتھ بے تمیزیوں پر اتر آئے یہاں تک کہ بعض ناعاقبت اندیشوں نے مخدوم صاحب کے ایک خادم کو سر بازار اس طرح زد و کوب کیا کہ اس کا سر پھٹ گیا، خادم مذکور اسی طرح خون آلود حضرت کی خدمت میں آکر فریادی ہوا، حضرت نے فرمایا "از ویرانہ رد ان شوید و آتش دہید" بمجرد فرمانے اس کلمہ کے تمام قصبہ میں آگ لگ گئی۔ ع۔ باد رد کشاں ہر کہ در افتاد بر افتاد۔ اب باشندے بعجز و زاری تمام حاضر خدمت مخدوم صاحب ہو کر اپنی کرتوتوں پر نادم، گستاخیوں سے تائب

---

[1] محبوب القلوب ۱۲۔ [2] محبوب القلوب احوال ۱۱

معذرت خواہ اور طالب عفو تقصیر ہوئے۔ حضرت نے خطا بخشی کے ساتھ فرمایا "بر دیدگاہ ویران گاہ آباد" اس وقت سے اس جگہ کی یہی حالت ہو کر رہ گئی ہے کہ کبھی آباد نظر آتا ہے اور کبھی ویران۔ اسی بناء پر حضرت بندگی قدس سرہٗ نے اپنا قریہ علیحدہ آباد کرلیا کہ عذاب بد دعا سے تحفظ رہے۔ اور فرمایا کہ یہ قریہ مثل قریہ حضرت شعیب علیہ السلام کے ہے "من دخلہ کان امنا" چنانچہ لوگ جوق در جوق آکر بسنے لگے اور بہت تھوڑی قلیل عرصہ میں یہ قریہ ترقی کر کے قصبہ امیٹھی بندگی میاں مشہور و معروف ہو گیا اور قدیم بستی امیٹھی ڈوگر ویرانہ بن گئی۔

## ۱۰- بادشاہ جلال الدین محمد اکبر کی حاضری خدمت اور دعائے فتح و نصرت و اولاد نرینہ کی استدعا

۹۷۲ھ میں خان زمان علی قلی خاں، بہادر خان سکندر خان، ابراہیم خان ازبک وغیرہ جو بادشاہ اکبر کے چچازاد بھائی میرزا حکیم کے طرفدار اور اسکو ہندوستان کا بادشاہ بنانے کے خواہشمند تھے حصول شرف ملازمت حضرت بندگیؒ کیلئے امیٹھی آئے اور حکیم مرزا کے بادشاہِ ہند ہو جانے کیلئے دعا کی استدعا کی مگر قبول نہیں ہوئی اور یہ سب بے نیل و مرام واپس گئے چند روز کے بعد خود اکبر بادشاہ زیارت شیخ کیلئے امیٹھی بندگی میاں آیا حضرت شیخ نے پیشوائی کی اور بہت اخلاق سے پیش آئے شربت و طعام سے تواضع کی اور تبرک عطا کیا بادشاہ نے آرزوئے تولد فرزند نرینہ کی چنانچہ تین بیڑے پان کے عطا کئے اور ہدایت کی کہ حرم محل کے پاس جائیں ایک بیڑا پان کھلا دیں انشاء اللہ فرزند نرینہ پیدا ہوگا[1] اور شمشیر بادشاہ کی کمر سے اپنے ہاتھ سے باندھکر دعائے نیک کے ساتھ رخصت کیا

---

[1] مکتوب محبوب القلوب نکتۃ الخوارق ۱۲ دوست منشی محمد امیر حسن صاحب صدیقی کاکوری ڈپٹی کلکٹر مرحوم

یہ واقعہ یا تو ۹۷۲ھ کا ہے جبکہ بادشاہ اسی سلسلہ میں لکھنؤ آیا تھا یا ۹۷۴ھ کا ہے جب بادشاہ بسلسلہ مذکور رائے بریلی گیا تھا۔ اور اسی کے بعد علی قلی خاں پر فتح پائی، مگر کتب تاریخ میں ورود امیٹھی کی صراحت نہیں ہے۔

## ۱۱- احباب

سراج الاسلام حضرت شیخ محمود[۱] برادرزادہ و صاحب سجادہ حضرت مخدوم شیخ سعد صاحب خیرآبادی، حضرت مخدوم شیخ صفی[۲] سائی پور خلیفہ حضرت مخدوم شیخ سعد صاحب موصوف حضرت مخدوم سید نظام الدین[۳] الہدیہ خیرآبادی

---

۱ سراج الاسلام شیخ محمود برادرزادہ خلیفہ و صاحب سجادہ حضرت مخدوم شیخ سعد صاحب قدس اللہ سرہما حضرت مخدوم نے بوقت وفات آپ کو اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا اس سے زیادہ کچھ حالات معلوم نہیں ہوسکے۔

۲۔ اسلم شریف شیخ عبدالصمد بن علیم اللہ عرف مخدوم شیخ صفی عثمانی المتوفی سائی پور (صفی پور) توابع ضلع اوناؤ کے متوطن تھے تلامذہ و خلفای حضرت مخدوم شیخ سعد صاحبؒ میں بڑے پایہ کے بزرگ ہوئے، تمام عمر اپنے شیخ کی اتباع و انقیاد میں گزاری حتیٰ کہ شادی بھی نہیں کی۔ حضرت بندگی قدس اللہ سرہ کو اپنے زمانہ قیام خیرآباد سے آپ کے ساتھ عقیدت و نیازمندی تھی، اسی تعلق کی بنا پر آپ سے ملاقات کیلئے قبل ۹۳۲ھ صفی پور تشریف لیگئے اور لطف اندوز صحبت و مسرت یاب خلوت ہوئے، بروایت فوائد سعدیہ ۹۴۵ھ میں واصل الی اللہ ہوکر اپنی زمانہ حیات کے تعمیر کردہ مقبرے میں مدفون کئے گئے۔ مزار مبارک صفی پور میں زیارت گاہ خلائق ہے (عین الولایت ملخص)

۳۔ حضرت سید نظام الدین الہدیہ عرف چھوٹے مخدوم خیرآبادی بن سید میرن صاحب سندیلوی قدس اللہ سرہ۔ ولادت باسعادت عہد سکندر لودی میں بمقام خیرآباد ہوئی کمسنی میں آپ کے والد ماجد نے حضرت مخدوم شیخ سعد صاحب قدس اللہ سرہ کے دست مبارک پر بیعت کرایا جس کے بعد بحکم مخدوم صاحب موصوف شوق حصول علم میں پنجاب تشریف لے گئے جب فارغ التحصیل ہوکر واپس آئے اس وقت حضرت مخدوم شیخ سعد صاحب وفات فرما چکے تھے، مگر چونکہ حضرت نے مخدوم شیخ صفی صاحبؒ کو یہ وصیت فرمادی تھی کہ جب الہدیہ آویں تو تعلیم و تلقین کے بعد ان کو خلافت دیدینا اسلئے ایسا ہی ہوا۔ اندریں صورت جن بزرگوں نے آپ کو بڑے مخدوم صاحبؒ کا خلیفہ لکھا ہے غلط نہیں ہے، توجہ باطنی آنحضرت ہی نے درحقیقت آپ کو اس کرامت کا مستحق اور سزاوار ارشاد و ہدایت بنایا، اس راہ میں توجہات باطنی اصل چیز ہیں اور انھیں توجہات نے حضرت مخدوم شیخ صفی صاحب کو آپ کی طرف مائل کیا۔ (باقی صفحہ ۳۳ پر ملاحظہ ہو)

حضرت مخدوم[۱] عبدالغنی فتحپوری خلیفہ حضرت شیخ معروف جونپوری ذبیرہ حضرت مخدوم حسام الدین صدیقی فتحپوری حضرت مفتی شیخ آدم[۲] صاحب دانشمند گوپاموی خلیفہ حضرت شیخ معروف جونپوری، حضرت قاضی محمد[۳] مبارک ثانی گوپاموی۔ حضرت مخدوم سید وجیہ[۴] الدین صاحب کھیروی خلیفہ حضرت مخدوم مصباح العاشقین صاحب ملانوی قدس اللہ اسرارہم وغیرہم سے بہت زیادہ روابط و تعلقات تھے آپ کبھی کبھی ان حضرات

---

لہ آپ کا تذکرہ باب سوم فصل دوم نمبر ۹ا میں مرقوم ہوگا ۱۲

۲و۳ ان دونوں بزرگوں کے حالات نمبر ادہم ۳ فصل اول باب سوم میں مرقوم ہوں گے

۴ حضرت مخدوم سید وجیہ الدین صاحب کھیروی قدس اللہ سرہ۔ حضرت بندگی قدس سرہٗ کے رفیق دلی و شفیق قلبی تھے، مبصرین کی تحقیق ہے کہ اپنے زمانہ میں فیما بین علاقہ از گنگ تا سنگ کے قطب التکوین حضرت مخدوم صاحب موصوف اور قطب الارشاد حضرت بندگی تھے، جیسا کہ خطوط نوشتہ حضرت بندگی و عبارت ملفوظ حضرت مخدوم صاحب زیر خط کے الفاظ قطب غوث خدمت شرفای ایں جوار از رب الستار رد کار جلا دان بر ذمہ من نہی دای مخدوم بگو کہ ایں خدمت از رب العباد بکہ تفویض است اسیر شاہد ہیں، نیز حضرت بندگی کی قطبیت کتاب بحر ذخار سے ثابت ہے آپ کی وفات خیر الممات ۲۵ ر رمضان المبارک ۹۸۰ھ کو ایام شب قدر میں ہوئی، مزار متبرک قصبہ کھیری میں مشہور ہے آپ نے اپنے شیخ حضرت مخدوم مصباح العاشقین صاحب قدس سرہٗ کا ملفوظ بنام کشف الظلوم انتہائی سلیس فارسی میں مرتب فرمایا تھا۔ یہ ملفوظ ۱۳۳۰ھ میں مطبع آسی پریس لکھنؤ سے شائع ہوا تھا مگر اب کمیاب ہے ۱۲

(باقی حاشیہ صفحہ ۳۲) اگر از جانب معشوق نباشد کششے ؛ کوشش عاشق بیچارہ بجائے رسد مگر تربیت و تعلیم کے اعتبار سے وہی صحیح ہے جیسا کہ واقع ہوا، اور یہی طریق و نظم کے مطابق ہے۔

آپ حضرت بندگی قدس سرہٗ کے تقریباً ہم عمر اور احباب خاص میں تھے۔ بقول ملا عبد القادر بدایونی آپ کی ملاقات کیلئے کبھی کبھی حضرت بندگی خیرآباد تشریف لے جاتے۔ اور بوقت ملاقات ایک تنکہ یا اور کوئی چیز نذر کیا کرتے۔

اکبر[۳۳] بادشاہ نے اپنی لادینی سے علماء بیزاری کی دھن میں دو بڑے اہل حق (باقی صفحہ ۳۴)

کی ملاقات کیلئے تشریف لیجایا کرتے اور ان حضرات میں سے بعض بزرگ آپ سے بھی ملنے تشریف لاتے۔ چنانچہ حضرت مخدوم وجیہہ الدین صاحب کھیروی بھی آپ سے ملاقات کیلئے گوپامو تشریف لائے جس کا واقعہ درج ذیل کیا جاتا ہے۔

"بتاریخ بست وہفتم ماہ جمادی الاولیٰ سلطان المحققین عازم قصبہ گوپامو شدند دران زمان قطب السالکین امام المسلمین حضرت بندگی نظام الدین عثمانی امیٹھوی درخانقاہ خود بودند وحاکمے ظالم ایذ شرفائی گوپامو قرق ساختہ بود۔ وجملہ شرفائی قصبہ بخدمت حضرت قطب السالکین ہرروز حاضر می شوند واستغاثہ می کردند وحضرت قطب السالکین اوشانرا بوعدہ بیگاہ مید اشتند۔ چون سلطان المحققین قریب قصبہ رسیدند حضرت قطب السالکین بیرون از قصبہ آمدہ ملاقات فرمودند وتا دیر ہردو اقطاب ہم بغل ماندہ وبخانقاہ رسیدند وطعام انواع طیار کرانده

(باقی حاشیہ صفحہ ۳۳) کیطرح آپ کو بھی اپنے یہاں بلایا تھا، چنانچہ بتعمیل حکم رعایت حکم کیسا۔ جب آپ دہلی پہونچے تو فیضی نے بادشاہ کو آپ کی آمد کی اطلاع کیسا تو تعظیم وتکریم سے منع کر دیا تھا مگر جیسے ہی آپ سامنے پہونچے اکبر بے اختیار ہو کر کھڑا ہو گیا۔ پھر آپ نے حمایت اسلام وترویج احکام دین کے متعلق نصیحتیں کیں اور چلے آئے، آپ کے آنے کے بعد فیضی نے وجہ تعظیم دریافت کرنے پر بادشاہ نے کہا کہ دو شیر انکے دائیں بائیں ساتھ تھے، اگر میں نہ اٹھتا تو مجھے ہلاک کر دیتے۔

شہان بے کمر وخسروان بے کلہ اند      بسین حقیر گدایان ملک آئین قوم

اسکے دوسرے دن فیضی نے حاضر ہو کر شب کے وقت قبول دعوت کی استدعا کی اور آپ نے منظور فرمالی۔ اس دعوت میں فیضی نے کتے، بلی، چوہوں کا پلاؤ پکوا کر دسترخوان پر چنا آپ ہاتھ دھو کر بیٹھے اور کھانے کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا (باقی صفحہ ۳۵ پر)

پیش آوردند۔ وبرہمہ تناول فرمودند وبعد الفراغ طعام حضرت قطب السالکین
شرفای عظام قصبہ را طلب فرمودہ پیش سلطان المحققین ایستادہ کردند و
فرمودند کہ اے وجیہ الدین از مدت دراز بانتظار آمدن شما بودم و شرفائے
اینجا نیز انتظار شما میکشیدند و ملتجی اند کہ از دست حاکم ظالم کہ املاک این ہا یا
بلا وجہ ضبط کردہ است رہائی یابند الحمد للہ امروز مرام خواہند رسید
سلطان المحققین فرمودند کہ کار جلاء ان بر ذمہ من نہی و خود سبکساری
شوی حضرت قطب السالکین تبسم فرمودہ بر زبان راندند کہ اے مخدوم بگو
کہ اینخدمت از رب العباد بکہ تفویض است سلطان المحققین بر فرمودہ اند آنحضرت

---

(باقی مضمون صفحہ ۳۴) "شارع علیہ السلام خوردن شما برما حرام ساختہ است از ہر جا کہ آمدہ اید،
برخاستہ بر دید"
بمجرد اس ارشاد کے جانور زندہ ہوکر ایک طرف جا بیٹھے، فیضی قدموں پر گر پڑا اور اپنی
بے ادبی پر معذرت خواہ ہوا، آپ نے فرمایا:-
"ما حکم آب داریم ہر چہ برما می آید بزرد مارا ازاں تکدر نیست، شما چرا معذرت میکنید"
اس کے بعد بغیر تناول طعام وہاں سے چلے آئے اور پھر کچھ عرصہ کے بعد رخصت ہوکر مع الخیر خیر آباد
پہونچ گئے۔ صبر، توکل، رضا، جود وسخا آپ اور آپ کی اولاد میں بدرجہ اتم اور عدیم المثال تھی۔ آپ
نے عمر دراز کافی پائی۔ ۔ ربیع الاول ۹۹۳ھ کو یہ آفتاب ہدایت وارشاد ہمیشہ کیلئے غروب
ہوگیا چھ ماہ کے بعد اسی فیضی عیسیٰ نے آپ کا مقبرہ تعمیر کیا۔ (ماخوذ از عین الولایت)

بادردکشاں ہر کہ در افتاد برافتاد

ترجمہ اردو منتخب التواریخ ملا بدایونی سے آپ کا حسب الطلب اکبر بادشاہ فتحپور سیکری جانا کر دہلی
جانا بلا کسی تفصیل کے ثابت ہوتا ہے اسمیں یہ بھی لکھا ہے کہ آپ نے بادشاہ سے اثنائے گفتگو
میں اپنی ثقل سماعت کا اظہار فرمایا جس کے بعد اس نے نقد نذرانہ اور فرمان معافی دیکر رخصت کردیا
حضرت مخدوم صاحب موصوف والدہ ماجدہ حضرت جدہ معظمہ مرحومہ راقم سطور کے اجداد
مادری سے تھے اور اگر حضرت مفتی شیخ آدم صاحب دانشمند گوپاموی کی مصاہرت حضرت مخدوم
سے پایہ ثبوت کو پہونچ سکے کہ حضرت والد ماجد صاحب مرحوم ومغفور کے بھی اجداد کے جد مادری ہوں

از شرفا، فرمودند که برائے شما از حاکم خواہم گفت وہمہ ہا را رخصت فرمودند دران
روز ہر دو بزرگ ہم صحبت ماندند چون شب آمد ہمراہیان بمسجد استقامت
درزیدند وآن ہر دو بزرگ یکجائی بسر بردند۔ صباح آن قوالان قصبہ حاضر
شدہ از تصنیفات المح المتاخرین امیر خسرو دہلی رحمۃ اللہ علیہ بعینہ چوپائی
چند شعر نوشتہ شدہ انیست۔ پائل سجن چلت ہے ٹوٹ ہے کن ڈور بڑی موہ
پتوہ کوہی کے سیود ہو بھور بگو۔ دے گئے بالم دے گئے بالم ندیا کرار کرار ہو
آپ تو بالم پار اُتر گئے ہم چھانڈ منجدھار۔ تا آخیر سرائیدند وقریب یکپاس
مجلس سماع بود۔ بعد فراغ نعلین وعصا بقوالان مرحمت شد، وحاکم ظالم نیز دران
جلسہ آمدہ بود سلطان المحققین متوجہ بحاکم شدہ فرمودند کہ ائمہ شرفائی قصبہ چرا
قرق کردی ہماں ذریعہ معیشت ایشایان است بگذارید! جواب داد " کہ در
امور سلطنت واحکام شاہی چیزے نفرمائید، مارا حکم شاہی است کہ ائمہ قرق سازم"
سلطان المحققین فرمودند کہ دریں بارہ اصرار نکنید، پروانہ رہائی بعد از
شش روز بشما خواہد رسید" او قبول نکردہ رخصت شد! سلطان المحققین
تا دہ روز در خانقاہ اقامت درزیدند، روز ششم پروانہ واگذاری ائمہ از
سرکار شاہی بنام حاکم مذکور رسید، حاکم متحیر شدہ از آرندہ پروانہ پرسید کہ کسی
برائے استغاثہ رفتہ بود؟ گفت کہ شیخ وجیہ الدین از بادشاہ بخواب فرمودند
کہ عامل شما گفتہ ما قبول نہ کردہ، ائمہ شرفائی گوپامؤ واگذار نمی سازد اگر ائمہ
گذار شود بہتر ورنہ ترا تحت الثری خواہم انداخت! علی الصباح آن پروانہ ہائے
ائمہ معافی نویسانیدہ بمن دادہ رخصت کردند وتاکید نمودند کہ زود وشتاب

برساں کہ ائمہ داران انجارا ضرر نہ رساند، حاکم بفور رسیدن پروانہ بخدمت سلطان المحققین رسیدہ برقدم افتادہ وتمامی ائمہ را واگذار گردانید۔"

"بروز چہارشنبہ سلطان المحققین از حضرت قطب السالکین بندگی نظام الدین فرمودند کہ ایام عرس حضرت قطب العارفین ذکرہ بالخیر قریب رسیدہ مرا رخصت فرمانید فرمود کہ امروز قیام فرمانید فردا تشریف برند سلطان المحققین قبول نہ نمودند، حضرت قطب السالکین روئے بسوئے آسمان نمودند فی الفور باران باریدن در رعد غریدن گرفت وبجدے باران بارید کہ کسے دست فراز کردن نتوانست، حضرت قطب السالکین فرمودند کہ اکنون چرا توقف میکنید روانہ شوید سلطان المحققین تبسم نمودہ وبِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ برزبان آوردہ برخاستند باران ہمون ساعت از بارش باز ماند، حضرت بندگی نظام الدین متبسم شدہ فرمودند کہ دعائے وجیہہ الدین از دعائے نظام الدین ترجیح دارد وہر دو بزرگ تا لحظہ ہمکنار شدہ وآب در چشم آوردہ مرخص شدند۔"

ایک بار حضرت بندگی قدس سرہٗ تین ماہ تک حضرت مخدوم کے یہاں کھیری میں تشریف فرما رہے اس کے بعد جب گوپامئو واپس تشریف لائے تو حضرت مخدوم کو آپ کی مفارقت کا صدمہ عظیم ہوا حتی کہ تین ایام تک خلوت میں رہے۔ اور خانقاہ میں تشریف نہیں لائے فرماتے تھے کہ:

"حضرت بندگی نظام الدین دوست خدا بود، صحبت آں صحبت خدا بود، نمیدانم باز کے ملاقات خواہد شد" ؎

دونوں بزرگوں میں مراسلت ومکاتبت بھی ہوتی رہتی جس میں جانبین سے التزام عظم مراتب

---

ملفوظات حضرت مخدوم وجیہہ الدین صاحب کھیروی مرتبہ شیخ نصراللہ بندھیاوی قلمی ۱۲

اور مضامین کی بندش کے ساتھ جذبات عقیدت و مودت حرف حرف و لفظ لفظ سے مترشح و عیاں ہیں۔

چنانچہ ہم اس جگہ حضرت بندگی قدس سرہٗ کے دو خطوط اسمی مخدوم صاحب موصوف انھیں کے ملفوظ مرتبہ صوفی شاہ نصر اللہ صاحب منڈ ہیادی سے درج کرتے ہیں۔

بنانے کے لئے قنوج سے دوران سفر ستر کھ میں گو یا مئو سے گذرے اور فاتحانہ طور پر چلے گئے مستقل قیام نہیں کیا، اس زمین پر مسلمانوں کی آمد کا یہ پہلا موقع تھا۔ سالار مذکور نے ستر کھ پہونچ کر علاقہ جات مفتوحہ کے انتظام وانصرام کے لئے اطراف وجوانب میں لشکر روانہ کئے اسی سلسلہ میں حضرت مخدوم لال پیر کو ایک لاکھ سے زیادہ فوج کے ساتھ گو یا مئو بھیجا یہاں پہونچکر آپ انتظامات علاقہ مفتوحہ میں مصروف ہو گئے، مگر سالار مسعود کی شہادت سے دو برس کے بعد اس نواح کے قدیم باشندوں نے بلوہ عظیم کر کے بتاریخ ۲ ماہ محرم الحرام ۱۲۲۴ھ یا کسی دوسرے سنہ میں باختلاف مورخین آپ کو شہید کر دیا، مسلمانوں نے صبر و سکون کیا تھا اسوقت کی آبادی سے دور جانب دکھن عین رزمگاہ میں آپ کو بغیر سر کے دفن کیا کیونکہ سر اسوقت تک دستیاب نہ ہو سکا تھا، سر عرصہ کے بعد دستیاب ہونے پر بائین قبر دفن کیا گیا۔

یہ کہنا سر تا سر غلط اور بے بنیاد ہے کہ مسلمانوں نے آپ کو دیوہرہ گوپی ناتھ میں دفن کیا! دیوہرہ مذکور کا اسوقت وجود ہی نہ تھا، اسکی تعمیر ۱۱۱۱ھ ۱۶۹۹ء مطابق سنہ ۱۷۵۷ سمیت بکرمی عہد سلطان اورنگزیب عالمگیر میں ہوئی مگر انگریزوں کے غلط پروپیگنڈے کی وجہ سے کچھ کا کچھ مشہور ہو گیا۔

یہ بھی روایت ہے کہ سالار غازی پہلے مسلمان نہ تھے جو گو یا مئو آئے، بلکہ ان سے پیشتر ایک بزرگ شیخ امجد مشہور بہ عظمت شاہ (عظمت پیر) فروکش ہو چکے تھے ان سے جب مجاہدین نے امداد کے لئے کہا تو انھوں نے اپنے مسافر نواز ہندو بھائیوں اور مہربان راجہ قنوج کی مخالفت سے انکار کر دیا لیکن اسی زمانہ میں اُن کی وفات

---

[1] ڈسٹرکٹ گزیٹرس یو پی جلد ۳۳ ہردوئی صفحہ ۱۸۹ مرتبہ مسٹر ایچ آر نیول آئی سی ایس ۱۲

ہوجانے کے بعد لشکر مجاہدین مظفر و منصور ہو گیا[۱]۔

**ذکر اولاد و احفاد مخدوم صاحب** | یہ بیان شرح و بسط کا محتاج ہونے کی بنا پر روضۃ المآثر میں بالتفصیل مرقوم ہوا، یہاں پر بالاختصار تحریر کیا جاتا ہے۔

مخفی نہ رہے کہ بلگرام میں سادات کا ایک خاندان مشہور بہ "ڈیہیا" اولاد حضرت مخدوم لال پیر-ن ہونے کا مدعی تھا۔ اُس کا یہ بھی دعویٰ تھا کہ مخدوم صاحب موصوف حضرت غوث الاعظم شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے ہمشیرزادے تھے اور یہ کہ یہ تین بھائی تھے (۱) سید میر الدین مدفون سندیلہ (۲) سید وجیہ الدین مدفون برور (۳) حضرت مخدوم شہید مدفون گوپامؤ۔ اسی کے ساتھ برائے اثبات اولاد و احفاد سلطان محمود غزنوی کے عطیہ دو فرمانوں کی نقلیں پیش کیا کرتے، جو سید نصیر الدین بن غازی سید کمال شہید مدفون بلگرام بن مخدوم لال پیر صاحب کے نام تھے اور جن کے ذریعہ سے مشار الیہ کو موازی تین ہزار چھ سو پچپن بیگہ اراضی موضع دیوالی و زیر آبادی بلگرام برائے مدد معاش اور تین سو پچاس بیگہ آراضی برائے مدد معاش و مقابر حسب المطلب گوپامؤ میں ملی تھی، ان نقلوں کی نقلیں پیرزادہ سید کرم علی شاہ بلگرامی مرحوم نبیرہ سید نصیر الدین مذکور الصدر و سجادہ نشین درگاہ حضرت مخدوم لال پیر صاحب نے اپنے شجرہ نسب کے ساتھ عرصہ ہوا مجھے بھیجے تھے جو بجنسہ ابتک میرے پاس موجود اور اسوقت پیش نظر ہیں، انمیں سے معافی موضع دیوالی و زیر آبادی بلگرام والی نقل فرمان میں تاریخ ندارد ہے مگر ماہ خورداد الٰہی اور سنہ ثلث عشرین و اربعمائۃ من ہجرۃ النبی اور معافی گوپامؤ والی نقل میں تاریخ تحریر سی ام خورداد ماہ

---

[۱] ڈسٹرکٹ گزیٹیرس یو پی جلد ۱۳ ہردوئی صفحہ ۱۸۹، مرتبہ مسٹر ایچ آر نیول آئی سی ایس۔

الٰہی سنہ ثلث عشرین من الہجرۃ النبی مرقوم ہے اس موقع پر فرامین متذکرہ کا اندراج خالی از دلچسپی نہوتا مگر رسالہ کی تنگ دامانی دیکھتے ہوئے درج نہ ہوسکے انشاء اللہ روضتہ المآثر سے یہ اور ان کے علاوہ دوسری چیزیں بھی ملاحظہ ہوسکیں گی۔ متذکرہ نقلوں میں ادنیٰ غور و فکر کے بعد صاف طور پر ظاہر ہوجاتا ہے کہ یہ تحریریں ایسے اشخاص کی سعی نامحمود ناکام کا نتیجہ ہیں جن کو تاریخ سے کچھ بھی مس نہ تھا چنانچہ ملاحظہ ہو

۱۔ باتفاق مورخین سلطان محمود غزنوی کی وفات [1] ۴۲۱ھ میں ہوئی اس لئے فرامین متذکرہ مصدرہ ۴۲۳ھ ہجری وفات سلطان کے دو سال بعد کے ٹھہرتے ہیں۔

۲۔ مضمون فرامین بالکل آخری شاہان مغلیہ دہلی کے فرمانوں سے ملتا جلتا ہے، اور بعض جملے کے جملے انھیں میں کے ہیں، شاہان ماسبق حتیٰ کہ ہمایوں و اکبر کے فرمانوں کا طرز تحریر مضمون جداگانہ ہوا کرتا تھا۔

۳۔ جس زمانہ کے یہ فرمان کہے جاتے ہیں اس وقت دفاتر سلطانی کی زبان یقینی طور پر عربی تھی اسلئے توقیعات و فرامین وغیرہ کو عربی میں ہونا چاہیے تھا برعکس اسکے یہ دونوں فرمان فارسی میں ہیں۔ تنقید الکلام فی تحقیق فتح بلگرام مؤلفہ شاہد حسین رضوی بلگرامی

۴۔ ان فرمانوں کی تاریخ تحریر بحساب ماہ الٰہی ہے حالانکہ ماہ الٰہی کی ابتدا ار وفات سلطان محمود غزنوی سے پانچسو بیالیس ۵۴۲ سال بعد ۹۶۳ھ ہجری تخت نشینی اکبر بادشاہ سے ہوئی اس سے قبل ماہ الٰہی کا وجود نہ تھا [2]

بوجوہات بالا ان فرمانوں کو سلطان محمود غزنوی کی طرف منسوب کرنا جرات نارو اور فریب محض ہے۔ قصہ برادران و ہمشیرزادگی کو بھی اسی پر قیاس کرنا چاہیے۔

[illegible]

---

[1] ترجمہ اردو منتخب التواریخ ملا بدایونی صہ مطبوعہ نولکشور ۱۲ [2] آئین اکبری جلد ۱ ص ۱۹۳ و غیاث اللغات صہ ۵۴۲

بروایت مشہور سالار مسعود کی شہادت رجب ۴۲۴ھ ہجری میں واقع ہوئی اور مخدوم لال پیر صاحب اُن کے دو سال بعد ۴۲۶ھ مطابق ۱۰۳۵ء میں حملہ اہل ہنود کی مقاومت کرتے ہوئے شہید ہوئے فرامین متذکرہ کی رو سے سید نصیر الدین بن غازی سید کمال کا اپنے دادا مخدوم لال پیر صاحب موصوف کے شہید ہونے سے قبل اُن کا شہید ہو جانا ظاہر کر کے اراضی برائے مدد معاش و مقابر حاصل کرنا قبل ازمرگ واویلا کا مصداق ٹھہرتا ہے، پھر یہ بات بھی سمجھ میں نہیں آئی کہ گوپامئو میں جو اراضی مانگی گئی، وہ مدد معاش اور مقابر دونوں کیلئے طلب کی گئی تھی، چنانچہ عطا ہو گئی تو کیا اس عطیہ سے نفع اندوز ہونے کے بعد سید نصیر الدین یا ان کی نسل میں سے کبھی کسی صاحب نے یہاں قیام فرمایا، یا انمیں سے یا اسکے بعد خاندان کا کوئی متوفی دفن ہوا؟ جہانتک تحقیق ہو سکا اس نسل میں سے کسی فرد کا نہ کبھی گوپامو میں توطن ثابت رہے اور نہ بلگرام میں فوت ہونے کے بعد گوپامئو لاکر پائین خواہ جوار جدامجد میں تدفین کرنا! پھر جدامجد کی شہادت پر شور و شغب اتنا کہ غزنی تک آہ و بکا ہو نچا کر مدد معاش تو حاصل کرلی، مگر اُن کی قبر و مزار کی خبر نہ لے سکے۔ اسکی خبر گیری شاید اُن کے ذمہ نہ تھی، اسی لئے تو ۶۲۱ھ مطابق ۱۲۲۴ء میں خواجہ شیخ تاج الدین صاحب چشتی غزنوی نے بایما رہبیر خود حضرت شیخ قطب الدین اوشی بختیار کعکی قدس اللہ سرہما، ایک مسجد، قلعہ، اور مزار مخدوم صاحب کی تعمیر کرائی، اور سید نصیر الدین صاحب و بعدہٗ اُن کے اعقاب و احفاد ہمیشہ بلگرام میں چین و استراحت سے بسر کرتے رہے، مگر فرائض نگرانی و سجادگی تاحیات خود خواجہ موصوف اور پھر نسلاً بعد نسل اُن کی اولاد انجام دیتی رہی۔

بزرگوں کا قول ہے کہ بزمانہ تولیت و سجادگی شیخ دلدار حسین چشتی نبیرہ خواجہ تاج غزنوی و متوفی ۲۹ صفر ۱۲۵۶ھ مطابق ۱۸۴۰ء تیرھویں صدی ہجری میں حضرات گوپامئو بتعداد کثیر داخل

سلسلہ بیعت حضرت سید نصیر الدین عرف سعد میاں صاحب بلگرامی ہوئے اور متعدد حضرات کو سعادت خلافت بھی نصیب ہوئی اس وقت شاہ باصر علی بلگرامی خلیفہ حضرت سعد میاں صاحب کو امداد و اعانت کے پیش نظر سجادہ نشین قرار دیدیا گیا اور جن لوگوں سے اندیشہ مخالفت تھا ان کی زبان بندی کیلئے فرامین متذکرہ پیش کر دیئے گئے ؎

ہشیار ازاں قوم کہ خود را بفریبد ∴ حق را بدر ود ے و ملک را بسلامے

یہ ہے حقیقت فرامین بے حقیقت اکثر بزرگان قصبہ حقیقت معاملہ ہذا اور اسکے راز ہائے سربستہ کے متعلق یہ شعر پڑھ دیا کرتے تھے ؎

مصلحت نیست کہ از پردہ بروں افتد راز ∴ ورنہ در محفل رنداں خبرے نیست کہ نیست

اس جگہ ایک آخری بات عرض کرنا ہے وہ یہ ہے کہ حقیت اراضی متعلقہ درگاہ کے متعلق یہ شبہ ہو سکتا ہے کہ شاید یہ وہی ہے جو سلطان محمود غزنوی نے بنا بر مدد معاش و تقابر عطا کی تھی، لیکن یہ خیال بالکل غلط ہے کیونکہ اس معافی کا کبھی وجود ہی نہیں ہوا، موجودہ آراضی موقوفہ رؤسائے قدیم قصبہ دعہد خواجہ شیخ تاج چشتی غزنوی کی ہے جس میں دو قطعات مزروعہ جانب غرب درگاہ بر سر شارع عام و بسمت شرق حکیم باغ موقوفہ اجداد راقم ہیں نیز کئی نمبرات بندوبست سابق میں نمبرداران قصبہ نے غصب کر لئے ۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(۵) **شیخ الٰہی بخش (مکتوب نمبر ۹)** ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ ناقل اول ملفوظ کے سہو سے لکھ گیا ورنہ حقیقتاً شیخ اللہ بخش ہے۔

(۶) **شیخ اللہ بخش (اکثر مکاتیب)** قاضی عبد الحلیم بن قاضی محمد مبارک ثانی رح کے صاحبزادے تھے۔

(۷) **ملا الہداد دانشمند عثمانی** (دقیقۃ القال نمبر ۹ و نکتۃ الخوارق نمبرات ۹۸ و ۱۰۳ و ۱۰۶):

فصل ثالث در تدریس العلوم | شیخ سعد اللہ عثمانی گوپا موی کے صاحبزادے قاضی حمید الدین بدایہ

داں کی نسل، اور حضرت بندگی نظام الدین عثمانی امیٹھوی قدس اللہ سرہٗ کے شاگرد رشید و مرید تھے، حضرت شیخ عبدالوہاب امیٹھوی خلف حضرت بندگی موصوف کو آپ کی صاحبزادی منسوب تھیں ان سے دو صاحبزادے شیخ عبدالجبار و شیخ عبدالباقی پیدا ہوئے کہا جاتا ہے کہ مؤلف صاحب ملفوظ محبوب القلوب شیخ محمد علی شیخ عبدالجبار صاحب کے صاحبزادے تھے غالباً اسی رشتہ کی وجہ سے تمام احوال اقوال، خوارق بیان کردہ بزرگان گوپامئو اور اُن کے نام کے مکتوبات فراہم کر کے درج ملفوظ کرنے میں سہولت ہوئی مگر ملفوظ میں مؤلف کے جد کا نام شیخ عبداللہ تحریر ہے جو شیخ عبدالواسع بن حضرت بندگی کے صاحبزادے تھے ممکن ہو غلطی ناقل سے بجائے شیخ عبدالوہاب کے شیخ عبداللہ تحریر ہو گیا ہو اور قرینہ بھی غلطی ناقل کا ہے۔

مخدوم زادہ شیخ عبدالحمید (شیخ حمید) آپ کے صاحبزادے اور بی بی فتح ملک آپکی ہمشیرہ تھیں، اس سے زیادہ کچھ حالات نہ معلوم ہو سکے اور نہ یہ معلوم ہو سکا کہ سکونت کس محلہ میں تھی

(۸) **بھکاری** مکتوب نمبر ۴۸ | شیخ عبدالوہاب خطیب معتمد حضرت بندگی قدس سرہٗ کے بھتیجے اور شیخ عبدالرحمان بن شیخ عبدالغفار خطیب کے بیٹے تھے اصلی نام شیخ عبداللہ تھا اور عرفیت بھکاری میاں تھی، ان کے دو بھائی شیخ غلام محی الدین اور شیخ الھدیہ بھی تھے۔

(۹) **خواجہ بھول** نکتۃ الخوارق نمبر ۱۹ و ۱۲۹ | بجز اس کے کہ متولی شیخ عبدالرحیم و متولی شیخ عبدالکریم اور شیخ ماکھو صاحبان کے والد ماجد تھے اور کچھ حالات نہ معلوم ہو سکے۔ البتہ تذکرہ نتائج الافکار میں متولی قدرت اللہ خان صاحب نے آپ کو خلیفہ حضرت مخدوم شیخ سعد صاحب خیرآبادی لکھا ہے مگر اس کا کوئی ثبوت نہیں مل سکا۔ واللہ اعلم

(۱۰) **شیخ پیارے قانون گو** نکتۃ الخوارق ۹۳ و ۱۲۲ | شیخ صلاح بن شیخ جمالی بن

شیخ نعمت اللہ بن شیخ امان اللہ بن شیخ قدرت اللہ بن شیخ رحیم اللہ اصفہانی کے صاحبزادے اور حضرت بندگی نظام الدین نیپین امیٹھوی قدس سرہٗ کے مرید اور انھیں کے زمانہ میں پرگنہ گوپامئو کے قانون گو تھے ۹۷۷ھ عہد اکبر بادشاہ میں پرگنہ گوپامئو سید شاہ فخر الدین بن قاسم موسوی مشہدی اکبری امیر کی جاگیر ہوا سید موصوف کی تجویز و تصدیق اور بوعدہ سعی اضافہ مالی و افزونی کاشت و آبادی یہ اپنے عہدے پر بحال ہوئے، موضع ٹھکری پور نانکار میں پایا جو ۱۰۸۵ھ ہجری عہد سلطان اورنگزیب عالمگیر غازی تک اہل خاندان شیخ موصوف کے قبضہ میں رہا۔ قانونگو صاحب نے حضرت بندگی کے قیام گوپامئو کے دوران میں بحالت لاولدی وفات پائی اور پھر آپ کے بھائی شیخ سعد صاحب اُن کی جگہ پر قانون گو مقرر ہوئے اسی کے متعلق نکتۃ الخوارق نمبر ۹۳ میں اشارہ ہے۔

واضح ہو کہ مورث اعلیٰ خاندان قانونگویان شیخ نعمت اللہ بن شیخ امان اللہ عہد ہمایوں بادشاہ میں چودہری پرگنہ گوپامئو مقرر ہوئے بعدہٗ اُن کے بیٹے شیخ جمال الدین عرف شیخ جمالی کو عہدہ قانون گوئی پرگنہ مزبور ملا اُن کے بعد شیخ پیارے و شیخ سعد صاحبان اس عہدے پر مامور ہوئے، جیسا کہ اوپر مذکور ہوا بعدہٗ شیخ محمد فاضل، شیخ محمد صالح، شیخ محمد لسباون اور شیخ محمد بخش یکے بعد دیگرے نسلاً بعد نسلٍ انتزاع سلطنت اودھ تک قانونگو ہوتے رہے شیخ محمد لسباون صاحب نے علاوہ مواضعات جاگیر و منصب کے چند مواضعات خرید کئے اور جملہ مواضعات زمینداری و مقدمی سادات گوپامئو متاجری میں لیکر اپنی ریاست میں اضافہ کیا ۱۸۵۶ء سے مواضعات متاجری پر مستقل طور پر اس خاندان کا قبضہ ہوگیا۔

۱۸۵۶ء میں جبکہ ملانواں ضلع بنایا گیا چکلہ نندیاؤں شکست کرکے اسکی جگہ تحصیل قائم کی گئی تو شیخ محمد بخش صاحب قانونگو اس کے تحصیلدار مقرر ہوئے نیز شیخ مرتضیٰ بخش بن

شیخ کریم بخش بن شیخ قادر بخش بن شیخ محمد لسادن اور جملہ اہل خاندان نے ملکہ ایکٹ ۱۸۶۹ء کے مطابق فہرست تعلقداران اودھ میں اپنا اندراج کرالیا اس وقت سے قانون گو صاحبان تعلقداران اودھ میں شمار ہوئے مگر شیخ مرتضیٰ بخش صاحب نے ۱۲۸۳ء میں بحالت لاولدی وفات پائی - اور پریوی کونسل تک مقدمہ بازی کیلئے جائداد ورثہ کیلئے چھوڑ دی۔

شیخ محمد بخش صاحب کے چار صاحبزادے تھے، شیخ محمد امیر، شیخ محمد وزیر، شیخ محمد مبارک، شیخ محمد احمد مرحومین، بحالت موجودہ جناب شیخ محمد فاضل صاحب خلف شیخ محمد امیر و شیخ محمد وارث الزمان صاحب سلمہ بن شیخ محمد عاقل صاحب بن شیخ محمد امیر و شیخ محمد عادل و شیخ محمد قابل ابنائے شیخ محمد کامل بن شیخ محمد امیر صاحب مرحوم و شیخ امیر احمد و شیخ حسن احمد صاحبان ابنائے شیخ محمد عبد الاحد بن شیخ عبد الصمد بن شیخ محمد احمد صاحب مرحوم تعلقداران خاندان قانونگویان کی یادگار ہیں

(۱۱) **پیرا بنجارا (مکتوب نمبر ۴۳)** سید سالاری بنجاروں کے نام سے یہاں ایک خاندان زمانۂ قدیم سے آباد ہے: اغلب ہے کہ یہ اسی نسل سے تھے، اُن کے ذمے حضرت بندگی قدس سرہٗ کے دس تنگہ نقرہ شیر شاہی قرض تھے، اس مکتوب میں حضرت قدس سرہٗ نے اپنے قرضہ کی ادائیگی کا مطالبہ فرمایا ہے اور بشرط عدم ادائیگی بصورت نقد یا باجرت ایک پیسہ فی من کے حساب سے اپنا غلہ گوپامؤ سے امیٹھی یہونچانے کو ارقام فرمایا ہے چونکہ بنجاروں کے خاندان کا کوئی شجرہ یا نسب نامہ باوجود طلب و تقاضے کے نہیں دستیاب ہو سکا اسلئے مزید حالات سے لاعلمی اور ناواقفیت رہی۔

(۱۲) **جان بنجارا (مکتوب نمبر ۴۴)** کیا عجب ہے کہ یہ پیرا کے کوئی عزیز ہوں - ان کے ذمہ بھی حضرت بندگی قدس سرہٗ کے چھ روپے قرض تھے، انکی ادائیگی کیلئے بھی مطالبہ فرمایا گیا ہے اور بشرط عدم ادائے نقد وہی صورت ارقام فرمائی ہے جو پیرا کیلئے تجویز کی گئی تھی۔

(۱۳) **شیخ حاتم صوفی میواتی** (دقیقۃ المتعال نمبرات ۸۔۱۰ تا ۱۲ ذکر تلامذہ و خلفاء) اعلاقہ

میوات کے رہنے والے تھے، بغرض تحصیل علم گوپامئو آئے، اور حضرت قاضی محمد مبارک ثانی کے مدرسہ میں داخل ہوکر تحصیل علم میں مصروف ہوگئے، اُن کی بصیرت، خوش فہمی، تیز طبعی اور مسکنت دیکھ کر حضرت بندگی نے اپنی خدمت میں لے لیا، ملا عبدالقادر بدایونی ذکر حضرت بندگی قدس سرہٗ میں لکھتے ہیں [۱]

(اُن کے مخصوصوں میں شیخ حاتم گوپاموی تھے، یہ شیخ حاتم قاضی مبارک کی خانقاہ میں طالب علمی کیا کرتے تھے، شیخ نے وہیں سے اُن کو اپنی صحبت میں لے لیا کبھی کبھی کوئی سبق بھی ان کو پڑھا دیا کرتے تھے کبھی کوئی کتاب مطالعہ کے لئے دیدیا کرتے تھے، غرض شیخ حاتم کو ہر طرح اپنے موافق کرلیا تھا، کبھی کوئی دستار اور کفش اور جامہ بخشدیتے تھے، قاضی مبارک اور اور مریدیہ عنایتیں دیکھکر شیخ حاتم پر حسد کرتے تھے، حضرت شیخ سمجھ کر فرمایا کرتے تھے کہ میں کیا کروں اللہ کو منظور ہے کہ اس مفلسی اور پریشانی میں حاتم کو کوئی نعمت ملے، حضرت کے جذب اور تصرف نے ایسا اثر کیا تھا کہ چند روز میں حاتم کو کمال کا مرتبہ حاصل ہوگیا، حضرت شیخ حقائق اور معرفت کی باتیں، گفتگو فقط شیخ حاتم ہی سے کیا کرتے، اسی اثناء میں شیخ حاتم کے مرتبہ کو تنزل ہوا پھر ترقی ہوئی اور بعض لغزشیں اُن سے واقع ہوئیں، جب وہ حضرت کی خلافت کے مستحق ہوئے تو قضائے الٰہی سے اُن دنوں میں ان کا انتقال ہوگیا، حضرت شیخ اکثر زبان مبارک سے فرمایا کرتے تھے کہ ایک بندہ خدا کا ایسا تھا کہ جس سے ہم کبھی کبھی

---

[۱] ترجمہ اردو منتخب التواریخ مطبوعہ نولکشور پریس صفحہ ۳۰۴

خدا کی باتیں کر لیا کرتے تھے سو اب وہ بھی نہ رہا، اب کس سے کہیں"

عبارت مندکرہ میں الفاظ "تنزل، ترقی، لغزش، اور پھر ترقی، اور استحقاق خلافت کے وقت وفات" وضاحت طلب ہیں، پہلی بات کی توضیح یہ ہے کہ شیخ حاتم حضرت بندگی کے حلقۂ ارادت میں داخل ہونے کے کچھ عرصہ کے بعد اپنی النقدر قم جس سے صرف باحتیاج کے بعد دوسروں کی بھی مدد کر دیا کرتے تھے ختم ہو جانے سے گھبرا گئے اور بلا اجازت اپنے وطن میوات چلے گئے اور پھر بوجہ ندامت وشرمندگی واپس خدمت حضرت بندگی ہو جانے کے بجائے دوسرے مشائخ کے یہاں مارے مارے پھرے، اس کا علم بھی لوگوں کو ہو گیا مگر تسلی وتشفی کہیں نہ ہوئی اور جو آتش طلب دل میں موجزن ہو چکی تھی وہ نہ بجھی، بالآخر بعد از خرابی بسیار حاضر خدمت گرامی ہو کر خواہان عفو تقصیر ہوئے حضرت نے بکمال شفقت قصور معاف کرتے ہوئے فرمایا "حاتم مسلمان میشود" ملاحظہ ہو نکتۂ الخوارق نمبر ۱۱۱، تنزل اور پھر ترقی کی یہی حقیقت ہے، اور اسی کے بعد سے یہ گویا مئو میں مستقل طور پر مع اپنے بھائی شیخ محمود کے متوطن ہو گئے۔ اور پھر کہیں نہ گئے الا ہمیشہ در خدمت حضرت بندگی دوسری بات خلافت ووراثت کے وقت وفات کے متعلق ہے اس میں ملا بداونی کی لاعلمی کو دخل ہے ایسا نہیں ہوا کہ یہ خلافت سے محروم رہ گئے بلکہ یہ حضرت بندگی کے چوتھے خلیفہ ہوئے مگر حیات شیخ ہی میں فوت ہو گئے اور چونکہ ان کو ہدایت تھی کہ گمنامی اور خلوت نشینی اختیار کریں اس لئے کسی کو اُن کی خلافت کا علم نہ ہو سکا (ملاحظہ ہو بیان الخلفاء)

(۱۴) حاجی حانگ (مکتوب نمبر ۵۵) کچھ علم نہ ہو سکا کہ اُن کے دیگر حالات کیا تھے، بجز اسکے کہ ان کے دو روپے جو بذمہ حضرت بندگی قرض تھے وہ ذریعہ شیخ عیسی صاحب ادا فرمائے۔

(۱۵) شیخ حبیب اللہ (مکتوبات نمبر ۱۳ و ۶۲) ابن حافظ شیخ تاج الدین بن شیخ کبیر

ابن شیخ محمد صلاح بن خواجہ شیخ مبارک بن خواجہ شیخ تاج الدین چشتی غزنوی مرید حضرت قطب الاقطاب شیخ قطب الدین اوشی بختیار کعکی قدس اللہ اسرارہم ۔ عہد اکبری میں پرگنہ گوپاموکے عامل اور پھر سرکار خیرآباد کے ناظم رہے، حضرت بندگی سے بہت ربط و عقیدت رکھتے، اور حضرت بندگی بھی اُن کی آبائی عظمت اور شرافت کی وجہ سے ان کی بہت عزت فرماتے، انھیں کے زیر انتظام جامع مسجد اکبری، عیدگاہ، فنائے قلعہ کا پختہ کنواں جواب بازار مرتضیٰ گنج میں واقع ہے، اور قلعہ اکبری کی تعمیر ہوئی۔

(۱۶) **قاضی حمید الدین ہدایہ دان** (نکتۃ الخوارق ۹) ملا الہداد بن سعد اللہ عثمانی گوپاموی شاگرد و مرید حضرت بندگی قدس سرہٗ کے عہد تھے بجز اسکے اور حالات دریافت نہ ہوسکے

(۱۷) **رستم بیگ** (مکتوب نمبر ۶۴) کچھ حالات نمعلوم ہوسکے۔

(۱۸) **شیخ سلیم** (مکتوب نمبر ۱) اس نام کے تین بزرگ اس زمانہ میں ہوئے ایک شیخ سلیم جعفری اخسر شیخ پھول، دوسرے شیخ سلیم بن متولی شیخ عبدالکریم بن شیخ پھول، تیسرے شیخ سلیم بن چودھری محمد حلیم بن ملا عبدالسلام قاضی زادہ مگر قرینہ اول کا ہے واللہ اعلم بحقیقۃ

(۱۹) **سلیم خان** (مکتوب نمبر ۶۴) تحقیق نہ ہوسکا کہ یہ کون بزرگ تھے۔

(۲۰) **عبدالحق** (مکتوب نمبر ۴۳) شیخ عبدالوہاب صاحب خطیب معتمد حضرت بندگی قدس اللہ سرہٗ کے صاحبزادے تھے مزید حالات دریافت نہو سکے۔

(۲۱) **شیخ عبدالحمید مخدوم زادہ** (نکتۃ الخوارق ۱۰۴ و ۱۰۷) عرف شیخ حمید ملا الہداد عثمانی گوپاموی کے صاحبزادے تھے حضرت بندگی نے اُن کو شیخ حمید اور نکتۃ الخوارق متذکرہ میں مخدوم زادہ کرکے لکھا ہے، مزید حالات بیرون از علم ہیں۔

(۲۲) **قاضی لہرے** (نکتۃ الخوارق ۱۰۱ و مکاتیب کیثرہ) نام نامی قاضی عبدالرحمن عرفیت

قاضی لہرے، اودھ کے متوطن، قصبہ زید پور تواج ضلع بارہ بنکی کے قاضی، خاندان راقم سطور ہذا کے مورث اعلیٰ، اور ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے برادر عینی حضرت جدنا عبدالرحمن بن جدنا و سیدنا خلیفۃ المسلمین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہما کی بیسویں پشت میں تھے۔

تقریباً اوائل ۹۳۷ھ میں بعہد سلطان نصیر الدین محمد ہمایوں بادشاہ غازی اپنے پیر روشن ضمیر قطب العارفین زبدۃ السالکین بندگی شیخ نظام الدین یٰسین عثمانی امیٹھوی قدس اللہ سرہٗ کی معیت میں متوطن گوپامئو ہوئے۔ آپ کا مکان مسجد حضرت بندگی کی جانب شمال چند قدم کے فاصلہ پر تعمیر ہوا اور اس کی دہلیز خود حضرت بندگی قدس سرہٗ نے اپنے دست مبارک سے رکھی، یہ مکان ابتک موجود ہے اور خاندان میں بنام پرانا محل زباں زد ہے اب اسمیں عزیزی حکیم سید خلیل احمد سلمہٗ ابن جناب ماموں حکیم سید طفیل احمد صاحب ابن حکیم سید تصدق حسین صاحب مرحوم و ماموں سید خلیل احمد بن حکیم سید احمد حسین صاحب مرحوم بنائر میر سید مسند علی خانصاحب منصبدار رمنوی تمی زید پوری سکونت رکھتے ہیں تقریباً دو سو سال ہوئے جب منصب دار صاحب موصوف گوپامئو میں کسی عہدے پر مامور ہوکر آئے اور پھر یہیں متوطن ہو گئے ان کی نسل میں علاوہ مسبوق الذکر حکیم صاحبان کے حکیم سید خدا بخش صاحب مرحوم تلمیذ دداما وجدی حکیم غلام حسن خانصاحب مرحوم و مغفور طبیب حاذق ہوئے۔

لیکن مفتی جی انتظام اللہ اکبرآبادی صاحب نے حضرت مورث اعلیٰ صاحب کی تشریف آوری گوپامئو بمعیت حضرت بندگی قدس سرہٗ ۹۶۲ھ میں رقم فرمائی ہے جو غلط ہے ملاحظہ ہو بیان تشریف آوری حضرت موصوف مندرجہ باب اول۔ بہرحال سکونت گوپامئو اختیار کرنے

کے بعد آپ کا عقد دختر مفتی حضرت شیخ آدم صاحب دانشمند (حضرت بندگی قدس سرہٗ کی سالی) سے ہوا اور اس رشتہ کے بعد جدنا قاضی شیخ عبدالحمید صاحب کے علاوہ کئی صاحبزادیاں پیدا ہوئیں مگر انساب مقتیان میں بجز مفتی شیخ عیسیٰ صاحب ایک فرزند کے دختران دانشمند صاحب کا ذکر ہی نہیں ہے۔

حضرت جاری قاضی صاحب رحمۃ اللہ علیہ پر حضرت بندگی قدس سرہٗ کی توجہات خاص مبذول رہتی تھیں، تیز طبعی اور ہمزلفی کی مساوات میں آپ سے اگر کبھی کوئی بے تکلفانہ اور بے اجازت فعل سرزد ہو جاتا تو حضرت موصوف اپنے جذبی لب و لہجہ میں مصلحانہ تنبیہ فرما دیتے جسکو اغیار ناراضی پر محمول کرتے، مگر بعد میں اس عامیانہ خیال کو اپنی شفقت آمیز و مربیانہ دعاؤں اور مشائخانہ اخلاق سے باطل فرما دیتے، مکتوبہائے خوارق و مکاتیب محبوب القلوب اس پر شاہد ہیں جنہیں منفرد" و مشترک" آپ سے تخاطب کے علاوہ داد و دہش مرقوم ہے۔

آپ کے نبائر میں جدی شیخ محمد انور بن شیخ عبدالرشید بن جدنا قاضی شیخ عبدالحمید منصبدار اعظم شاہی ہوئے اور تین لاکھ اٹھارہ ہزار دام (سات ہزار نو سو پچاس روپیہ) کی جاگیر پرگنہ باڑی سرکار لکھنؤ میں عطا ہوئی تھی آخر میں شاہزادہ عالیجاہ محمد اعظم شاہ کے دربار سے منسلک ہو کر پیشکاری شاہزادہ موصوف پر مامور ہوئے اسی خدمت مفوضہ کے دوران میں ۴۳ سنہ جلوس عالمگیری مطابق ۱۱۱۱ سنہ ہجری میں بمقام دارالحکومت احمد آباد وفات پائی اور وہیں مدفون ہوئے - دوسرے پوتے جدالاجداد حقیقی راقم الحروف جدنا شیخ غلام محمد صاحب ابن شیخ عبداللہ بن شیخ عبدالحمید موصوف و مبرور رحمہم اللہ تعالیٰ تلمیذ حضرت ملا وجیہ الدین شہابی گوپاموی منصبدار اعظم شاہی اولاد داروغگی خزانہ جمع و دیوانی کچہری وغیرہ منصب پانصدی ذات پچاس سوار پر سرفراز ہوئے بعدہٗ بوجہ وفات جدی شیخ محمد انور صاحب شاہزادہ

عالیجاہ موصوف نے اپنی پیشکاری و پیش دستی کیلئے منتخب کرلیا چنانچہ چھ سال تک اسی منصب پر فائز رہ کر ۱۰ رجب ۱؎ رجب ۱۱۱۶ھ کو بمقام احمد آباد گجرات میں وفات پائی، نعش شریف گوپامئو لاکر، ۲ ماہ ذیقعدہ سنہ مذکور باغ بنگلہ میں مدفون ہوئی اور اس پر ایک مقبرہ تعمیر کیا گیا، بادشاہ عالمگیر اور شاہزادے موصوف کو آپ کی وفات کا بہت افسوس ہوا اور بنظر حسن خدمت حضرت مرحوم فرزندان و متعلقان کی سرپرستی کیلئے چار مواضع قطب پور، بڈگھنہ محمد پور، جریلی پرگنہ گوپامئو میں معاف ہوئے جو زمانہ غدر تک باقی رہے، یہ دونوں بزرگ علم و فضل سے آراستہ و پیراستہ تھے، سادات عیدو سید یمین سے اُن کے روابط و تعلقات بہت تھے بالخصوص جد معظم حضرت شیخ غلام محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے، یہ عاشق احادیث نبویہ (علی صاحبہا الف الف تحیہ وسلام) تھے آپ نے سادات موصوفین سے احادیث شریفہ کی سماعت بھی فرمائی اور اسی کے ساتھ ان کی اور دیگر اوراد خاص کی سند و اجازت حاصل کی تھی، وہ بیاض جسمیں ان کا اندراج کیا گیا تھا تا ایندم کرم خوردہ و بوسیدہ موجود ہے، اسکے علاوہ سادات موصوفین کے بائیس خطوط اور اُن کے ساتھ چند اوراق اخبارات دربار علی وغیرہ و اصل درخواست امداد مدرسین و طلبائے مدرسہ ہدایت بخش احمد آباد جو دربار شاہی میں پیش کی گئی تھی میرے پاس تبرکاً محفوظ ہیں ان کے علاوہ نہ معلوم کتنے فرامین اور خطوط وزراء و امرائے شاہی و دیگر کاغذات نذر اتلاف و بربادی ہو گئے بجز چند فرامین و پروانہ کے کچھ باقی نہیں رہا۔

حضرت جد معظم شیخ غلام محمد صاحب اعظم شاہی کے دو صاحبزادے یادگار رہے اول جدی شیخ غلام حسن مخاطب بہ غلام حسن خان اول، دوم شیخ غلام حسین صاحب، اول الذکر بھی منصبداری کی عزت سے سربلند و مفتخر ہوئے اور دربار شاہی سے وابستگی کی بنا پر مختلف مناصب جلیلہ

پر فائز ہو کر مہمات دکن میں ہمرکاب شاہی رہنے کے بعد منجانب سلطان اعظم شاہ صوبہ دار احمد آباد[1] گجرات ہوئے، مگر جنگ برادران میں اعظم شاہ کے مقتول ہو جانے پر صوبہ داری سے دست کشی اور منصب پانصدی و جاگیر دس لاکھ اٹھارہ ہزار دام (پچیس ہزار چار سو پچاس روپیہ) پر قانع ہو گئے، کئی بار دربار شاہی سے خلعتیں بھی عطا ہوئیں غرضیکہ تمام عمر بعزت و منزلت تمام بسر کر کے ۹ سنہ جلوس محمد شاہی ۱۱۴۰ھ میں وفات پائی اور پائین مزار پدر بزرگوار بیرون مقبرہ چبوترہ پر دفن ہوئے، آپ کے صاحبزادے جدی شیخ غلام نبی مخاطب بہ غلام حسن خان ثانی اوائل ۱۱۰۰ھ میں بمقام گوپامؤ پیدا ہوئے، دادا نے شیخ محمد اور میاں عبد الباقی بن الشیخ عبد الصمد جونپوریؒ نے قرآن مجید سے مقتبس کر کے غلام ذکی نام تجویز کیا لیکن جب حضرت جد معظم رحمۃ اللہ علیہ نے اس خوشی کا بادشاہ سے اظہار کیا تو بادشاہ موصوف نے بھی شریک مسرت ہو کر غلام نبی نام تجویز کیا، اور پھر یہی نام مقبول و پسندیدہ اہل خاندان و تمام جہان ہوا، یہ بھی اپنے اب جد کی طرح پانصدی منصب دار و داروغہ ارسال عسکری متعین صوبہ اودھ اور علاوہ مواضعات معافی کے گیارہ لاکھ دام (ستائیس ہزار پانچسو روپیہ) کے جاگیر دار تھے، اور غلام حسن خان خطاب تھا۔

آپ کے دو صاحبزادے ہوئے، فرزند اکبر جدی شیخ غلام مصطفیٰ خان مرحوم بھی منصبداری کیساتھ مواضعات معافی و جاگیر متذکرہ پر سرفراز رہے، اور فرزند اصغر حکیم غلام مجتبیٰ خان طبیب حاذق حکیم فائق مخبر الدولہ سید الممالک حکیم میر ماشاء اللہ خاں اسد جنگ کے شاگرد رشید اور وزیر الممالک آصف الدولہ بہادر نواب اودھ کے درباری طبیبوں میں تھے اسی تعلق کی بنا پر ۱۱۹۵ھ میں موضع عثمان پور ڈیہی علاقہ پرگنہ تلہر سرکار بدایوں حال ضلع شاہجہاں پور میں معافی

---

[1] فرامین کاغذات خاندانی و ڈسٹرکٹ گزیٹیرس یوپی جلد ۱۳ متعلقہ ضلع ہردوئی صفحہ ۱۸۹۔

ملاتھا جسکا ایک بر لئے نام حصہ اب بھی بقبضہ راقم ابن سطور ہے قصبہ میں آپ بڑے حکیم کے لقب سے مشہور و معروف تھے، مجربات مجتبائی آپ کی باقیماندہ یادگار ہے آپکی وفات کے بعد جدی و امجدی حکیم غلام حسن خانصاحب چشتی صفوی، مینائی مرید حضرت سید نصیر الدین صاحب سعدی بلگرامی، فرزند اکبر جدی شیخ غلام مصطفےٰ خاں مرحوم و مغفور مسند سریر آوردہ طبیب ہوئے، علوم عربیہ ملا قطب الدین صاحب گوپاموی سے حاصل کئے اور فن طب اپنے عم مکرم و دیگر اساتذہ لکھنؤ سے حاصل کر کے مرتبہ حذاقت و کمال کو پہونچے، امرائے جوار و دیار کے علاوہ اراکین سلطنت مثل منتظم الدولہ حکیم مہدی علیخاں ناظم خیرآباد مولوی فرید الدین احمد خان بہادر چکلہ دار گوپاموی، لالہ موہن لال صاحب نائب چکلہ دار و تعلقداران ہمزوان وغیرہ آپ کے حددرجہ معتقد تھے اسی عقیدت کی بناپر لالہ صاحب موصوف علاج و معالجہ میں ہمیشہ آپ ہی سے رجوع کرتے چنانچہ سو بیگہ آراضی موضع سمرکہتہ پرگنہ گوپامؤ لب شارع عام بعرض سیر جدی حکیم ابو الحسن خانصاحب عرف ابو میاں خلف جناب قبلہ حکیم صاحب نذر کی تھی جو ابتک بنام چک ہوا بار باقی ہے۔

آپ ہی کے زمانہ میں مناقشات بابت حقوق شرعیہ جو عرصہ سے دلوں میں پیدا ہو چکے تھے خاندان مفتیان سے رونما ہو گئے، اور یہاں تک طول ہوا کہ عدالت ابتدائی سے متجاوز ہوکر مقدمہ عدالت العالیہ لکھنؤ تک پہونچا، سادات قصبہ و خاندان قاضیان و مولویان کثیر التعداد شرفاء گوپامؤ آپ کے طرفدار تھے اور قنوجی صاحبان مفتی صاحبان کے ساعی و پیروکار آخر کار مقدمہ بحق حضرت جد معظم کامیاب ہوا مگر بزرگان خاندان مفتیان نے بعض نمک خواران ایسٹ انڈیا کمپنی کی نفرت و جبلت سے متاثر ہو کر بہتانات و الزامات کا طوفان بپا کر کے انقطاع قرابت و رشتہ داری کا اعلان کر دیا، معاملہ زمانہ شاہی کا تھا، مگر

اسکا تکملہ تاریخ خاندان مفتیان گوپامئو لکھکر مفتی محمد حسن صاحب وکیل جونپور مرحوم نے کیا
حضرت جد مرحوم کی وفات سنہ ۱۲۴۲ھ مقام ٹلہر عین اشتغال عبادت میں بعد نماز فجر واقع
ہوئی اور وہیں قبرستان پیر غیب شاہ میں جانب شمال زیر درخت املی مدفون ہوئے احقر
نے متعدد بار وہاں فاتحہ خوانی کی ہے آپ کے بعد جدی حکیم ابوالحسن خانصاحب مرحوم
متوفی سنہ ۱۲۹۵ھ وسادہ طب پدر بزرگوار پر متمکن رہے مگر اُن کے فرزند ارجمند جدی حکیم
بشارت حسن صاحب مرحوم متوفی سنہ ۱۳۰۶ھ نے باوجود طبیب ہونے کے عمر کا بیشتر حصہ عہد
شاہان اودھ میں بزمانہ وزارت علی نقی خان وغیرہ تحصیلداری اکبرپور، رسولپور وغیرہ توابع
فیض آباد میں گذارا، اور اس علم کو ذریعہ معاش نہیں بنایا بعد انتزاع سلطنت اودھ
خانہ نشین ہوگئے کبھی کبھی کسی خاص علاج میں متوجہ ہوجاتے، ورنہ ہمہ وقت اپنے پیر و
مرشد حافظ محمد اسلم صاحب[له] کے فرمودہ وتعلیم کردہ اوراد و وظائف اور اذکار و اشتغال
میں مصروف و مشغول رہا کرتے اس بنا پر سلسلہ طبابت دوسرے اعزائے خاندان میں مع ذخیرہ علمی
کے منتقل ہوگیا۔

متذکرہ صدر بزرگوں کے علاوہ احفاد و نبائر حضرت قاضی لہرے صاحب رحمۃ اللہ علیہ
میں جدی مولوی حکیم غلام حیدر صاحب قبلہ مرحوم مغفور برادر خورد جدی و امجدی حکیم
غلام حسن خان مرحوم سررشتہ دار کورٹ اپیل دائرہ و سائرہ بریلی و اضلاع مراد آباد میں بوپی
متوفی سنہ ۱۲۹۸ھ اور اُن کے صاحبزادے منشی غلام صفدر عرف منشی محفوظ علی صاحب مرحوم
محافظ دفتر جی شاہجہان پور متوفی سنہ ۱۲۹۶ھ اور اُنکے تین صاحبزادے منشی بندہ حسن صاحب
مرحوم وکیل منصفی پوایان ضلع شاہجہان پور متوفی سنہ ۱۲۹۷ھ و منشی اشرف حسین صاحب مرحوم

---

له بحالت خواب حضرت حافظ محمد علی صاحب خیرآبادی سے بیعت ہوئے اور تعلیم و تلقین شاہ محمد اسلم صاحب کی ۱۲

وکیل منصفی تلہر ضلع شاہجہاں پور متوفی ۱۳۱۹ھ و منشی انوار حسین صاحب مرحوم وکیل
منصفی پوایاں و دیوانی شاہجہاں پور متوفی ۱۳۵۲ھ اور جناب خان بہادر منشی محمود حسن
صاحب مرحوم بی اے ایل ایل بی علیگ (ڈسٹرکٹ و سشن جج یوپی) متوفی ۱۳۵۴ھ / ۱۹۳۶ء بن
منشی بندہ حسن صاحب موصوف بہت ممتاز و سربرآوردہ ہوئے۔ اب بزمانہ موجودہ
عزیزم حاجی مسعود حسن صاحب بی اے ایل ایل بی علیگ ایڈوکیٹ و میونسپل کمشنر و
جوائنٹ سکریٹری سنی ہائر اسکول و منیجر مدرستہ البنات بشیرت گنج و نائب منیجر تعلیم گاہ
نسواں لکھنؤ متوطن لکھنؤ و عزیزی میاں مقصود حسن صاحب بی اے ایل ایل بی،
اسسٹنٹ اسپیشل افیسر گورنمنٹ اسٹیشنری ڈپو حیدرآباد دکن فرزندان جج صاحب
مرحوم و منشی ظہیر الدین حسن صاحب[1] پنشنر منصرم منصفی لکھنؤ، و منشی جمیل الدین حسن صاحب[2]
وکیل لکھنؤ و منشی ابرار حسین صاحب[3] بی اے ایل ایل بی علیگ۔ وکیل و سابق میونسپل
کمشنر ہردوئی و منشی منیر الدین حسن صاحب[4] پنشنر سب انسپکٹر پولیس مقیم لکھنؤ اور ان
کے صاحبزادے نصیر الدین حسن سلمہٗ ایم اے آنرز ابنائے منشی انوار حسین صاحب مرحوم
و ناچیز مؤلف رسالہ ہذا ابو الکمال محمد بہاء الدین و نور چشمان مولوی حافظ حکیم محمد ضیاء الدین احمد
عالم الٰہ آباد و فاضل دار العلوم دیوبند بانی و ناظم تعلیم گاہ نسواں ہردوئی و مولوی محمد
علاء الدین احمد[5] متعلم درجہ اعلیٰ دار العلوم دیوبند و حکیم محمد صدر الدین برادر حقیقی ابنائے

---

[1] متوفی ۱۵ ربیع الاول ۱۳۷۲ھ مطابق ۳ دسمبر ۱۹۵۲ء بمقام لکھنؤ ۱۲ [2] متوفی ۲۴ مارچ ۱۹۵۰ء مدفون
عیش باغ لکھنؤ ۱۲ [3] وکالت ہردوئی ترک کر کے ۱۹۵۰ء مع اپنے صاحبزادے اسرار حسن
سلمہٗ علیگڈھ چلے گئے ۱۲ [4] ممتاز دار الیتامیٰ لکھنؤ کے سپرنٹنڈنٹ تھے ۱۹۵۰ء سے اپنے
صاحبزادے کے پاس مع اہل و عیال پاکستان چلے گئے ۱۲ [5] ۱۳۷۰ھ میں دورہ حدیث مع دریات
اور ۱۳۷۱ھ تفسیر کے خصوصی دورے سے فراغ حاصل کر لیا ۱۲

حکیم منشی سعید حسن[۱] صاحب ابن حکیم بشارت حسن صاحب مرحومین و عموی مولوی وزیر حسن صاحب برادر خورد جناب والد ماجدم قبلہ مع دو فرزندان از احفاد جدی حکیم بشارت حسن صاحب مرحوم نسل حضرت قاضی لہرے صاحب اللہ علیہ کی جملہ باقیات ہیں ۔

جدی شیخ غلام حسین بن جدی بیج غلام محمد صاحب منصبدار بھی منصبداری پر فائز تھے اور دو لاکھ بارہ ہزار نو سو ساٹھ دام (پانچ ہزار تین سو چوبیس روپیہ) کی پرگنہ گوپامئو میں جاگیر تھی انھوں نے اپنا مکان جداگانہ بنا لیا تھا اسی میں جج صاحب مرحوم مع اپنے عمام کے بود و باش رکھتے تھے اب بھی انھیں کے اولاد و اخوان کے قبضہ میں ہے ۔ عرصہ ہوا شیخ صاحب مرحوم کی نسل ذکور ختم ہوگئی جج صاحب وغیرہم انکی اولاد دختری میں ہیں

(۲۲) **شیخ عبد الرحیم متولی گوپامئو** راوی اکثر عنوانات و بیانات محبوب القلوب حضرت شیخ پھول صدیقی گوپاموی کے بڑے صاحبزادے اور شیخ سلیم جعفری کے نواسے اور حضرت بندگی قدس سرہٗ کے شاگرد، مرید اور اُن کے سوانح حیات و دیگر حالات کے بڑے واقف کار تھے عہد ہمایوں بادشاہ میں یا اس کے بعد غالباً حضرت شیخ پھول صاحب کی وفات کے بعد قصبہ و پرگنہ گوپامئو کے متولی مقرر ہوئے اور عہد اکبری تک بیشتر حصہ عمر اسی منصب پر فائز رہے ۔ احوال دقائق خوارق مندرجہ محبوب القلوب کی تقریباً بیشتر روایات متعلقہ گوپامئو آپ ہی کی بیان کردہ ہیں، آخر عمر میں معاش کی تنگی سے پریشان ہو کر حضرت بندگی کی خدمت میں امیٹھی گئے تھے اور حضرت نے شیخ عبد النبی صدر سے آگرہ جا کر عرض حال کرنے کا مشورہ دیا تھا بعد وفات حضرت بندگی قدس سرہٗ گوپامئو میں بعہد سلطنت اکبر بادشاہ وفات پائی اور عہدہ تولیت پر آپ کے برادر خورد شیخ عبد الکریم مامور ہوئے ۔

---

[۱] متوفی ۷ / اکتوبر ۱۹۲۰ء مطابق ۲۴ / ماہ صفر ۱۳۳۹ھ بمقام ہردوئی مدفون گوپامئو ۱۲

آپ کے احفاد میں متولی قدرت اللہ خان قدرت بن شیخ محمد کامل بہت ذی علم ہوئے مولوی محمد مصطفےٰ اعلیخاں صاحب خوشدل قاضی القضات مدراس سے شعر و سخن کی مشق بہم پہونچائی بعہد نواب اعظم جاہ بہادر مدراس مقبرہ نواب رحمت آپ کی تولیت اور خطاب خانی سے سرفراز ہوئے انھوں نے شعرا کے تین تذکرے تالیف کیے اول نتایج الافکار دوم جام جہاں نما سوم تکملۃ الشعرا۔ چنانچہ پہلا تذکرہ ۱۲۵۹ھ میں بمقام مدراس شائع ہوا اور اس وقت اس کے کئی نسخے گوپامؤ میں موجود ہیں اسمیں اپنے تذکرہ کے ساتھ بعض حالات آبائی وحید خود شیخ بھول تحریر کرتے ہیں:۔

"در بعد وفاتش پسر اکبرش مولوی شاہ عبدالرحیم کہ بحلیہ فضائل و کمالات آراستہ بود چنانکہ فتاوی مجمع المسائل از تصانیف اوست وبا وجود ابتلای خدمت مسطور در زمرہ خلفای بندگی نظام امیٹھوی قدس سرہٗ غرامتیاز داشتہ بعنوان پدر بزرگوار باطوار شایستہ بفرط بلندنامی ایام حیات مستعار بانصرام رسانید" صفحہ ۳۵۵ مطبوعہ مدراس۔

فتاوی مجمع المسائل کا تو اب نام ہی نام باقی رہ گیا ہے۔ امتداد زمانہ کے ساتھ پسماندگان کی بے حسی اور بے توجہی نے یہ نعمت ضائع و برباد کر کے اسکی نگہداشت سے سبکدوشی حاصل کرلی۔ رہا معاملہ خلافت از حضرت بندگی قدس سرہٗ یہ صحیح نہیں ہے۔ درحقیقت یہ صرف مرید ہی تھے خلیفہ نہ تھے (ملاحظہ ہو محبوب القلوب نکتۃ الخوارق ۱۲۹ و بیان الخلفا) افسوس ہے کہ متولی صاحب موصوف کے مزید خاندانی حالات اور ان کی اولاد و احفاد کی تفصیل کسی کا بھی پتہ نہ چل سکا۔

(۲۳) **شیخ عبدالقادر قنوجیؒ** (نکتۃ الخوارق ۱۲۱) | شیخ لاڈ صاحب ابن شیخ ابراہیم بن

شیخ نعیم اللہ بن قاضی علاءالدین بن قاضی شیخ محمد بن قاضی علاءالدین ابن قاضی شیخ علی بن قاضی شیخ محی خطابی فاروقی قنوجی کے صاحبزادے تھے۔

آپ کے جد اعلیٰ عہد چنگیز خاں میں بخارا سے آکر کچھ عرصہ تک ہانسی حصار میں اقامت گزیں رہے وہاں سے دہلی آئے پھر خدمات شرعیہ پر مامور ہوکر قنوج میں توطن پذیر ہوگئے۔ اور بلقب خطابیان مشہور ہوئے۔ اسی لقب سے جائے سکونت محلہ خطابیان[1] کہلائی

شیخ صاحب موصوف اوائل عہد[2] جلال الدین محمد اکبر بادشاہ میں حضرت بندگی نظام الدین عثمانی امیٹھوی سے تحصیل علم کیلئے جو اس وقت کے فضلاء کبار میں سے تھے گوپامؤ تشریف لائے اور کسب فضائل علمیہ کے بعد یہیں موطنت گزیں و ساکت قریب ہوگئے آپ کے پانچ صاحبزادے ہوئے ان میں سر برآوردہ سبط اکبر شیخ عبدالحی صاحب تھے آپ کی اولاد میں علماء مشائخ، امراء ہر طبقہ و مشرب کے حضرات ہوئے ازانجملہ شیخ محمد منور بن شیخ نعمت اللہ بن شیخ عبدالحی کے صاحبزادگان حاجی شیخ محمد انور اور شیخ عبدالوالی صاحبان ایسے کثیر العیال ہوئے کہ ان سب کی رہائش کیلئے پندرہ سولہ مکانات وقتاً فوقتاً تعمیر کرنا پڑے جناب حاجی شیخ محمد انور صاحب اور ان کے صاحبزادے خانجہان نواب محمد انور الدین خاں بہادر نے ملازمت شاہی اختیار کی چنانچہ حاجی صاحب اولاً خدمت پیش نمازی بادشاہی پر مامور ہوئے بعدہٗ خطاب خانی کے ساتھ پیشکاری نواب مخلص خان بخشی پر سر بلند کئے گئے کچھ عرصہ کے بعد بحصول

---

[1] مضمون علمائے گوپامؤ از مفتی جی انتظام اللہ اکبرآبادی مطبوعہ رسالہ مصنف علی گڑھ بابت اگست ۱۹۴۷ء

[2] ڈسٹرکٹ گزیٹیرس یو۔ پی جلد ۱۳ ضلع ہردوئی صفحہ ۱۰۸۔

رخصت سعادت فریضہ حج سے مشرف ہوئے مگر وہاں سے واپس ہوتے ہی راستہ میں علیل ہو گئے لشکر شاہی نہ پہونچنے پائے تھے کہ بلدہ خجستہ بنیاد اورنگ آباد میں بتاریخ ۱۵ ماہ رمضان المبارک سنہ ۱۱۱۱ھ وفات پائی بادشاہ کو ان کی وفات پہ بہت افسوس[1] ہوا تابوت گوپامئو لاکر بائیں مزار شیخ عبدالحئی صاحب رحمۃ اللہ علیہ حاجی صاحبؒ واقع محلہ بندگی میاں میں مدفون کیا گیا۔ آپ کی وفات کے بعد خان جہان محمد انوارالدین خان بہادر پیشکاری حمید الدین خان داروغہ دیوان خاص ضمیمہ وقائع نگاری وامین ہفت چوکی فوج بادشاہ زادہ محمد کام بخش پر مامور ہوئے اور کچھ عرصہ کے بعد بجلدوے خدمات سابقہ منصب و خطاب انوارالدین خان فوجدار کرناٹک ہوئے پھر بزمانہ نواب ناصر جنگ شہامت جنگ کا اضافہ ہوا لیکن سنہ ۱۱۶۲ھ کے معرکہ خونریز مظفر جنگ میں جو انگریزوں کے استیصال کے لئے فرانسیسیوں نے برپا کرایا تھا شہادت[2] پائی اور نعش حیدرآباد لاکر آصف نگر میں دفن کی گئی شعر ذیل سے واقعہ اور شہادت سنہ کا ثبوت ملتا ہے ؎

خرد گفت سالش ز الہام ہو ✽ شہید ست سالار گوپامئو
۱۱۶۲ھ

بعد شہادت آپ کے چار صاحبزادے یادگار رہے، از انجملہ فرزند اکبر نواب بدرالاسلام خان و نواب محمد محفوظ خان فرزند ثانی برادران حقیقی محل اول سے اور نواب محمد علی خاں والاجاہ و نواب عبدالوہاب خان برادران حقیقی دوسرے محل سے نواب بدرالاسلام خاں عہد محمد شاہ میں کٹھیر و شکوہ آباد کے صوبہ دار رہے اسی دوران میں انھوں نے ایک پختہ عالیشان سرائے جانب شمال سواد قصبہ گوپامئو میں تعمیر کرائی اور اس میں بھٹیارے بھی آباد کئے تھے مگر کہا جاتا ہے کہ شاہراہ عام سے علیحدہ ہونے کی وجہ سے آباد نہ رہ سکی اب اس میں رعایا آباد ہے دوسرے

---

[1] منتخب اللباب خافی خان صفحہ ۳۱۲ [2] ایضاً و ماثر الامرا نواب صمصام الدولہ جلد دوم صفحہ ۲۳، ۵۲۲ و ۵۲۷۔

بیٹے ہمیشہ اپنے والد ماجد کے ساتھ رہے اور کارہائے نمایاں انجام دیے اُن کی شہادت
کے بعد بھی اپنے علاتی بھائیوں کا ساتھ دیکر بڑے بڑے عہدوں پر فائز رہے حتیٰ کہ
وہیں ۱۱۹۳ھ میں وفات پائی اور مقبرہ نواب شہید میں دفن ہوئے۔

(۴۲) نواب محمد علی خان والاجاہ امیر الہند والئے ارکاٹ فرزند سوم نواب
انور الدین خان بہادر شہامت جنگ اور اُن کے وقت بازو برادر عمان برابر نصیر الدولہ
نواب عبد الوہاب خان بہادر کا بقدر کفایت وضرورت حال تاریخ گوپامؤ میں مرقوم ہو چکا
ہے اس جگہ حسب گنجائش رسالہ مشتے نمونہ از خروارے مختصراً تحریر کیا جاتا ہے۔

نواب محمد علی خان کو نواب ناصر جنگ میر احمد نظام الدولہ بن نواب آصف جاہ اول
نے صوبہ داری ارکاٹ پر بعد وفات نواب شہامت جنگ مامور کیا کیونکہ اس وقت تک
صوبہ ارکاٹ ممالک محروسہ نظام میں شامل تھا لیکن فرانسیسیوں کے اغوا سے ۱۱۶۴ھ میں
نواب ناصر جنگ شہید کر دئے گئے اس وقت سلطنت مغلیہ کے ضعف سے بساط سلطنت
جیتنے کیلئے انگریز و فرانسیسی اپنی اپنی گھاتوں میں تھے نواب نظام کو انگریزوں نے پہلے ہی
سے اپنا لیا تھا، مگر ہدایت محی الدین و حسین دوست خان عرف چاندا صاحب وغیرہ اعزائے
نظام کو فرانسیسیوں کی امداد و عنایت کے بھروسہ پر علاقہ جات دکن پر حکمرانی کے خواب
نظر آنے شروع ہو گئے چنانچہ اس موقع کو غنیمت خیال کر کے ایک طرف تو ہدایت محی الدین
خان کو فرانسیسیوں نے تخت آصف جاہی پر بٹھا دیا دوسری طرف امرائے آصف جاہی
نے نواب صلابت جنگ کو مسند نشین کیا جس کے بعد فریقین میں معرکہ کارزار گرم ہو گیا نواب
محمد علی خان نے اتفاق وقت سے چاندا صاحب کو گرفتار کر کے قتل کرا دیا اور اس کا سر
بامیارا انگریزان احمد شاہ بادشاہ کے پاس دہلی بھیجدیا چنانچہ فتنہ دکن فرو کرنے کے صلہ میں

بادشاہ نے خطاب والاجاہ، علم و نقارہ، ماہی مراتب و سند التمغار صوبہ داری دائمی ملک کرناٹک عطا کردی اسوقت سے یہ مستقل صوبہ دار ہوگئے، نواب نظام کو اُن کی یہ غیر متوقع خودسری ناگوار ہوئی اس کے تصفیہ کے لئے ۱۱۷۶ھ میں مجلس صلح منعقد ہوئی انگریز بازی گروں نے نواب نظام کو کچھ دے دلا کر نواب والاجاہ صاحب کا ارکاٹ و کرناٹک پر اقتدار کلی[۱] تسلیم کراتے ہی بھائی چارہ و معاہدہ بازی شروع کردی یہی اس ہمدردی و عنایت کا ماحصل اور غرض اصلی تھی۔

نواب والاجاہ بہت ذی علم علماء و فضلاء کے بڑے قدردان تھے حضرت ملا عبدالعلی بحرالعلوم فرنگی محلی لکھنویؒ کو اپنے یہاں ایک ہزار روپیہ ماہانہ تنخواہ پر بلایا حضرت کے شہر مدراس میں داخلہ پر عمائد و عمال ریاست نے گرمجوشی سے استقبال کیا حضرت ملاؒ پالکی پر سوار سب لوگ پیادہ پا ساتھ ساتھ محل شاہی تک آئے صدر دروازہ پر خود نواب صاحب تمام اہل خاندان کے ساتھ استقبال کیلئے موجود یہ دیکھکر ملا صاحب نے پالکی سے اترنا چاہا تو نواب موصوف نے یہی نہیں کیا کہ اترنے نہیں دیا بلکہ مزید برآں پالکی کو کندھا دیتے ہوئے مسند نشین تک لائے اور صدر میں بٹھلا کر خود سامنے مودب بیٹھ گئے اور فرائض مہمان نوازی بدرجہ اتم ادا کئے بعدہٗ ایک بہت بڑا دارالعلوم قائم کر کے ملا صاحب کو ملک العلماء کے خطاب کے ساتھ شیخ الجامعہ مقرر کیا اور تمام عمر انتہائی تعظیم و تکریم کے ساتھ رکھا اور اپنا یہ معمول کر لیا تھا کہ جب بھی ملا صاحب محل میں تشریف لاتے تو صدر دروازہ پر استقبال اور واپسی پر اسی جگہ تک مشایعت کرتے[۲]

نواب صاحب موصوف نے سلطان روم سے خدمت شمع افروزی و فراشی حرمین

---

[۱] مآثر الامراء ۱۲ [۲] تذکرہ علمائے فرنگی محل مولانا مولوی عنایت اللہ صاحب صفحہ ۱۳۹ ماخوذ

شریفین کی اجازت چاہی چنانچہ ۱۷۶۳ء میں خلیفۃ المسلمین نے بذریعہ فرمان خطاب امیر الہند
خادم الحرمین ایسٹ انڈیا کمپنی کی وساطت سے عطا کی اُن کا بڑا وصف یہ تھا کہ اس رتبہ و
عروج پر پہونچکر اپنے وطن اور اہل خاندان کو نہیں بھولے اور اپنے اعزا و اقربا کی حیثیت کے
موافق امداد و اعانت اپنا فرض اولین قرار دیا اور اُن کو بڑے بڑے عہدے، وظیفے اور
خطابات دئے، نیز بعض آثار متبرکہ قصبہ مثل مقبرہ حضرت مخدوم اعز الدین سرخ لعل پیر
قدس سرہ العزیز ۱۷۹۵ء میں نیز جامع مسجد اکبری، عیدگاہ گویا مئو کی شدید زلزلہ سے
شکستگی کے بعد بصرف زر کثیر تعمیر و درستی کرائی جس کے بعد تا اینہدم علی حالہ صحیح و
سالم باقی ہیں ۱۲۱۰ھ میں وفات پائی اور تہر نگر میں مدفون ہوئے۔
شیخ عبدالوالی بن شیخ محمد منور صاحب آپ ہی کی اولاد کثیرہ کی استقامت گویا مئو کے
محلہ قنوجی کا بقا رہا شیخ صاحب موصوف نے گویا مئو میں ایک بہت بڑا محل بنام قلعہ تعمیر
کیا جو متعدد وسیع و خوشنما قطعات و مکانات پر مشتمل تھا یہ محل اتبک گرا پڑا باقی ہے
اور اس کا بلند پھاٹک بانی کی علوے شانی و بلند مکانی کی شہادت دے رہا ہے اُن کے
صاحبزادے نواب محمد منیر الدین خان بہادر محمد شاہ یا احمد شاہ بادشاہ دہلی کی جانب سے
نائب صوبہ دار بنگالہ رہے اور پوتے مولوی محمد مصطفےٰ علی خان اول بن شیخ خیر اللہ بن
شیخ عبدالوالی پہلے قاضی القضات مدراس اور اُن کے برادر زادے مولانا شاہ صلاح الدین
صاحب رحمۃ اللہ علیہ جو شاہ غلام یحییٰ صفی پوری اور حافظ سید معشوق علی صاحب خیرآبادی
کے شیوخ میں ہونے کے علاوہ مولانا فضل امام صاحب خیرآبادی کے پیر و مرشد بھی تھے
نیز مولوی مصباح اللہ خان بن شیخ محمد روشن بن شیخ محمد امان بن شیخ عبدالوالی موصوف
مرجع العلماء و مصلح الفضلا حضرت شاہ قدرت اللہ صاحب صفی پوری قدس سرہٗ کے

خلفاء میں اور قاضی القضات مولوی مصطفیٰ علیخاں شائی متخلص بہ خوشدل خلف قاضی القضات
صاحب اول اور اُن کے فرزند ارجمند افضل العلماء خانبہادر ابوالعلی مولوی محمد ارتضیٰ علیخان
بہادر خوشنو قاضی القضات ممالک محروسہ ارکاٹ علی الترتیب خلفائے حضرت شاہ غلام پیر
خلف شاہ یٰسین بلگرامی و حضرت شاہ نصیر الدین عرف سعدی میاں صاحب بلگرامی قدس
سرہٗ سے تھے ماسوا اُن کے مولوی قدرت احمد صاحب مؤلف رسالہ جدولیہ در علم منطق
و بہج الحذاقت در طب و فقہ احمدی در علم فقہ وغیرہ و مولوی مقبول احمد صاحب مؤلف گلزار
عجم بجواب بہار عجم امانت و تنبیہ الانسان در حلت و حرمت حیوان۔ و حافظ شاہ انوار الحق عرف
کلو میاں صاحب انوار مجددی نقشبندی خلیفۂ اول حضرت شاہ عبد الرحمن خانصاحب
شاہجہانپوری گوپاموی قدس سرہٗ صاحب دیوان و مولوی خیر الدین عرف مولوی منظور علی
صاحب مفتی اورنگ آباد دکن مؤلف ریاض الازہار (دوازدہ مجلس) و مولوی غلام حیدر صاحب
حیدر مترجم منظوم سکندر نامہ بحری و بری موسوم بہ گلدستۂ شجاعت، و مثنوی مولانائے رومی
موسوم بہ شجرۂ معرفت، و شارح اردو قصیدہ بردہ و ترجمہ اردو مثنوی بو علی شاہ قلندر موسوم
بہ کنز الاسرار وغیرہ و مولوی حکیم محمد جعفر صاحب ساقی مؤلف تبصرۃ الامراض و قرابادین جعفری
فارسی و تحفۃ الشائقین اردو و منشی نواب نصیر الاسلام صاحب نصیر عاشق رسول، تلمیذ
مولوی محمد اسمٰعیل مرادآبادی و میرزا گل محمد کرانی و آقا علی اکبر شیرازی و مولوی صوفی محمد امجد
صاحب شہرت و مخمور و خادم الحرمین الشریفین نواب حاجی محمد ناظر حسین خان اور اُن
کے برادر خورد مولوی حافظ حکیم شاہ ابو سعید محمد یاور حسین سرفرازی، مجددی نقشبندی
فاضل دار العلوم دیوبند مؤلف تالیفات کثیرہ وغیرہم کثیر التعداد فضلا و عمائد شیخ صاحب
موصوف ہی کی اولاد میں ہوئے۔ مگر اس دور قحط الرجال میں شیخ عبد القادر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

کی اولاد بھی انحطاط عددی سے نہ بچ سکی اور پندرہ سولہ گھروں میں بسنے والے کنبے کا گھٹ کر صرف دس بارہ افراد میں محدود رہجانا حسرت واندوہ سے خالی نہیں بحالت موجودہ اس نسل سے مولوی حاجی نواب رئیس الاسلام صاحب مع فرزند و برادرم حافظ قاری حکیم محمد ناظم حسین[1] صاحب منشی فاضل پنجاب، اور اُن کے برادر خورد مولوی ابرار حسین صاحب فاروقی ایم اے منشی فاضل پرنسپل اورنگ آباد انٹرمیڈیٹ کالج مع فرزندان[2] دخالصاحب حکیم محمد مظہر حسین صاحب سابق آنریری مجسٹریٹ سونی پت ضلع رہتک صوبہ دہلی مع برادرزادہ و صوفی سجاد حسین صاحب مع فرزند و برادرزادہ و مکرمی منشی شریف الحسن صاحب خلف حکیم محمد جعفر صاحب مع فرزندان مقیم بھوپال وغیرہ جملہ بارہ پندرہ اشخاص باقی ہیں وہ بھی متفرق و منتشر۔

(۲۵) **عبداللہ** مکتوب نمبر ۴ و ۲۷ | صوفی شیخ قاون رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے دولارے میاں عرفیت اور حضرت بندگی قدس سرہٗ کے مرید تھے۔

(۲۶) **میاں شیخ عبدالوہاب خطیب**رحمۃ اللہ علیہ (مقامات کثیرہ محبوب القلوب خصوصاً حصہ مکتوبات) شیخ عبدالغفار بن شیخ عبدالقادر خطیب گوپامئو کے صاحبزادے تھے حضرت بندگی قدس سرہٗ سے تحصیل علم کرکے داخل سلسلہ بیعت وارادت ہونے کے ساتھ اپنے معاصرین میں ممتاز ہوئے۔ حضرت بندگی علیہ الرحمۃ کو انپر اسدرجہ اعتماد و بھروسہ تھا کہ اپنے تمام انتظامی معاملات انھیں کے سپرد فرمادئے تھے ترک سکونت گوپامئو کے بعد حضرت موصوف نے

---

[1] بتاریخ ۱۶ ماہ جولائی ۱۹۵۱ء مطابق ۱۰ شوال المکرم ۱۳۷۰ھ مرض حمی مطبقہ میں بمقام گوپامئو وفات پائی اور تین صاحبزادے حکیم محمد ہاشم حسین صاحب، محمد عارف حسین و آصف حسین سلمہم یادگار چھوڑے ۱۲

[2] رفعت حسین و عشرت حسین سلمہما ۱۲

امیٹھی سے جسقدر خطوط گوپامؤ بھیجے یا اس سے قبل امیٹھی بھیجے انمیں سے جس قدر دستیاب ہو سکے وہ سب محبوب القلوب میں جمع ہیں ان میں سے منجملہ ۲۰ مکتوبات کے بنیسٹھ اُن سے متعلق ہیں از انجملہ اکسٹھ اُن کے نام ہیں جنمیں مضامین متعلقہ دیانات و معاملات و ہدایات متعلقہ تلاوت قرآن مجید و پابندی اوراد و ادعیہ مندرجہ عوارف و انتظام مواضعات مرقوم ہیں اس کے علاوہ محبوب القلوب کے بعض واقعات بھی اُن سے مروی ہیں کتاب مذکور سے یہ بھی ثابت ہوا کہ آپ کے منصب خطابت کے متعلق عہد اکبر بادشاہ میں بزمانہ صدر الصدوری شاہ فخر الدین موسوی فتنہ مخالفت برپا ہوا تھا حضرت بندگی قدس سرہٗ کی پرزور سفارش سے جسمیں تمام اہالیان گوپامؤ سے زیادہ آپ کی شرافت نسبی و فضیلت علمی و قرأت دانی و تقویٰ شعاری کی تصدیق و استحقاق خطابت کی توثیق فرمانے سے فتنہ فرو ہو کر منصب بے خرخشہ بحال و برقرار ہو گیا تھا یہ سب امور و وقائع ۔ خوارق، بیان اوراد و تدریس علوم، ذکر مریدین اور مکتوبات مرقومہ محبوب القلوب میں موجود ہیں، آپ کے ایک صاحبزادے شیخ عبد الحق تھے جنکا نام نمبر ۸ امیں مسطور ہو چکا ۔ اُن کی اولاد میں حضرت ملا شیخ احمد بن عبد المنصور عالم متبحر و فقیہ مبصر ہوئے یہ بمعیت ملا وجیہہ الدین صاحب شہابی سہروردی گوپاموی تالیف فتاویٰ عالمگیری پر مامور تھے ان کے علاوہ شیخ محمد علیم بادشاہی وکیل و بغیر صوبہ جات اور اُن کے صاحبزادے شیخ غلام معین الدین مخاطب بہ امجد قلی خاں ایک ہزاری منصبدار اور اُن کے بیٹے امین الدین خاں میر منشی قلمدان وزارت شاہ ہرات اور اسی نسل سے منشی احمد علی خطیب متوسل دربار سلطان ٹیپو و مترجم حملات حیدری بایمائے سر جان ایسٹ سرگروہ کونسلیان کلکتہ، و شیخ نظام الدین نائک بخشی افواج ٹیپو سلطان ۔ و میاں محمد شتاق بخشی افواج سلطان ٹیپو،

منشی کرم عظیم داروغہ پرسٹ و گھاٹ حلقہ دہلی و میرٹھ منجانب حکومت انگریزی ہوئے نیز عمدی منشی محمد بقاء اللہ صاحب مرحوم نبیرہ منشی کرم عظیم صاحب موصوف نے اولا سربراہ کاری کورٹ بلگرام اور اسکے بعد ۱۸۷۶ء سے سرائے میران ضلع فتحگڈھ میں وکالت اختیار کر کے بڑی شہرت و ناموری حاصل کی اور آپ کے برادر زادہ عمی و محترمی صوفی شاہ محمد عظیم صاحب حضرت مولانا شاہ محمد مسعود عرف مولوی رحیم بخش صاحب مفتی اعظم دہلی مجددی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کے مرید خاص و خلیفہ حضرت پیر جی سید سرفراز علی صاحب رح نے علائق دنیاوی ترک کر کے ۱۳۱۱ھ میں ہندوستان سے مکہ مکرمہ (زادہا اللہ شرفاً و تعظیماً) کو ہجرت کی اور وہاں پانچ سال قیام کر کے بلدہ مقدسہ مدینہ منورہ میں توطن اختیار کیا مگر ہنوز ایک ہی سال گزرا تھا کہ ماہ محرم الحرام ۱۳۱۷ھ میں وفات پائی حضرت مفتی صاحب آپ کی وجہ سے ۱۳۰۹ھ میں گویا مئو تشریف لائے اور ایک جم غفیر کو راہ ہدایت و صراط مستقیم پر لگایا جناب صوفی صاحب کے برادر زادہ حقیقی حاجی حافظ قاری محمد مصطفی احسن بن حاجی محمد عترت حسین مرحومین مدرسۃ الفلاح مکۃ المکرمہ کے تعلیمیافتہ اور دولت آصفیہ حیدر آباد کے وظیفہ یاب وغیرہ وغیرہ اس خاندان کے قابل ذکر حضرات میں سے تھے مگر اب بحالت موجودہ صرف دو پسر حافظ محمد مصطفی احسن مرحوم، و برادرم منشی محمد محسن صاحب ملازم سابق و حال وظیفہ یاب سرکار آصفیہ معتیم حیدر آباد، و برادرم منشی محمد احسن صاحب سابق سپرنٹنڈنٹ پولیس ریاست ٹونک پنشنر کورٹ انسپکٹر طحال وکیل رامپور یوپی، عزیزم منشی حبیب اصغر صاحب بی اے ایل ایل بی علیگ وکیل سرائے میران ضلع فرخ آباد۔ اور عزیزم میاں فاروق احسن صاحب[له] ایم اے ایل ٹی علیگ معلم تاریخ و جغرافیہ رضا انٹرمیڈیٹ کالج رامپور اسٹیٹ یوپی شیخ عبدالوہاب صاحب

---

[له] بتاریخ نہم ماہ جون ۱۹۵۱ء صرف دو گھنٹہ بخار میں مبتلا رہ کر عین شباب میں بحالت مسافرت میں مقام ...... وفات پائی ۱۲

کی نسلی یادگار ہیں۔

(۲۶) میاں شیخ عبدالواحدؒ (اکثر و بیشتر مکتوبات) میاں صوفی قادن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے اور حضرت بندگی قدس سرہٗ کے تلمیذ رشید، مخلص مرید، اور معتمدین خاص سے تھے جس قدر مکتوبات حضرت بندگی نے شیخ عبدالوہاب صاحب کے نام ارقام فرمائے ہیں ان سب کے مخاطب اور ان کے احکام مندرجہ کے تعمیل کنندہ اور ہر قسم کی داد و دہش اور مراعات میں اُن کے شریک و مساوی ہیں آپ کے صرف ایک صاحبزادے شیخ محی الدین تھے مگر اُن کی اولاد پسری نہ ہونے کے باعث نسل ذکور منقطع ہوگئی۔

(۲۷) عبدالغنی (مکتوب نمبر ۴۶) تحقیق نہ ہوسکا کہ کون بزرگ تھے۔

(۲۸) میاں شیخ عیسیٰ متعلم (مکتوبات نمبر ۳۴ و ۵۵ و ۶۴) حضرت مفتی شیخ آدم دانشمند کے صاحبزادے اور بندگی میاں قدس سرہٗ کے سالے (برادر اہلیہ ثانیہ) اور شیخ مسعود الدین جعفر ثانی خلف ہفتم حضرت بندگی کے داماد تھے خانقاہ حضرت بندگی میں تعلیم پائی اور اپنے زمانہ کے عالم جید و بعد وفات پدر عالی قدر مفتی پرگنہ گوپامؤ ہوئے۔ جملہ سلاسل طریقت میں اپنے والد ماجد سے مجاز بیعت اور حسب نوشتہ مولوی امیر حسن سکنپوری سلسلہ طیفوریہ شطاریہ میں شیخ وجیہ الدین گجراتی کے بھی خلیفہ تھے مگر آپ کے فرزند ارجمند حضرت ملا وجیہ الدین صاحب کے خود نوشتہ سلاسل طریقت آبائی سے حضرت مفتی آدم صاحب کا خلیفہ شیخ گجراتی موصوف ہونا ثابت ہوتا ہے نہ کہ صاحب تذکرہ کا۔ لیکن مقام تعجب ہے کہ یادداشت ہائے انساب تاریخ خاندان مفتیان گوپامؤ میں جو صحائف آسمانی سے کم درجہ نہیں رکھتے ایسے اہم واقعات کا کہیں ذکر نہیں ہے حالانکہ اُن کی وجہ تالیف یا شان نزول اہل خاندان کی واقفیت و آگاہی و معلومات افزائی تھی۔ حضرت صاحب تذکرہ جد مادری اجداد راقم سطور ماہ شعبان ۹۶۰ھ

عہد سلطنت جلال خاں ملقب بہ اسلام شاہ سور میں پیدا ہوئے تھے اور ۲۹ ذی الحجہ ۱۰۲۲ھ
عہد نور الدین محمد جہانگیر شاہ میں بعمر ۶۲ سال راحلہ پیمائے سفر آخرت ہوئے۔ مفتی جی انتظام اللہ
اکبرآبادی نے آپ کو شیخ وجیہ الدین گجراتیؒ کا تلمیذ رشید لکھا ہے جو بلا ثبوت اور غلط محض ہے
اسیطرح خلافت از حضرت بندگیؒ۔

(۲۵) **فتح ملک** (مکتوب نمبر ۴۴) بجز اسکے کہ ملا الہداد دانشمند گوپاموی کی بہن تھیں
اور کچھ حال نہیں معلوم ہوسکا۔

(۲۶) **میاں قادن صوفی** (دقیقۃ المقال نمبر ۴ و مکتوب نمبر ۱) نام نامی شاہ عبد القادر
شیخ بازید بن شیخ احمد بن محمد سعد قنوجی اوجھی مورث اعلی و بانی خاندان خطیبان گوپاموکے پوتے
اور حضرت بندگی قدس سرہ کے اطاعت شعار مطیع و منقاد مرید اور بہت بھولے و نخمر بزرگ
شیخ عبد الواحد و شیخ عبد اللہ عرف دولا سے میاں ممتحمین حضرت بندگی کے پردادا تھے شیخ موصوف
کے احفاد و نبائر میں شیخ محمد منعم اور اُن کے بیٹے شیخ محمد حیات بڑے ذی وجاہت و ذی علم
ہوئے ثانی الذکر کے بیٹے منشی غلام بندگی داماد مولوی محمد عظیم ستاری خشتی مخاطب بہ عظیم اللہ خان میر
منشی گورنر جنرل بڑے ذی اثر ذی استعداد ہوئے اُن کے بیٹے منشی عبد الحی نواسہ میر منشی
موصوف نے (۱) مولوی محمد اکرام مخاطب بہ اکرام اللہ خان ستاری خشتی قاضی القضات پٹنہ جو عہد
ایسٹ انڈیا کمپنی میں پینتیس سال عہدہ ہائے جلیلہ تحصیلداری ٹہر نواباں، کہنہ بریلی، بدایوں،
سہسوان و ہتھمی پیمائش بند و بست اول ملک آئین پر فائز رہے بعدہ ۱۸۳۲ء میں ڈپٹی کلکٹر
بدایوں و بجنور پھر میر منشی لارڈ ولیم بنٹنگ گورنر جنرل ہوگئے کم و بیش اکیسال اس خدمت
کو انجام دیکر ۱۸۳۱ء میں ریزیڈنسی لکھنؤ کی کسی بڑی اسامی پر مامور ہوکر کلکتہ سے براہ دریا لکھنؤ
جاتے ہوئے رستہ میں بمقام سونبھی (ضلع وغیرہ نامعلوم) ۶ اکتوبر ۱۸۳۱ء کو دفعۃً کشتی ہی پر

فوت ہوگئے اور وہیں مدفون ہوئے جملہ کاغذات مال و اسباب ہمراہیوں نے دست برد کرلیا
ان کے بیٹے جدی منشی امیر احمد صاحب والد ماجد جدہ صاحبہ محترمہ مرحومہ و مغفورہ اپنے پدر بزرگوار
کی طرح بہت ق و نائق، عابد و زاہد حضرت حافظ سید شاہ محمد علی صاحب خیرآبادی رحمۃ اللہ علیہ
کے مریدین میں اس پایہ اور مرتبہ کے تھے کہ بہتوں کو خلیفہ ہونے کا گمان تھا عرصہ دراز تک حاکم افواج
لکھنؤ کپتان میگنس مخاطب بہ جان نثار خاں ہزبر جنگ کے میر منشی رہے جیسا کہ آغائی صاحب
کے ایک خط مندرجہ سطور ذیل سے معلوم ہوگا۔ کپتان مذکور کے ولایت واپس جانے یا فوت ہو
جانے کے بعد مولوی فرید الدین احمد خان بہادر گوپاموی چکلہ دار نے باصرار تمام اپنا میر منشی بنایا
۱۲۷۵ھ میں بمقام گوپامئو وفات ہوئی اور بسبب غلبہ عقیدت مخدوم لال میر موافق وصیت بیرون
درگاہ محاذی صدر دروازہ چبوترہ پر مدفون ہوئے مولوی غلام حسین خاں مرحوم خلف چکلہ دار صاحب
موصوف نے جعل اللہ الجنۃ مثواہ سے سنہ وفات اخذ کیا ہے۔ آپ کے دو
صاحبزادے تھے جدی حاجی منشی محمد حسن صاحب و جدی منشی احمد حسن صاحب عرف مولانا
میاں اول الذکر صاحب تا غدر ۱۸۵۷ء بماتحتی آغائی صاحب محالات فیض آباد و سلطان پور کے
تحصیلدار رہے علم طب میں کافی متبحر اور علم رمل میں کامل دسترس رکھتے تھے حاجی شیخ
احمد اللہ صاحب تعلقدار نگوور رئیس اعظم لاہرپور نواسہ منشی غلام بندگی صاحب موصوف گوپاموی
کی صاحبزادی سے عقد ہوا اور صرف ایک ہی بیٹے عموی منشی تجمل حسین صاحب (مرحوم) پیدا
ہوئے جو فارسی زبان کے بڑے ماہر اور ادیب تھے ریاست محمود آباد میں عرصہ تک تحصیلدار اور
منصرم رہے بالآخر اُن کے چھوٹے ماموں جدی حافظ محمد سراج الحق صاحب مرحوم نے اپنی
رفع تنہائی اور انتظام ریاست آبائی کے صلہ میں تقریباً ایک ثلث جائداد غیر منقولہ اُن کو
ہبہ کر کے لاہرپور بلالیا اس وقت سے یہ وہیں متوطن ہوگئے آپ کے صاحبزادگان میں سب کو

بڑے برادرم مولوی شاہ محمد حسین عرف محمد میاں صاحب تلمیذ جناب حافظ غلام محمد صاحب ذاکر گوپاموی و مدرس جناب نواب حاجی محمد ناظر حسین خانصاحب مرحوم، حضرت مرشدی مولانا شاہ محمد بہار الدین صاحب امروہی مہاجر مکی رحمانی مجددی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہما کے خلیفہ متوفی ۲۲ جمادی الاولی ۱۳۶۲ھ تھے - جناب عموی مولوی حاجی مسعود علی صاحب محوی فتحپوری بی اے علیگ ریٹائرڈ جج حیدرآباد دکن نے آپ کی وفات پر قطعہ تاریخ ذیل تحریر فرمایا ہے ؎

رہ کے جہان میں سب کچھ دور جہاں سے مگر　　کرتے رہے عمر بھر خدمتِ اہلِ جہاں
ذات تھی اُن کی بہت مغتنم اس عہد میں　　عاشقِ قرآن تھے بانی نور القرآں
شاق ہے اُن کا فراق اہلِ وطن کیلئے　　روتا ہے اُن کے لئے کُل ہی خانداں
حیف جدا ہو گئے حیف جدا ہو گئے　　شاہ محمد حسین عرف محمد میاں

افسوس ہے کہ برادر صاحب موصوف کی کوئی اولاد پسری زندہ نہیں رہی اور چھوٹے صاحبزادے عزیزم حاجی احمد حسین صاحب ہیں - آپ کے ایک ہی صاحبزادے نور چشم مولوی محمد امین متعلم درجہ فضیلت دار العلوم دیوبند تھے امید تھی کہ اُن سے قانون گویان لاہرپور و خاندان صوفی قادن صاحب گوپاموی رحمۃ اللہ علیہ کا نام باقی رہے گا مگر منظور الٰہی نہ ہوا ایک سال تک مرض دق میں مبتلا رہ کر بتاریخ ۲ ماہ ذی الحجہ ۱۳۶۵ھ لاہرپور میں بعمر ۱۲ سال وفات پائی عموی مولوی حاجی مسعود علی صاحب محوی فتحپوری موصوف الصدر نے حسب ذیل قطعہ تاریخ وفات لکھا ہے ؎

نازش دودمان محمد امین　　باہمہ دانش و متانت بود
بست سال این ودلیت یزدان　　در برمائے حصانت بود
چوں طلب کرد مال صاحب　　عذر در ازرہ دیانت بود
بازدادیم با "تمام اعزاز"　　۵۶۷　+　"ما امینان - این امانت بود"　۷۹۸

اب صرف عزیزی حاجی صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ وابقاہ دونوں خاندانوں کی یادگار ہیں۔

جدی منشی احمد حسن صاحب بن منشی امیر احمد صاحب مرحوم فارسی کے منشی اور انساب قصبات کے بہترین واقف کار اور نساب تھے۔ آپ کی بابتہ میرزا محمد عباس صاحب کو انکی اسسٹنٹ کلکٹری ہردوئی کے زمانہ میں جو خط آغا علی صاحب نے لکھا تھا اسجگہ درج کیا جاتا ہے۔

"میرزا محمد عباس - حامل کتاب ہذا کے والد منشی امیر احمد مرحوم جو منشی تھے، جان نثار خان کپتان میگنس سر پرجنگ کے واقعی منشی صاحب مرحوم نہایت دیانتدار تھے اور ان کے حقوق میرے ذمہ بہت ہیں ان کے بیٹے "شیخ احمد حسن صاحب" مجھ سے درخواست خط سفارش کی تمھارے نام کی ہر چند میں جانتا ہوں کہ تمھارے اختیار میں نوکری نہیں ہے مگر جہاں تک تمھارے امکان میں ہو شیخ صاحب موصوف کی سفارش میں دریغ نہ کرنا ان کی کامیابی باعث میرے مزید مسرت کا ہوگا۔ المرقوم ۲۹ر جنوری ۱۸۸۴ء"

الغرض ۱۸۶۶ء سے ۱۸۸۶ء تک اضلاع ہردوئی، سیتاپور، لکھیمپور اور بارہ بنکی کے محکمہ کورٹ آف وارڈس وغیرہ میں ملازمت کرنے کے بعد اپنے ننہال لاہر پور میں خانہ نشین ہو گئے۔ وہیں بتاریخ ۸ر رجب ۱۳۲۱ھ / ۱۹۰۳ء وفات پائی اور درگاہ حضرت شاہ علاء الدین جھینہ پوش میں مدفون ہوئے۔

(۳۱) **قطب الدین** (مکتوب نمبر ۶۱) | پتہ نشان اور کچھ حالات معلوم نہ ہو سکے۔

(۳۲) **قمر الدین** (مکتوبات نمبر ۶۱، ۶۴، ۷۱) | پسر شیخ جلالی بن شیخ نصرت اللہ چودھری ہمایونی بن شیخ امان اللہ بن شیخ قدرت اللہ بن شیخ رحیم اللہ۔

(۳۳) **کمال** (مکتوب نمبر ۶۳) | پتہ نشان اور حالات کچھ بھی معلوم نہ ہو سکے۔

(۳۴) **شیخ ماکھو** (تکملۃ الخوارق نمبر ۱۰۲) | جہانتک تحقیق ہو سکا ہے شیخ بھول کے صاحبزادے

حضرت بندگی قدس سرہ کے شاگرد و مرید اور متولی شیخ عبدالرحیم و متولی شیخ عبدالکریم کے بھائی نہایت صالح اور متقی بزرگ تھے۔ گو کہ اس نکتۃ الخوارق کے راوی شیخ عبدالرحیم صاحب ہی ہیں مگر اُن کے الفاظ سے بھائی ہونا ظاہر نہیں ہوتا کیا عجب ہے کہ یہ مؤلف ملفوظ کے طرز تحریر کی وجہ سے ہو کیونکہ وہ عام فہم مضمون کو مغلق کر کے لکھنے کے عادی ہیں اس سے زیادہ حالات نہ معلوم ہو سکے۔

(۳۵) **قاضی مبارک** (نمبرات ۵ و ۱۱۰ نکتۃ الخوارق و مکتوبات نمبر ۱۴ تا ۱۹ و ۲۱ و ۲۳) ابن قاضی شہاب الدین مرید حضرت مخدوم شیخ سعد خیرآبادی بن قاضی علاء الدین بن قاضی حاتم بن قاضی کبیر بن قاضی مبارک اول رحمۃ اللہ علیہم۔ نواسہ قاضی میاں ساکن بسوبہ (بسواں) حضرت بندگی امیٹھوی قدس سرہ کے شاگرد رشید و جان نثار مرید اور اس درجہ متبع و منقاد تھے کہ بہتوں نے خلیفہ ہونے کا گمان کر کے اپنی کتابوں میں اُن کو خلیفہ لکھدیا آپ حضرت مخدوم شیخ سعدی بن قاضی محمد ابن قاضی من اللہ کاکوروی کے داماد اور ہندوستان کے اکابر علماء و مشاہیر فضلاء میں تھے اپنے والد ماجد کی وفات کے بعد قاضی قصبہ و پرگنہ گوپامئو مقرر ہوئے اور اوائل عہد اکبری تک اس خدمت کو بکمال دیانت و امانت انجام دیتے رہے ملا عبدالقادر بدایونی نے منتخب التواریخ میں آپ کے چشم دید حالات لکھے ہیں جو تاریخ گوپامئو میں نقل ہو چکے ہیں اسجگہ عبارت ترجمہ اردو کتاب مذکور مطبوعہ نولکشور پریس جو کسی قدر مختصر اور خلاصہ ہے درج کی جاتی ہے۔

"قاضی مبارک گوپاموی یہ بھی بڑے عالم تھے اور منصب قضا میں بڑی دیانت سے کام کرتے تھے۔ شیخ نظام الدین امیٹھی والے کی خدمت میں سب علوم انھوں نے حاصل کئے شیخ کو ابتدا سے اُن کے ساتھ ایک نظر خاص تھی اور اُن کی تعلیم بہت اچھی طرح کرتے تھے قاضی آخر عمر تک معزز اور مکرم رہے اسی حال میں انتقال کیا

قاضی کے شاگردوں میں اکثر طلبا دور دور سے آکر گوپامؤ میں رہتے تھے اور اُن کی خدمت میں کمال حاصل کرتے انھیں میں سے ایک مخدوم بدھ (بدہا) تھے جو اکثر درسی کتابوں کو پڑھایا کرتے تھے دوسرے سید محی ان کی بھی یہی کیفیت تھی سوائے ان کے اور بہت لوگ تھے ۔ص ۲۵۷ مطبوعہ مطبع نولکشور "

افسوس ہے کہ قاضی صاحب موصوف کی تاریخ وفات نہ دریافت ہوسکی اور نہ اب مدفن کا صحیح پتہ ہے آپ کی نسل میں منصب قضا نسلاً بعد نسل انتزاع سلطنت اودھ تک باقی رہا اور اولاد دانش و بینش اور علم و فضل کے ساتھ متصف رہی از انجملہ آپ کے صاحبزادے قاضی عبدالحلیم نبیرہ مخدوم سعدی صدیقی کاکوروی تھے یہ آپ کی وفات کے بعد قاضی قصبہ و پرگنہ گوپامؤ مقرر ہوئے جیسا کہ عہد جہانگیری میں مرقوم ہو چکا ان کے انتقال کے بعد قاضی عبدالغفار اور پھر قاضی محمد امین بن شیخ اللہ بخش بن قاضی عبدالحلیم اور اُن کی وفات کے بعد قاضی محمد مبارک ثالث شارح سلم بن محمد دائم کو سنہ ۹ جلوس محمد شاہی مطابق ۱۱۴۰ھ میں منصب قضاء آبائی ملا قاضی صاحب موخر الذکر اپنے فضلاء خاندان میں سے ملا قطب الدین شہیر بہ ملان قطب گوپاموی کے علاوہ میر سید زاہد صاحب ہروی کے تلمیذ رشید اور حضرت شاہ اکرام صاحب چشتی دہلوی مولف اقتباس الانوار کے مرید خاص اور حضرت شاہ علاء الدین بن حضرت شاہ الہدیہ احمد قلندر برادر زادہ سید العرفا حضرت شاہ مجتبیٰ عرف شاہ مجا قلندر لاہرپوری رحمہم اللہ تعالےٰ کے خلیفہ تھے آپ کا شمار ہندوستان کے جلیل القدر عظیم المرتبت اساتذہ میں ہے اور شرح سلم ملا محب اللہ بہاری ان کی وہ معرکتہ الآرا تصنیف ہے جو درس نظامی میں علم منطق کی آخری اور منتہی کتابوں میں سمجھی جاتی ہے اس پر خود مولف نے جو منہیات و تعلیقات اضافہ کئے ہیں اس کے علاوہ ہند و بیرون ہند کے تقریباً بیدرہ علماء و فضلاء نے حواشی و تعلیقات لکھے ہیں جن کی تفصیل و تشریح کی اس مختصر رسالہ میں گنجائش نہیں

اس کتاب کی بابت حضرت مولانا شاہ محمد حسین صاحب فریدی فاروقی الہ آبادی تحریر فرماتے ہیں

"قاضی کی شرح نہایت متین اور دقیق ہے اس کی عبارت کی پیچیدگیوں میں فہم کا باریاب ہونا آسان نہیں۔ اور یہی پیچیدگیاں ذہن کو دقت پسند بناتی ہیں خصوصاً اگر مولوی فضل حق صاحب کا حاشیہ بھی اسکے ساتھ پڑھایا جاوے

صلا۶۹ التنظیم نظام التعلم والتعلیم"

کتاب مذکورہ کے علاوہ قاضی صاحب موصوف نے میر زاہد ملا جلال اور میر زاہد شرح مواقف وغیرہ پر بھی حواشی لکھے اور منصب قضا کے علاوہ تمام عمر درس تدریس میں مشغول رہ کر ۵ شوال المکرم ۱۱۶۲ھ عہد احمد شاہ بادشاہ میں تقریباً بعمر ۶۹ سال بمقام دہلی وفات پائی تابوت گوپامؤ لاکر اپنے دادا کے مدرسہ میں دفن کیا گیا کتاب بحر ذخار مولفہ شاہ وجیہہ الدین اشرف قادری۔ آمد نامہ مولانا فضل امام خیرآبادی۔ تذکرہ علمائے ہند مولوی رحمان علی خان اور نزہتہ الخواطر استاذی مولانا حکیم سید عبد الحیؒ صاحب ناظم ندوۃ العلماء لکھنو رح میں آپ کے اور آپ کے اجداد و امجاد قاضی مبارک صاحب اول وثانی کے تفصیلی حالات مرقوم ہیں۔ مفتی جی انتظام اللہ صاحب اکبرآبادی کا اپنی خاندانی وجاہت افزائی کے غلوئے ناتحسن میں آپ کو شاگرد ملا وجیہہ الدین صاحب شہابی گوپاموی لکھنا غلط اور بالکل غلط ہے کیونکہ آپ کی ولادت بعد وفات ملا صاحب موصوف ثابت ہوتی ہے یا ان کی حیات کے آخری دو ایک سال میں مفتی جی پر یہ شعر صادق آتا ہے؎

جرعہ خاک آمیز چوں مجنوں کند　　صاف گر باشد ندانم چوں کند

حضرت قاضی نے اپنی وفات کے وقت تلامذہ کی کثیر جماعت چھوڑی جنہوں نے مسند درس و تدریس کی رونق قائم رکھی اور اپنے استاد کے فیوض علمیہ کا شیوع عام کیا

آپ کے فرزندوں میں قاضی محمد امیر صاحب فاضل متبحر اپنے والد ماجد اور دیگر اساتذہ
خاندان کے شاگرد اور شاہ اکرم صاحب چشتی صابری کرمانی دہلوی کے مرید تھے عرصہ
تک نواب مظفر خان کے بخشی رہے اس کے بعد ۲۲ سنہ جلوس محمد شاہی مطابق ۱۱۴۱ھ
میں بعد وفات قاضی فضل اللہ پرگنہ پورنیہ صوبہ بنگال کے قاضی مقرر ہوئے تقریباً
گیارہ سال تک اس خدمت کی انجام دہی میں مصروف رہے بالآخر ۴ سنہ جلوس احمد شاہ
مطابق ۱۱۶۵ھ میں اپنے والد ماجد کی وفات پر منتقل قاضی پرگنہ گویامئو ہو گئے اور پھر تمام عمر
اسی خدمت کو انجام دیتے رہے - آپ نہایت طباع، ذہین، حاضر جواب حقایق و
معارف شناس، متوکل و متورع تھے ۱۲۱۴ھ میں بمقام گویامئو وفات پائی خاتم
الفقہا مادہ تاریخ ہے - چونکہ آپ کے صاحبزادے مولوی فضل اکرم آپ کی حیات
ہی میں فوت ہو گئے تھے اسلئے قاضی فیض احمد پسر مولوی فضل اکرم منصب قضا پرگنہ
گویامئو پر مامور ہوئے موصوف بڑے متدین اور ذی علم تھے مبلغ ایک سو چھیتر روپیہ سالیانہ
بنام رسوم عیدین جو قدیم الایام سے ملا کرتے تھے نواب غازی الدین حیدر شاہ اودھ نے
ذریعہ فرمان مورخہ بست و سیوم ماہ ذی الحجہ ۱۲۳۶ھ ہمیشہ کے لئے بحال و برقرار
کئے نیز منتظم الدولہ حکیم مہدی علی خان نے بذریعہ سیتا جو بدار منادی کرائی کہ نکاح
خوانی سوائے قاضی موصوف کے کوئی نہ کرے اور اگر کرے تو باجازت قاضی موصوف -
نیز یہ کہ اپنی رضا و رغبت سے جو کچھ بطور نکاح خوانی کوئی شخص قاضی موصوف کو دینا چاہے
تو قاضی موصوف لے لیا کریں - جبراً کسی رقم نکاح خوانی کے طالب نہ ہوں دونوں حکموں
کی خلاف ورزی سے مجرم سرکاری ہوں گے یہ نکاح خوانی کا معاملہ نواب ظہور الحق صاحب
کی برخاستی سے پیش آیا تھا ۱۲۶۳ھ میں قاضی صاحب موصوف کی وفات ہو جانے پر

قاضی محمد مبارک چہارم پسر اکبر جانشین پدر ہوئے مگر ۹ سال کے بعد ۱۲۷۲ھ / ۱۲۶۲ف میں اختتام
سلطنت اودھ کے ساتھ جب منصب قضا بھی قضا کر گیا تو یہ سکندرآباد چلے گئے۔

عہد ظل الٰہی و دین پناہی ختم ہونے کے بعد فرنگی ہما نے اپنے سایہ اقبال سے قاضیوں
کو بھی محروم نہ رکھا۔ قاضی محمد مبارک چہارم مذکور تو ایک سال تک استراحت و آرام فرما کر
۱۲۷۳ھ میں بمقام سکندرآباد سفر آخرت اختیار کر چکے تھے خاتم دودمان قضات قاضی احمد محمدی
ابن قاضی فیض احمد کے نام قرعہ فال نکلا۔ چنانچہ منجانب سرکار انگریز بہادر بذریعہ چٹھی
چیف سکریٹری صاحب گورنمنٹ صوبہ جات متحدہ مورخہ ۱۶؍ جولائی ۱۸۸۲ء نکاح خوانی
پرگنہ گوپامئو کے مجاز قرار پائے۔

قاضی صاحب موصوف جناب مولوی عبدالغفور خانصاحب شاہجہاں پور خلیفہ
و جانشین حضرت مولانا شاہ عبدالرحمٰن خاں صاحب گوپاموی شاہجہاں پوری
مجددی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت تھے ان کی حیات میں جناب مولوی حکیم عبدالقادر
خانصاحب (افسر الاطبا بھوپال) جناب مولوی صاحب مرحوم موصوف الصدر اور ان کے
صاحبزادے حکیم محمد عبدالقدیر خانصاحب کی گوپامئو میں آمد و رفت رہی جس سے حضرت بڑے
مولانا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی یاد اہالیان گوپامئو کے دلوں میں تازہ ہوتی رہتی تھی مگر
قاضی صاحب کی وفات سے یہ سلسلہ ختم ہو گیا۔

قاضی صاحب موصوف صنف ذکور میں یکہ و تنہا قضات گوپامئو کی نشانی تھے تقریباً
۱۹۱۱ء میں بحالت لاولدی مرحلہ پیمائے دارالبقا ہو جانے سے قاضیوں کا نام و نشان
ہمیشہ ہمیشہ کیلئے صفحہ ہستی سے مٹ گیا۔ منصب قضا نے بھی بضمن میراث جائداد منقولہ
و غیر منقولہ کے ساتھ دوسرے آشیانہ میں بسیرا لیا۔ اب صرف قاضی تالاب کے نام سے
کسی کو شبہ ہو سکتا ہے کہ یہ ویرانہ کبھی قاضیوں کا بھی مسکن تھا۔

(۳۵) مظفر آغا (مکتوب نمبر ۶۴) | کچھ بھی حالات نہ معلوم ہو سکے۔

(۳۶) میرزا علیخان (مکتوب نمبر ۷) | ایضاً

(۳۷) شیخ محمود (مکتوبات نمبر ۵۲، ۵۵، ۵۶) | شیخ حاتم صوفی میواتی گوپاموی خلیفہ چہارم حضرت بندگی قدس سرہٗ کے بھائی تھے یہ بھی اپنے بھائی کے ساتھ گوپامئو آرہے اور زراعت کو ذریعہ معاشں بنایا حضرت بندگی قدس سرہٗ کے مرید تھے گوپامئو میں میواتیوں کا جو گھرانا تھا کیا عجب ہے کہ انھیں کی نسل سے ہو۔ اس سے زیادہ حالات معلوم نہ ہو سکے۔

(۳۸) شیخ محمود (مکتوب نمبر ۱۷) | یہ متولی شیخ عبد الرحیم صاحب کے بھائی بھی ہو سکتے ہیں اور بیٹے بھی کیونکہ بعض کاغذات سے پتہ چلتا ہے کہ شیخ بھول صاحب کے ایک بیٹے کا نام شیخ محمود تھا اور متولی عبد الرحیم صاحب کے ایک بیٹے بھی شیخ محمود تھے درحقیقت اس جگہ کون مراد ہیں اس کا علم خدا ہی کو ہے چونکہ اس گھر کے تمام افراد حضرت بندگی قدس سرہٗ کے حلقہ بگوش تھے اسلئے قیاس یہ ہے کہ یہ بھی بیعت و ارادت سے شرفیاب ہوں گے۔

(۳۹) شیخ محمود نو مسلم (نکتۃ الخوارق نمبر ۱۰۲) | قصبہ امیٹھی میں ایک شخص حضرت بندگی قدس سرہٗ کے دست مبارک پر اسلام لایا تھا آپ نے اس کا نام شیخ محمود رکھا اور اس کی تربیت دینی شیخ ماکھو صاحب گوپاموی کے سپرد فرمائی چنانچہ اس کو بہت جلد نماز آگئی اور مسائل ضروریہ سے واقفیت و آگاہی تمام حاصل ہوگئی اور ایسا نمازی ہو گیا کہ حضرت موصوف کے ساتھ پنجوقتہ اول وقت نماز ادا کرنے کا عادی بن گیا جس سے حضرت بندگی کو بے حد مسرت تھی اسکے علاوہ کچھ حال نہیں معلوم ہو سکا۔

(۴۰) شیخ معظم (نکتۃ الخوارق نمبر ۳۲ و ۲۲) | گوپامئو کے رہنے والے اور حضرت بندگی قدس سرہٗ کے مخلص ارادتمند تھے۔ اس نام کے ایک گوپاموی بزرگ اسی زمانہ میں حضرت شیخ سعد الدین

عرف شیخ سعد مشہور بڑے مخدوم خیر آبادیؒ کے بھی خلیفہ ہوئے مگر خاندان اور جائے سکونت کہیں مذکور نہ ہونے سے نہیں کہا جا سکتا ہے کہ یہ وہ ہی بزرگ ہیں یا کوئی دوسرے۔ گویا ٹونک کے ارباب تالیف و تصنیف نے بڑی تنگدلی سے کام لیا کہ اپنی شجرہ نویسی کے سامنے دوسرے خاندان والوں کو حقیر و بیگانہ سمجھ کر اُن سے مغائرت و پہلو تہی اختیار کی اور اپنے ہاتھ سے انمول جواہرات کھو بیٹھے

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۴۱) | شیخ معین الدین | (مکتوب نمبر ۱۶) | کچھ بھی حالات نہ معلوم ہو سکے |
| (۴۲) | نعمت اللہ | (مکتوب نمبر ۱۶) | ایضاً |
| (۴۳) | نظام صلح | (مکتوب نمبر ۱۷) | ایضاً |
| (۴۴) | نظام | (مکتوبات نمبر ۱۶ و ۴۶ و ۱۷ و ۲۷) | ایضاً |

وہ صورتیں الٰہی کس دیس بستیاں ہیں ❊ اب جنکے دیکھنے کو آنکھیں ترستیاں ہیں

# فصل دوم در ذکر اولیائے امت و صلحائے ملت

(۱) ابراہیم ادہم بادشاہ بلخ (مکتوب نمبر ۴۳) نام نامی ابو اسحاق ابراہیم بن ادہم بن منصور بلخی نسب گرامی حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کے شاگرد ہونے کے علاوہ اپنے زمانہ کے صوفیائے کرام کے امام تھے بزمانہ امارت بلخ ایک روز شکار کو گئے اتفاقاً اپنے لشکر سے جدا ہو گئے ایک ہرن نظر آیا اس کا تعاقب کیا حضرت خداوند کریم جل مجدہٗ نے اس ہرن کو گویائی عطا فرما دی اس نے بڑی فصاحت کے ساتھ کہا الھذا خلقت و بھذا امرت (کیا تم کو اسی کام کے لیئے پیدا کیا گیا اور کیا تم اسی کام پر مامور کیئے گئے)؟ یہ سُن کر تھرا گئے اور فوراً توبہ کر کے امارت و حکومت کو خیرباد کہہ دیا حضرت فضیل بن عیاض اور سفیان ثوری رضی اللہ عنہما جیسے اولیائے کاملین کی صحبت اختیار کر کے اللہ کے مخلص بندوں میں شامل ہو گئے آپ نے

مشائخ کثیر کو دیکھا اور ان سے استفادہ کیا اور یہ حال کر لیا کہ محنت و مشقت سے جو کچھ کماتے اسی سے قوت لایموت حاصل کرتے سلسلہ عالیہ چشتیہ کے مشائخ متقدمین سے ہوئے [۱] آپ کے محامد و مناقب اتنے کثیر ہیں کہ اُن کے لئے یہ صفحات تو کیا ایک دفتر ناکافی ہے در سنہ اثنے وستین ومائتہ کے قدوہ اولیا تاریخ اوست مدار سلسلہ چشتیان ابراہیم بن ادہم جہان فانی را وداع فرمود از ابنائے ملوک بلخ است [۲]

(۲) حضرت بہار الحق مخدوم شیخ خاصہ رحمتہ اللہ علیہ (قسم اول در احوال) آپ کا سلسلہ نسب بواسطہ سر حلقہ خانوادہ قلندران حضرت عبد اللہ علمبردار کی قدس سرہٗ العزیز سیدنا صالح علیہ السلام پر منتہی ہوتا ہے۔ نہایت خوشرو۔ سبز پوش، عربی الوضع جوان تھے وطن اصلی پاک پٹن تھا سولہ سال کی عمر میں ایک بار نماز فجر قضا ہو جانے سے اس درجہ خائف اور لرزاں ہوئے کہ بغیر اطلاع اعزا و اقربا گھر سے چل کھڑے ہوئے رفتہ رفتہ شیخ محمد بن عبد العزیز کی خدمت میں جونپور پہونچے اور اُن کے فیض و تربیت سے صاحب ارشاد و ہدایت ہو کر مشیخت سلسلہ عالیہ چشتیہ پر فائز ہوئے آپ کے بڑے بھائی مولانا سعد اللہ صاحب کو حضرت مخدوم کی جدائی بہت شاق تھی ہر آئندہ و روندہ سے اُن کا پتہ لگاتے رہتے حسن اتفاق سے ایک جونپوری مسافر آپ کے مہمان ہوئے حسب عادت مولانا نے اُن سے بھی ذکر کیا اُنھوں نے اُن کے قیام جونپور کا پتہ دیا بھائی کا زندہ سلامت ہونا معلوم کر کے بہ فرط شوق دیدار میں افتاں و خیزاں جونپور پہونچے اور بھائی کو کمالات ولایت سے آراستہ و پیراستہ دیکھکر باغ باغ ہو گئے اور باصرار تمام وطن لائے ؎

خوشا وقتے و خرم روزگارے ... کہ یارے برخورد از وصل یارے

---

[۱] ترجمہ و تلخیص از کشف المحجوب ملفوظ مخدوم شیخ علی ہجویری مشہور بہ داتا گنج بخش مطبوعہ بہادر پریس لاہور ۱۲

[۲] بسیط باسطی قلمی مؤلفہ شاہ عبد الباسط امیٹھوی ۱۲

بالآخر مولانا نے بھی اُن کے برکات صحبت سے راہ فقر و درویشی اختیار کر لی مخدوم صاحب چند روز وطن میں مقیم رہے اس کے بعد جذبۂ اصلاح و خدمت خلق ایسا دامنگیر ہوا کہ سیر کناں قصبہ سدھور توابع لکھنؤ پہونچے اس وقت یہاں مخدوم شیخ خواجگی بن شیخ علی دباز صاحب ارشاد تھے اُن کے فضائل سن کر ملاقات کو گئے اور شیخ کے اصرار پر مہمان ہو گئے اس شب اور پھر اس کے بعد والی شب کو تنہا شیخ نے اور تیسری شب کو شیخ صاحب کے ساتھ تمام اہل و عیال نے حضرت سرکار نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو عالم رؤیا میں یہ فرماتے ہوئے دیکھا کہ :۔

" این شخص کہ بدکان شما آمدہ است بہتر است، تو دختر خود را بتزویج در آر "

صبح کو شیخ خواجگی نے مخدوم صاحب سے فرمایا کہ جب تک میں درس سے فارغ نہ ہولوں آپ یہیں بیٹھے رہیں" چنانچہ حضرت نشستند۔ الغرض حضرت خواجگی چون از درس فارغ شدند حضرت مخدوم خاصہ خدا را در گوشہ بردہ فرمودند کہ یکے کار خدا بکنید۔ حضرت فرمودند کہ یک کار چہ باشد دہ کار بہر خدا بکنیم۔ حضرت مخدوم شیخ خواجگی فرمودند کہ دختر فقیرے در نکاح خود آرید حضرت مخدوم خاصہ خدا فرمودند کہ من با طبع خود عہد کردہ ام کہ نکاح نکنم۔ حضرت شیخ خواجگی فرمودند کہ ہمدرین از نسل شما چندان اہل اللہ موجود می بینم کہ در شمار نمی آید شما نکاح بکنید۔ چون حضرت راضی گشتند حضرت شیخ دختر صالحہ خود را در نکاح ایشان دادند و در وقت عشا برنج و جغرات پختہ و عقد بستہ حوالہ کردند بعد از اندک زمانہ دختر لاولد وفات یافت حضرت شیخ خواجگی دختر دیگر خود را کہ بی بی ناسکی صالحہ وقت و پارسا باز در نکاح ایشان آوردند از ایشان چہار دختر و دو پسر تولد شدند بعد ازان پسر خورد ایشان متولد شد مسمی میاں عبد الرزاق۔ و ہر یکے از فرزندان حضرت ایشان صاحب صلاح آراستہ و نہایت تقوی پیراستہ بودند و اکثر ایشان عارف کامل، و اصل حق،

صاحب کشف و کرامات بودند (مناقب الاولیا حضرت ملا جیون امیٹھوی)

یہ بھی منقول ہے کہ جب شیخ خواجگی نے اپنی دختر کی شادی مخدوم خاصہ خدا کے ساتھ کردی تو اپنے سلسلہ چشتیہ میں مجاز بیعت اور خرقہ پوشی کر کے فرمایا "بروید در شہر لکھنؤ اقامت کنید" چنانچہ آپ بقصد لکھنؤ روانہ ہوگئے رستہ میں ایک شب سواد قصبہ امیٹھی میں اس جگہ جہاں اب حضرت مخدوم کا مزار ہے قیام کرنا پڑا چونکہ وہاں کی اصلاح ازبس ضروری دیکھی مستقل قیام کر دیا بکثرت لوگ تائب ہوئے اور بہتوں کو درجہ خلافت و منصب ارشاد وہدایت حاصل ہوا آپ کی اولاد احفاد میں سے بی بی مخدوم جہان عارفہ زمان صالحہ دوران بڑی صاحبزادی اور بی بی شیخ بجہ بدن پوتی (دختر مخدوم عبدالرزاق صاحب) یکے بعد دیگرے حضرت بندگی قدس سرہٗ کو منسوب ہوئیں از انجملہ اول الذکر کے بطن سے ۵ صاحبزادے اور ۲ صاحبزادیاں اور ثانی الذکر کے بطن سے ایک صاحبزادے شیخ مسعود الدین جعفر ثانی فرزند ہفتم اور دو دختر پیدا ہوئیں۔ یہ سب بزرگ حسب مکاشفہ مخدوم شیخ خواجگی صاحبؒ اہل اللہ اور اولیائے وقت ہوئے۔

جب آپ کی وفات قریب ہوئی تو آپ کے دہن سے مشک کی اتنی تیز و تند خوشبو نکلنا شروع ہوئی کہ کئی روز تک سارا قصبہ معطر و مشکبار رہا۔ لوگ متعجب و متحیر تھے بعدہٗ بتاریخ ۱۷ ماہ ذی الحجہ سنہ ۹۲۲ھ وفات ہوئی کفن سبز رنگ کا دیا گیا اور امیٹھی میں مدفون ہوئے سبز کفن دینے کی علت غالباً سفید کپڑے کی مفقودی ہوگی۔

**(۳) حضرت میر سید جلال بخاری** (نکتۃ الخوارق نمبر ۴۱) نبیرہ حضرت سید جلال الدین سرخ بخاری مشہور بہ مخدوم جہانیان جہان گشت بن سید احمد کبیر مرید و خلیفہ پدر خود و شیخ رکن الدین ابو الفتح نبیرہ حضرت مخدوم شیخ بہاء الدین زکریا ملتانی اور حضرت مخدوم چراغ دہلی تھے

آپ کا نسب ۱۱ واسطوں سے امام محمد نقی رضی اللہ عنہ تک پہونچتا ہے ولادت آپ کی ۷۰۷ھ میں ہوئی زمانہ شباب میں آپنے اکثر مقامات مقدسہ کے علاوہ تقریباً ربع مسکون کی سیاحت کی اور خلق کثیر کو راہ ہدایت اور صراط مستقیم پر لگایا آپ کے حالات سے کتب سیر مملو ہیں ۸۰ سال کی عمر میں بتاریخ ۱۰ ماہ ذی الحجہ ۷۸۵ھ بمقام اوچ نواح ملتان میں وفات پائی۔ مزار پر انوار مشہور و معروف ہے۔

(۴) **شیخ جلال صوفی** (نکتۃ الخوارق نمبر ۶۵) اُن کے جسقدر حالات نکتۃ الخوارق مذکورہ میں درج ہیں اس سے زیادہ کچھ نہیں معلوم ہو سکنے بجز اس کے کہ یہ خیرآباد کے باشندے تھے مگر بعد میں گوپامئو آرہے اور حضرت بندگی کی صحبت و ارادت سے مستفیض و مستفید ہوئے۔

(۵) **خواجہ منصور حلاج** (دقیقۃ المقال نمبر ۳۴) ابو المغیث کنیت حسین بن منصور نام مشہور بحلاج۔ قوی الحال و بلند ہمت بزرگ تھے غلبہ حال و فرط جذب میں انا الحق کہا تھا اس کی پاداش میں پہلے ۹ سال و ۷ ماہ محبوس رکھے گئے بعدہ وزیر حامد نے علماء سے جبراً اُن کے قتل کا فتوی لیکر خلیفہ مقتدر باللہ سے باصرار منظوری کرالی ؎

چون قلم در دست غدارے فتاد — لاجرم منصور بردارے فتاد۔ اور

گفت منصورے انا الحق گشت مست — گفت فرعونے انا الحق گشت پست

رحمۃ اللہ آن انا را در وفا — لعنۃ اللہ این انا را در قفا (مولانا رومی)

پھر ۲۴ ماہ ذیقعدہ ۳۰۹ھ کو میدان جیلخانہ میں محمد بن عبد الصمد کوتوال نے پہلے ایکہزار تازیانے لگوائے جب اس کو بھی برداشت کر گئے تو پھر ہاتھ پیر علیحدہ علیحدہ قطع کر کے سر تن سے جدا کیا ؎

---

؎ القول المنصور فی ابن منصور مؤلفہ مولانا ظفر احمد صاحب عثمانی تھانوی ص ۱۰۳ و ۱۰۴ مطبوعہ یونائیٹڈ انڈیا پریس لکھنؤ

سر جدا کرد از تنم یارے کہ با ما یار بود　　قصہ کوتہ کرد ورنہ درد سر بسیار بود (میرزا مظہر)

صوفیائے کرام میں ان کی بابت تین گروہ ہوئے ہیں۔ ایک گروہ شیخ منصور کو مجرم قرار دیتا ہے دوسرے گروہ کے نزدیک یہ بالکل بے قصور تھے تیسرا گروہ بالکل ساکت ہے نہ مجرم کہتا ہے نہ بے قصور۔ مگر راقم سطور کے اکابر جنہیں حضرت مرشدی و مولائی حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی، حضرت قطب العالم مولانا رشید احمد صاحب محدث گنگوہی۔ اور حضرت بندگی نظام الدین یٰسین عثمانی امیٹھوی رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین جیسے محققین کی رائے میں وزیر حامد نے یہ فعل محض اپنے ظلم و ستم اور تعدی کی وجہ سے کیا حضرت منصور کا نعرہ انا الحق مستوجب قتل نہ تھا واللہ اعلم بالصواب ؎ ناحق الزام انا الحق کا ہے منصور کے سر، لب یہ مطرب کے جو نغمہ ہے وہی ساز میں ہے (مجذوبؒ)

(۶) **خدیجہ بدان** (مکتوبات نمبر ۸۴ و ۶۱) | یہ نام اولاً مخدوم خاصہ خدا صاحب نے اپنی چھوٹی صاحبزادی کا رکھا تھا جو بڑی عارفہ و کاشفہ تھیں مگر یہ صغر سنی میں فوت ہو گئیں اُن کی وفات کے بعد مخدوم عبد الرزاق صاحب خلف حضرت مخدوم خاصہ خدا نے اپنی صاحبزادی کا یہی نام رکھا بعد وفات حضرت بی بی مخدومہ جہاں اہلیہ اولیٰ حضرت بندگی و ہمشیرہ عبد الرزاق صاحب بندگی میاں صاحب موصوفؒ نے اُن سے نکاح کیا جن کے بطن سے شیخ مسعود الدین ملقب بہ جعفر ثانی پیدا ہوئے جن کا مختصر تذکرہ ع۳۰ میں مرقوم ہوگا۔ اس نام سے یہاں پر دختر مخدوم عبد الرزاق صاحب اہلیہ چہارم حضرت بندگی مراد ہیں۔ سنین ولادت و وفات معلوم نہیں ہو سکے۔

(۷) **زکریا** (نکتۃ الخوارق نمبر ۴۹ و مکتوب نمبر ۶۹) | شیخ زین العابدین بن شیخ عبد الجلیل خلف و خلیفہ اکبر حضرت بندگی کے صاحبزادے تھے حضرت موصوف کی حیات شریفہ میں پیدا ہوئے تھے اور آپ ہی نے یہ نام رکھا تھا۔

(۸) **السری السقطی** (بیان السلاسل و الخلفاء) | فرزند و سجادہ نشین اول کمال الدین شیخ محمد

خلف چہارم و جانشین حضرت بندگی قدس اللہ سرہما۔ و نواسہ حضرت مخدوم عبد الغنی فتحپوری اس وقت تک سلسلہ سجادگی اسی نسل میں ہے چنانچہ بحالت موجودہ شاہ محمد عارف عرف بندگی جمشید صاحب ابن شاہ نصیر الدین بن شاہ شمس الدین بن شاہ غلام محی الدین بن شاہ غلام غوث بن شیخ جنید ابن شیخ عبد الواحد بن شیخ شبلی بن شیخ سری السقطی سجادہ نشین ہیں اس سے زیادہ کچھ حالات معلوم ہو سکے۔

**(۹) حضرت شیخ سعد الدین خیر آبادی** (فصل اول در احوال) حضرت مخدوم شیخ سعد مشہور بہ بڑے مخدوم خیر آبادی قدس اللہ سرہٗ۔ نام نامی شیخ سعد الدین وطن اوناؤ۔ قاضی شیخ بڈھن حاکم قصبہ کے صاحبزادے[۱] اور نسلاً قدوائی تھے مفتی غلام سرور لاہوری لکھتے ہیں[۲]

شیخ سعد الدین خیر آبادی قدس سرہٗ مرید شیخ مینا است بزرگ بود و حافظ شریعت و آداب طریقت ہمتے عالی داشت و موصوف بود بترک و تجرید و بر طریقہ پیر خود محصور و مشتاق بوجد و سماع بود در علم نحو و فقہ و اصول تصنیفات دارد مثل شرح مصباح و کافیہ وغیرہ و بر رسالہ مکیہ شرح نوشتہ است مسمی بمجمع السلوک و بر طرز خزانہ جلالی کہ از ملفوظات مخدوم جہانیاں است بسے از ملفوظات و حالات شیخ مینا دران درج کردہ۔ و وی در علوم ظاہر شاگرد مولانا اعظم است کہ از فقہاء و علمائے عصر بود ست و بپیروی شیخ مینا نیز کتاب عوارف المعارف پیش مولانا میخوانده شیخ سعد الدین را مریدان اہل کمال بسیار اند منجملہ الیشان شیخ صفی بزرگے صاحب ذوق و حالت و بر قدم پیر محصور و مجرد۔ دوم شیخ مبارک سندیلہ کہ با حسان شریعت و طریقت موصوف بود۔ وفات شیخ سعد الدین بقول صاحب تذکرۃ الاقطاب در سال ہشتصد و دو است۔"

---

[۱] عین الولایت مولفہ منشی ولایت علی خاں صفی پوری ۱۲ [۲] خزینۃ الاصفیا جلد اول صفحہ ۴۰۱ مطبوعہ مطبع نول کشور ۱۲

اہل گوپامئو میں حضرت شیخ معظم بھی آپ کے خلیفہ تھے۔ آپ شاعر بھی تھے چنانچہ حقائق و معارف میں ڈوبی ہوئی آپ کی یہ غزل بہت مشہور ہے ؎

نشان بر تختہ ہستی نبود از عالم و آدم | کہ دل در مکتب عشق از تمنائے تو می بردم
برو ای عقل نامحرم کہ امشب با خیال او | چنان خوش خلوتے دارم کہ من ہم نیستم محرم
کہ دارد اینچنیں عیشے کہ در عشق تو من دارم | شرابم خون کبابم دل ندیمم درد نقلم غم
اگر پرسند تسعد از عشق او حاصل چہ داری | ملامت ہائے گوناگون جراحت ہائے بے مرہم

منبع الانساب صفحہ ۲۹۵

(۱۰) **شیخ صوفی شریف** ساکن کیرانہ جھنجھانہ (فصل ۴ اسماء مریدین | زمرہ مریدین حضرت بندگی میں حالات مرقوم ہو چکے۔

(۱۱) **بی بی عائشہ** (مکتوب نمبر ۴) | حضرت بندگی قدس سرہٗ کی تیسری صاحبزادی بطن بی بی مخدومہ جہاں علیہا الرحمۃ سے تھیں۔

(۱۲) **شیخ عبید اللہ** (وقیقۃ المقال نمبر ۹) | مخدوم عبد الرزاق امیٹھوی کے صاحبزادے بندگی جعفر کے ماموں اور مشائخ قصبہ امیٹھی سے تھے۔ بعد وفات مخدوم عبد الرزاق اُن کے جانشین ہوئے سلسلہ عیدروسیہ میں اپنے بڑے بھائی شیخ علیم اللہ سے مجاز تھے نہم شعبان ۱۰۳۶ھ کو وفات ہوئی۔

(۱۳) **عبد الجبار** (مکتوبات نمبر ۴، ۶۳) | شیخ عبد الوہابؒ فرزند دوم حضرت بندگی قدس اللہ سرہٗ کے صاحبزادے اور ملا الہداد دانشمند گوپاموی کے نواسے تھے اور مشہور ہے کہ شاہ محمد علی مولف محبوب القلوب ملقب بہ میر نظامی کے والد ماجد تھے۔ مگر محبوب القلوب میں مؤلف نے اپنے جد کا نام عبد اللہ تحریر کیا ہے نہ کہ عبد الوہاب واللہ اعلم بالصواب

(۱۴) **عبد الباقی** (مکتوب نمبر ۴) | فرزند دوم شیخ عبد الوہاب خلف حضرت بندگیؒ و نیواسہ ثانی

ملا شیخ الہداد دانشمند گوپاموئی و برادر خورد شیخ عبدالجبار تھے۔

(۱۵) **شیخ عبدالجلیل** (قسم اول در احوال) | پسر اکبر حضرت بندگی قدس سرہٗ و نواسہ

حضرت مخدوم خاصہ خدا قدس اللہ سرہما جمیع کمالات ظاہری و باطنی کے جامع تھے مخدوم عبدالرزاق صاحب خلیفہ اول کے بعد دوسرے خلیفہ یہی ہوئے مگر حضرت بندگی کی حیات میں بتاریخ ۲۲ ربیع الاول سنہ نامعلوم کو وفات ہو گئی اور جو چادر حضرت بندگی کو بطور خرقہ ان کے شیخ نے بوقت خلافت عطا کی تھی وہ انھیں کو عطا ہو گئی تھی اسی کو ملا کر تکفین ہوئی۔ آپ کا سلسلہ اولاد صرف چار پشت تک رہا اسکے بعد منقطع ہو گیا۔

"پس از نہ ماہ (بعد وفات شیخ عبدالوہاب برادر خورد) بتاریخ سی ام ربیع الاول شب ماہ ربیع الثانی حضرت شیخ عبدالجلیل رحلت فرمود و وقت دفن ساختن خرقہ خلافت ردائے کہ حضرت شیخ معروف رحمۃ اللہ علیہ بحضرت الیشان عطا کردہ بود آنرا بر ذات خالف البرکات حضرت شیخ عبدالجلیل تسلیم و مرحمت شدہ با و دفن نمود چون بقبر داشتہ رجوع بخانہ آوردہ در اثنائی راہ فرمود کہ شیخ عبدالجلیل را مطلق خبر نشد جواب ردا رداد ہ حضرت شیخ عبدالجلیل از جمیع برادران خود بزرگ و اہل دانش و صاحب فطرت و قابلیت در ذات مجمع صفات بہمہ وجوہ در کسب و شغل ماہر محرم بنا بر علیہ ثمرہ امور خلافت بر الیشان مستحق و مقرر گشتہ (محبوب القلوب)

(۱۶) **شیخ عبدالحلیم** (مکتوب ۰) | حضرت بندگی قدس سرہٗ کے چھوٹے صاحبزادے

مخدوم عبدالرزاق کے بھلانجے، مخدوم خاصہ خدا کے نواسے از بطن بی بی مخدومہ جہان رحمۃ اللہ علیہم، علوم ظاہری و باطنی کے جامع تھے بتاریخ ۱۲۔ ذی الحجہ سنہ ۱۰۰۵ھ وفات پائی

اور ایک صاحبزادے شاہ عبد العلیم کو یادگار چھوڑا (الملفوظ)

(۱۷) **مخدوم عبد الرزاق** (قسم اول در احوال و دقیقۃ المقال نمبر ۹) ابن مخدوم بہار الحق خاصہ خدا امیٹھوی قدس سرہٗ مخدوم شیخ خواجگی سدہوری کے نواسے اور حضرت بندگی قدس سرہٗ کے شاگرد رشید و خلیفہ اول و سالے اور خسر سوم فضائل و کمالات علمیہ میں بمثیل اور حقائق و دقائق طریقت میں یکتا اپنے والد ماجد کے انتقال کے بعد اُن کے جانشین ہوئے جملہ سلاسل آبائی و سلاسل حضرت بندگی کے جامع اور مقامات و مکاشفات بلند و کرامات ارجمند کے ساتھ متصف مجالس حال و قال و مشاغل سماع در جہ سے محتاط تھے تقریباً ۳۲ سال تک حضرت بندگی کے فیض صحبت سے بہرہ مند ہوتے رہے۔ بیعت حضرت شیخ معروف جونپوری سے تھے مگر بہت سے مشائخ عصر مثلاً میر سید علی قوام جونپوری و شاہ عبد السلام قلندر جونپوری وغیرہ سے بھی استفادہ کیا، ۲ر ماہ ذی قعدہ ۱۰۰۰ھ کو عازم جنت الفردوس ہوئے اور چار صاحبزادیوں کے علاوہ پانچ صاحبزادے شیخ خلق اللہ، شیخ علیم اللہ، شیخ عبید اللہ، شیخ روح اللہ اور شیخ ابو تراب یادگار چھوڑے یہ سب علم و فضل اور صلاح و تقویٰ میں فرد تھے۔ مخدوم صاحب موصوف گوپامئو بھی تشریف لائے اور عرصہ تک قیام پذیر رہے بوقت وفات اہلیہ ثانیہ حضرت بندگی قدس سرہٗ دختر حضرت مفتی شیخ آدمؒ آپ وہیں تشریف فرما تھے۔ حضرت بندگی کیساتھ ہی امیٹھی واپس تشریف لائے

(۱۸) **شیخ عبد الغنی فتحپوری** (نکتۃ الخوارق نمبر ۱۲۹) نبیرہ حضرت مخدوم حسام الدین صدیقی فتحپوری۔ آپ بڑے زاہد و مرتاض عارف کامل حضرت شیخ معروف جونپوری کے شاگرد و خلیفہ، حضرت بندگی قدس سرہٗ و حضرت مفتی شیخ آدم دانشمند گوپاموی کے ہمدرس و پیر بھائی ہونے کے علاوہ شیخ محمد صاحب خلف و خلیفہ و جانشین حضرت بندگی کے خسر بھی تھے۔ حضرت بندگی آپ ہی کی ملاقات کیلئے کبھی کبھی فتحپور (ضلع بارہ بنکی) تشریف لے جایا کرتے اور حضرت مخدوم بھی

آپ کے لئے ہدایا و تحف ارسال کیا کرتے۔ شیخ عبد النبی صدر الصدور کو تعلقات شاہی اختیار کرنے کے سلسلہ میں حضرت بندگی کے ساتھ آپ نے بھی روکا تھا مگر انھوں نے کچھ توجہ نہ کی بواسطہ بزرگان خاندان تاتون گویان لاہرپور حضرت جدہ محترمہ مرحومہ کے اجداد مادری میں تھے سنہ وفات معلوم نہ ہو سکا مزار متبرک فتحپور میں ہے۔

(۱۹) الشیخ عبد النبی صدر (مکتوب نمبر ۶) نبیرہ حضرت شیخ عبد القدوس گنگوہی قدس اللہ سرہ۔ سال دہم جلوس اکبری مطابق ۱۰۷۲ ۹۷۲ھ میں منصب جلیلہ صدر الصدوری مملکت ہند پر فائز ہوئے حضرت بندگیؒ مخدوم عبد الغنی فتحپوریؒ نے اپنے روابط خصوصی کی بنا پر آپ کو فقر و درویشی چھوڑ کر بادشاہی توسل و تعلق اختیار کرنے سے بہت روکا اور اس کے نشیب و فراز سمجھائے مگر آپ نے کچھ توجہ نہیں کی اور منصب صدارت قبول کر لیا مگر کچھ عرصہ کے بعد بادشاہ کی لادینی، علماء سے بدعقیدگی اور درباری سازشوں کی وجہ سے بہت ذلتیں اور رسوائیاں نیز قید و بند کے مصائب برداشت کرنا پڑے حتیٰ کہ اسی حالت میں وفات ہوئی۔ مولوی رحمان علی خان لکھتے ہیں۔

شیخ عبد النبی صدر گنگوہی بن شیخ احمد بن شیخ عبد القدوس گنگوہی تحصیل علم حدیث در حرمین شریفین نمودہ در سنہ نہصد سنہ اکبر بادشاہ صدر الصدور مقرر ساخت بعد چند عرصہ دقتیکہ بادشاہ را از علماء بیزاری پیدا شد بسلسلہ مخالفت مخدوم الملک ملا عبد اللہ سلطانپوری از وے منحرف گشتہ در سنہ نہصد ہشتاد و شش از منصب صدارت معزول نمودہ بمکہ مکرمہ فرستاد و بعد واپسی از مکہ مکرمہ اور امحبوس گردانید و بحالت حبس در ۹۹۲ھ رحلت نمود (ملخص تذکرہ علماء ہند ص ۱۳۴ مطبع نولکشور)

(۲۰) **شیخ عبدالوہاب** (نکتۃ الخوارق نمبر ۹) فرزند دوم حضرت بندگی قدس سرہٗ عالم باعمل وفاضل بے بدل صاحب زہد وتقویٰ تھے ملا شیخ اللہ داد دانشمند عثمانی گوپاموی کی صاحبزادی سے نکاح ہوا اور تین صاحبزادے شاہ عبدالجبار، شاہ عبدالباقی، اور شاہ حدیقۃ الدین کو چھوڑ کر بتاریخ ۹ رشعبان حیات والدین میں وفات پائی۔ محبوب القلوب میں ہے:-

"بتاریخ نہم شعبان خلف حضرت شیخ عبدالوہاب از ناسوت شہود یہ برزخ منتقل گشتہ و در مرض موت شعور بوجہ اکمل و اتم ماندہ۔ باوجود عین حرارت کہ از پہلو بہ پہلو میشد و در آنوقت حضرت ایشان از حضرت شیخ عبدالرزاق فرمود کہ مقامے کہ ماندہ بود الحال درین آن عبدالوہاب طے میکند (قسم اول)

(۲۱) **شیخ عبدالواسع** (ف احوال) فرزند سوم حضرت بندگی قدس سرہ علوم ظاہری و باطنی کے جامع تھے ایک صاحبزادے شیخ عبداللہ کو چھوڑ کر حیات والدین میں ۲۱ رجب کو وفات ہوئی محبوب القلوب میں ہے" وچون بتاریخ بست ویکم ماہ رجب المرجب حضرت شیخ عبدالواسع بجوار رحمت حق پیوستہ و دران ایام حضرت مریم زمانی علیہما الرحمۃ بغایت بیمار باستماع خبر حادثہ فرمود کہ جنازہ فرزند دلبند بیارید حسب الامر آوردہ کفن از روئے ایشان کشودہ و تقبیل کردہ ناطق باین کلمات شدہ کہ شیخ عبدالواسع را در قبر داشتہ بگوئید کہ پسر مخدوم جہان است ہمیں قدر کفایت دارد فردا من ہم بشما لاحق شوم (قسم اول)

(۲۲) **شیخ علیم اللہ** (ف ا احوال) مخدوم عبدالرزاق بن مخدوم خاصہ خدا امیٹھوی رحمہم اللہ تعالیٰ کے دوسرے صاحبزادے اپنے عہد کے اصحاب حال وفضلائے باکمال میں سے تھے۔

(۲۳) **شاہ فخرالدین** مکاتیب نمبر ا دم ۳ نقیب خان خطاب سید قاسم موسوی مشہدی

کے صاحبزادے اور عہد اکبری کے دوہزاری منصب دار تھے ۹۷۵ھ میں عارضی طور پر صدر الصدور
ممالک ہندوستان ہوئے جیسا کہ ایک فرمان اکبری مملوکہ راقم الحروف کے مہر سنہ اور عبارت
پیشانی تحتی طغرائی شاہی سے معلوم ہوتا ہے حضرت بندگی قدس سرہٗ سے اُن کے تعلقات
معتقدانہ تھے چنانچہ جدی شیخ عبدالوہاب خطیب گوپاموی کی سفارش بابتہ منصب خطابت
میں جو خط بادشاہ موصوف کی خدمت میں بھیجے تھے اسکے ساتھ اپنا تبرک بھی ارسال کیا تھا
عرصہ ہوا راقم سطور نے اُن کے حالات کی تحقیق و تفتیش میں ایک استفسار رسالہ معارف اعظم گڑھ
میں بھیجا تھا اس کے جواب سے تو میرے خیال کی پوری تائید نہ ہو سکی تھی البتہ مجھے دوسرا فرمان
محررہ ۹۷۶ھ آمی شیخ پیارے صاحب قانونگوی گوپامؤ ملا اس میں انھیں کے ہاتھ کا لکھا ہوا
نام کے ساتھ عہدہ صدر مرقوم ہے اس سنہ میں پرگنہ گوپامؤ انھیں کی جاگیر میں تھا اور انھوں
نے شیخ پیارے صاحب کی عہدہ قانونگوئی پرگنہ گوپامؤ پر بحالی کی سفارش کی تھی چنانچہ بوعدہ
سعی افزونی مال و زراعت و آبادی وغیرہ سفارش منظور ہوئی اور فرمان متذکرہ صادر ہوا
فرمان اول پر اُن کی جو مہر ثبت ہے اسمیں توکلت علی اللہ القوی عبدہ کا فخرالدین
ابن قاسم الموسوی ۹۷۵ھ کندہ ہے مزید حالات دستیاب نہیں ہو سکے یہ دونوں فرمان
موجود ہیں ۹۷۵ھ والا فرمان میرا مملوکہ ہے اور ۹۷۶ھ والا آمی شیخ پیارے صاحب سید جمیل احمد صاحب
گوپاموی کے پاس ہے -

(۲۴) **بی بی گشائین** (مکتوبات نمبر ۴۴ و ۱۶) کچھ تحقیق نہ ہو سکا کہ ان بیوی صاحبہ کا تعلق
خاندانی و نسبی کیا تھا اور کن بزرگ کی بیوی یا دختر تھیں -

(۲۵) **شیخ محمد** (قسم اول در احوال و مکتوب نمبر ۴۰) فرزند چہارم حضرت بندگی و داماد
مخدوم عبدالغنی فتحپوری قدس اللہ اسرارہم - جامع کمالات صوری و فضائل معنوی تھے آپ سے

بڑے ہر سہ بھائیوں کے حیات والدین میں فوت ہو جانے کے علاوہ باقی بھائیوں میں سب سے بڑے اور منصب خلافت کے اہل ہونے کی بنا پر حضرت بندگی نے اُن کو خلافت عطا کی اور اُن کی وفات کے بعد بھی سجادہ نشین ہوئے محبوب القلوب میں ہے :-

"و از فوت ہر سہ پسر کلاں کہ بساتانیت ظاہر و باطن آراستہ بودند چہار دیگر ماندند درین میان استحقاق خلافت کہ در نظر اہل بصیرت مقبول در آمدہ و در صدر حیات دو سال پیش از رحلت خرقہ خلافت و جامہ کرامت و ذخیرہ استقامت کہ سرمایہ حیات ابدی است در تصرف مخدوم زادہ برجادہ صاحب سجادہ حضرت شیخ محمد رحمۃ اللہ علیہ تفویض شدہ"

آپ نے چھ اولادیں چھوڑ کر وفات پائی اور برابر مرقد منور حضرت بندگی اندرون گنبد اپنے باغ میں مدفون ہوئے۔ سلسلہ سجادگی تا ایندم آپ ہی کی اولاد میں ہے۔

(۲۶) **شیخ محمد غوث** (فصل ۳، تدریس العلوم) تحقیق نہ ہو سکا کہ یہ بزرگ کس جگہ کے رہنے والے تھے اور اُن کے اوصاف ذاتی و صفاتی کیا تھے۔

(۲۷) **حضرت شیخ محمد معروف بن عبد الواسع جونپوری** (احوال، سلاسل، تدریس العلوم)

حضرت بندگی، مخدوم عبد الغنی، اور مفتی شیخ آدم دانشمند گوپاموی وغیرہم اکابر علماء و مشائخ کے استاد و پیر اور حضرت مولانا الہداد شارح کافیہ کے خلیفہ، عظمائے مشائخ ہندوستان سے تھے بحر ذخار میں ہے۔

"موج احوال نمبر ۵۱۵ - آں رئیس الابرار آں کاشف الاسرار، رئیس خلاق زمن مرجع اقطاب شیخ معروف جونپوری مرید بندگی شیخ الہداد جونپوری از محتشمان ایں طائفہ اکبر و متصوف، و اعلی موحد، شانے عالی و ترتبش

حکم کبریت احمر داشت، بندگی نظام الدین امیٹھی باوجود بیعت حضرت راجے سید حامد شاہ از تربیت و تلقین آن صاحب کمال بمرتبہ اقطابی رسید کدام ازان زیادہ تر خواہد بود کہ مثل قطب الاقطاب خلیفہ داشت و دیگر خلیفہ او شیخ احمد جونپوری عالم و کامل متوکل و متشرع و متبرک صاحب کرامت بود (احوال منتسبان شیخ سراج الدین عثمانی)

**(۲۸) حضرت بی بی مخدومہ جہان** (احوال در دقیقہ المقال نمبر ۳۴ وغیرہ) حضرت مخدوم خاصہ خدا امیٹھوی کی بڑی صاحبزادی و مخدوم شیخ خواجگی سدہوری کی نواسی مخدوم عبد الرزاق صاحب کی بڑی بہن اور حضرت بندگی قدس اللہ اسرارہم کی پہلی اہلیہ محترمہ، رابعہ دوران عارفہ زمان، ولیہ کاملہ تھیں۔ آپ کا مرتبہ نازداد لال کا تھا تصرفات و کرامات میں ہم پلہ حضرت بندگی تھیں۔ استاد الملک ملا شیخ احمد مشہور بہ ملا جیون امیٹھوی نے اپنے رسالہ "مناقب الاولیا" میں آپ کے حالات و کرامات اور خرق عادات و تصرفات بالتفصیل لکھے ہیں از انجملہ دو واقعے اسجگہ درج کئے جاتے ہیں۔

نقل است کہ روزے مخدومہ جہان تولید دختر مخدوم عبد الرزاق قدس سرہ برادر خود بمکان مادر و پدر خود تشریف بردند چون آن دختر را یکبار حقیقت خود گرفتند فرمودند "بیا سوت من" مستورا تیکہ دران جا حاضر بودند گفتند کہ این مخدومہ جہان چہ میفرمایند باین دختر برادرزادی خود کہ گرفتہ است او شنید فرمودند کہ من بر لوح محفوظ نوشتہ دیدیم بر زبان راندیم۔ آخر کار بعد وفات مخدومہ جہان چون ببلوغ رسید در نکاح حضرت بندگی آمد ہم مخدومہ مذکور اکثر اوقات بحالت جذب و ولولہ اشتیاق میفرمود سہ

بسیاد حق از خلق بگریختم ؛ چناں مست گشتم کہ حق ریختم

نقل است کہ در زمان شیر شاہ بادشاہ حضرت بندگی قدس سرہٗ حضرت شیخ عبدالرزاق
را از بعضے حوائج بعضے امور پیش بادشاہ فرستادند روزے حضرت بی بی از حرارت و
غصہ برافروختہ گشتہ فرمودند کہ برادر مارا کجا فرستادید حضرت ایشان را جواب دادند کہ
جانب دہلی فرستادم حضرت بی بی فرمودند کہ با تحت بادشاہ را در خلل می بینم و
گرمبادا برادر مارا در جنگ گاہ کسے بکشد من قصاص او از شما خواہم گرفت۔ اگر بلکہ بود
خود خواہند باز طلبند حضرت بندگی فی الفور گفتہ ایشان بجا آوردہ اند و باز طلبیدند الحمد
للہ۔ القصہ بعد از چند روز در آنجا محاربہ عظیم پیدا گردید و صدہا آدمی تہ تیغ
گردند الحق ؎ بود عارفاں راز ماضی و حال ؛ نمایاں ہمہ حال از ذو الجلال"
اپنے فرزند ارجمند شیخ عبدالواسع صاحب کی وفات کے ایک یوم بعد ۲۲ رجب المرجب سنہ
نامعلوم کو بسلسلہ علالت شدیدہ مرحلہ پیمائے جنت الفردوس ہوئیں۔

(۲۹) حضرت شیخ مسعود الدین جعفر ثانی قدس سرہٗ | چونکہ یہ نام نامی روایات محبوب القلوب
متعلقہ گویا موئیں کہیں مذکور نہیں ہوا اسلئے اصولاً اسکی توضیح بے محل تھی مگر محض اس خیال سے کہ
حضرت بندگی قدس سرہٗ کے تمام فرزندوں کا تذکرہ سطور بالا میں مرقوم ہو چکا ہے یہی ایک
صاحبزادے رہے جاتے ہیں جن کے بابرکت ذکر سے یہ اوراق خالی ہیں لہٰذا تمام فوائد کے علاوہ
بعد حضرت بندگی قرابت در شتہ ہائے اہل گویا موٗ آپ کی ذات والاصفات سے وابستہ رہجانے
کی بناء پر اضافہ ضروری متصور ہوا۔

موصوف الذکر حضرت بندگی کے ساتویں اور سب سے چھوٹے صاحبزادے، مخدوم
عبدالرزاق امیٹھوی کے نواسے تھے۔ جو حضرت بندگی کی ۳، یا ۴، سالہ عمر میں پیدا ہوئے
حضرت ہی نے چار برس کے ہو جانے پر نشرح پڑھائی اور پھر ابتدائی تعلیم دی۔ بعد وصال
حضرت ممدوح اپنے نانا مخدوم عبدالرزاق صاحب کی تعلیم و تربیت سے مرتبہ کمال کو پہونچے اور

وہ خرقہ زیب تن کیا جو حضرت بندگی نے مخدوم عبد الرزاق صاحب کے پاس امانتاً رکھوا دیا تھا جس زمانہ میں آپ حمل ہی میں تھے۔ ایک روز بحالت درس عوارف حضرت بندگی نے فرمایا کہ:۔

"امشب حکم شدہ کہ ترا پسرے دادہ ام اورا جعفر نام کن ہم جعفر صادق خواہم ساخت (قسم اول از احوال)"

اسی بناء پر آپ کا اسم گرامی جعفر ثانی رکھا گیا اور آپ بالکل اُن کے متبع و نمونۂ اسلاف ثابت ہوئے آپ کا نکاح شیخ عبد اللہ عثمانی ساکن اجودھیا کی صاحبزادی سے ہوا اور متعدد اولادیں پیدا ہوئیں از انجملہ یکے بعد دیگرے دو صاحبزادیاں مفتی شیخ عیسٰی بن مفتی شیخ آدم صاحب دانشمند گوپاموی کو منسوب ہوئیں اور انھیں میں سے کسی کے بطن عفیف سے حضرت ملا وجیہہ الدین صاحب مع برادران و ہمشیرگان پیدا ہوئے مگر یہ معلوم نہ ہو سکا کہ سب بھائی بہنیں ایک ہی بطن سے تھے یا علیحدہ علیحدہ بطنوں سے۔ ملا صاحب موصوف کو آپ نے اپنے حسن تربیت اور خوبی تعلیم سے مرتبہ کمال کو پہونچایا اور فاضل بے بدل بنایا راقم سطور کو بھی بواسطہ ہمشیرہ حضرت ملا صاحب جو ہردوئی قاضی شیخ عبد الحمید بن قاضی عبد الرحمٰن لہرے صاحب کو منسوب تھیں آپ کی اولاد دختری میں ہونے کا شرف و اعزاز حاصل ہے۔

حضرت شیخ نے تربیت باطنی کے علاوہ علوم ظاہری بھی اپنے نانا مخدوم عبد الرزاق صاحب امیٹھوی رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل کئے بعد فراغ سلسلہ درس و تدریس کو رونق بخشی۔ صبح کو درس علوم بعدہٗ واردین و صادرین سے ملاقات۔ بعد ظہر اہل قصبہ سے اختلاط، اور بعد عصر درس عوارف پھر بعد عشاء پند و نصائح کا معمول تھا اس کے بعد تھوڑی سی استراحت فرما کر تمام شب مجاہدہ و ریاضت میں گذارتے۔ بادشاہ جہانگیر کی عطیہ دو صد بیگہ آراضی کے حاصلات سے اپنی اور اہل و عیال و طلباء و واردین و صادرین کی ضروریات معاش پوری کرتے۔

ولادت باسعادت تقریباً ۹۷۶ھ اور وفات حسرت آیات ۱۰۴۵ھ شب ۸ ربیع الاول

عہد شاہجہان بادشاہ میں واقع ہوئی۔ ملک خواجہ عبد السلام آپ کے مخلص وجان نثار مرید نے کتاب اخلاق جعفری آپ کے تفصیلی حالات میں لکھی تھی شاید اس کا صرف ایک ہی نسخہ دنیا میں رہا۔ اس کے امین یا مالک کے احتیاطی غلو نے کسی شخص کو اس سے مستفید نہیں ہونے دیا۔ بدیں وجہ اس کا عدم و وجود مساوی رہا یہ کتاب احقر نے اپنے زمانہ بے شعوری میں استادی جناب مولانا حکیم عبد الحئی صاحب ناظم ندوۃ العلماء رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں دیکھی تھی۔ مگر اس وقت سلیقہ استفادہ نہ تھا۔

(۳۰) امیر سید نور الحق معروف بہ راجے سید نور چشتی مانکپوری (تسم اول دراحوال) حضرت راجے سید حامد شاہ مانکپوری کے فرزند و خلیفہ رشید تھے۔ کمالات باطنی میں اپنے والد ماجد کے ہم رتبہ و صاحب برکت و کرامت ہوئے ہمیشہ سپاہیانہ لباس میں مستور الحال رہتے مزید حالات دستیاب نہ ہو سکے۔

(۳۱) شیخ یٰسین امیٹھوی (نکتۃ الخوارق ۱۲ و ۳۳ و ۴۵) حضرت شیخ عبد الجلیل خلف اکبر و خلیفہ اول حضرت بندگی قدس سرہ کے فرزند عارف کامل، و شیخ واصل تھے بروایت روضۃ الکرام مؤلفہ سید وصی الحسن بلگرامی سید احسن اللہ بن سید محمد صادق بلگرامی کو آپ سے بیعت و خلافت حاصل تھی۔ مؤلف ملفوظ محبوب القلوب شاہ محمد علی بن عبد الجبار کے چچا زاد چچا تھے۔ مزید حالات ورطہ گمنامی میں ہیں۔

## فصل سوم در ذکر امرائے دولت و نجبائے سلطنت

(۱) آغا الغ (نکتۃ الخوارق نمبر ۲۰) عہد اکبری کے امرائے جاگیر دار پرگنہ گوپامئو مقیم گوپامئو کا مقرب و مصاحب اور اُن کے سرانجام مہمات امور پر مامور تھا حضرت بندگی کی

بد دعا سے مقتول ہوا۔

(۲) ابراہیم خان ازبک (نکتۃ الخوارق نمبر۱۱) حضرت بندگی قدس سرہٗ کا معتقد و مرید اور اپنی قوم کا سردار، اکبری امیر دو ہزاری منصبدار اور سرہرپور کا جاگیردار تھا ۹۶۲ھ میں سکندر خاں پسر عدلی نبیرہ شیر شاہ سور کو جب کہ وہ جونپور پر حملہ آور ہوا تھا اس نے بڑی ہمت اور بہادری کے ساتھ شکست دی تھی مگر ۹۷۲ھ میں اس کا دماغ پھر گیا اور اپنی شامت اعمال سے خود باغی ہو گیا (اکبر نامہ و بدایونی)

(۳) بہادر خان ازبک شیبانی (نکتۃ الخوارق نمبر۱۱) برادر خان زمان علی قلی خاں عہد اکبری کا پنجہزاری منصب دار اور امیر، حضرت بندگی قدس سرہٗ کا معتقد و مرید تھا جس وقت بنارس و غازی پور کا جاگیردار تھا بادشاہ سے باغی ہوا۔ شاہی فوج سے مقابلہ کی حالت میں گھوڑے سے گر کر گرفتار ہو گیا اور پھر یکم ذی الحجہ ۹۷۴ھ کو قتل کر دیا گیا (بدایونی)، بعدہٗ دونوں بھائیوں کی جاگیریں منعم خان خانخانان کو عطا ہوئیں (اکبر نامہ)

(۴) نواب بیرم خان (نکتۃ الخوارق نمبر۱) خان خانان خطاب، حجابۃ الملک یعنی وزیر اعظم باختیارات کامل کا منصب تھا۔ اولاً عہد ہمایوں بادشاہ میں شاہزادہ محمد اکبر (اکبر بادشاہ) کا اتالیق مقرر ہوا بعد تخت نشینی اکبر، سلطنت کے تمام جزئی و کلی امور اس کے ہاتھ میں آ گئے اور پنجہزاری منصب ہوا۔ بڑے دبدبہ کا مگر انتہائی مغرور و جابر و ظالم امیر تھا یہانتک کہ بادشاہ کو بھی نظر میں نہ لاتا تھا۔ بالآخر تنگ آ کر بادشاہ نے کل اختیارات سلب کر لئے اور علم و نقارہ وغیرہ اس سے لیکر جملہ امور سلطنت کی بذات خود انجام دہی شروع کر دی پھر بھی متنبہ نہ ہوا اور بادشاہ سے باغی ہو کر کئی بار مقابلہ پر آیا مگر ہر دفعہ ہزیمت پائی آخر کار ہر طرف سے مایوس و ناامید ہو کر عفو تقصیر چاہی اور حرمین شریفین کا قصد کر کے گجرات کی طرف روانہ ہوا۔ مبارک خان

لوہانی افغان نے ۹۶۶ھ میں اسکو بدیں وجہ قتل کر دیا کہ عہد ہمایوں کی جنگ ماچھی واڑہ میں اسکی سرداری اور سعی سے مبارک خان کا باپ مارا گیا تھا۔ اس نے موقع پاکر اپنے باپ کا بدلہ لے لیا بیرم بہترین شاعر اور ذی علم تھا قاسم ارسلان نے اسکی تاریخ وفات لکھی ہے جو حسب ذیل ہے۔

بیرم بطواف کعبہ چون بست احرام | در راہ شد از شہادتش کار تمام
در واقعہ ہاتفے پے تاریخش | گفتا کہ شہید شد محمد بیرام
۹۶۸

ترجمہ از تاریخ بدایونی صفحہ ۳۳

**(۵) تردی محمد خان (تکملۃ الخوارق نمبر ۱۰)** امرائے ہمایونی میں سے تھا پھر اکبر کا مصاحب رہا حضرت بندگی قدس سرہٗ سے بعید ارادت و عقیدت مندی تھی۔ اسی نے حضرت کا مقبرہ سنگ مرمر سفید کا تعمیر کرایا۔

**(۶) جلال خان افغان (تکملۃ الخوارق نمبر ۱)** اسلام خان بن شیر شاہ سور کی جانب سے پنجہزاری منصبدار اور قصبہ پالی تحصیل شاہ آباد ضلع ہردوئی میں متعین تھا۔ سرکار خیرآباد و سرکار قنوج دونوں اس کی جاگیر میں تھے اکثر حضرت بندگی قدس سرہٗ کی خدمت میں بمقام گوپامؤ حاضر ہوتا رہتا اسلام شاہ کی وفات کے بعد عادل شاہ کے نام کا خطبہ و سکہ تمام قلمرو ہند میں جاری ہو گیا مگر گوپامؤ میں حضرت بندگی نے اس کا نام خطبہ میں داخل نہیں ہونے دیا جلال خان کو اس کی اطلاع ہوئی تو بغرض تحقیق و تفتیش حال گوپامؤ آیا۔ اور حضرت سے دریافت کیا آپ یہ فرما کر "بر بالائے او خشت استادن و خطبہ بنام او خواندن چہ میشود اگر بر آسمان روید باسم عادل خطبہ بخوانید کہ بادشاہی او نیست" خاموش ہو گئے پھر قدرے توقف کے بعد غایت جلال سے جانب مغرب اشارہ کر کے فرمایا۔

"بچہ را از رشتگان تطہیر میکنند آنرا حکم بادشاہت است"

اس واقعہ کے کچھ ہی عرصہ کے بعد خبر ولادت اکبر بادشاہ معلوم ہوئی اور چند ہی سال میں ہمایوں بادشاہ نے دوبارہ ہندوستان فتح کرلیا۔

(۷) حاجی جان (نکتۃ الخوارق نمبر ۱) شیر شاہ سور کا غلام اور بڑا ہوشمند و بہادر شخص تھا۔ ہیموں کے قتل کے بعد اس نے علاقہ میوات والور وغیرہ میں بغاوت و خودسری اختیار کی مگر اکبری فوجوں سے تاب مقابلہ نہ لاکر دار الخیر اجمیر کی جانب مفرور ہوگیا اور اس نواح کے راجگان سے نبرد آزما رہا۔ حضرت بندگیؒ کا معتقد اور شاید مرید بھی تھا۔

(۸) خانجہان حسین قلیخان (نکتۃ الخوارق نمبر ۱۰۹) حضرت بندگی قدس سرہ کا معتقد اکبری امیر اور پنجہزاری منصبدار تھا عرصہ تک پنجاب کا حاکم اعلیٰ رہا ۹۸۳ھ میں خانخانان کے گور میں فوت ہو جانے سے اس کا قائمقام اور حکومت بنگالہ پر نامزد ہوا۔ ابتدائے ۹۸۶ھ میں فوت ہوگیا (بداونی)

(۹) دولت خان کاکر (نکتۃ الخوارق نمبر ۱۰۹) اکبری امیر اور حضرت بندگی قدس سرہ کا معتقد تھا اس سے زیادہ کچھ حال نہیں معلوم ہو سکا۔

(۱۰) سکندر خان ازبک (نکتۃ الخوارق نمبر ۱۱) حضرت بندگی قدس سرہ کا معتقد اور امرائے اکبری میں سے سہ ہزاری منصبدار تھا ۹۸۰ھ میں بادشاہ سے باغی ہوا مگر شاہی فوجوں سے تاب مقابلہ نہ پاکر جا بجا پناہ لیتا رہتا اور گاہے گاہے حاضر دربار ہوکر معافی مانگ لیتا۔ آخر میں پٹھانوں سے جا ملا ۹۷۰ھ میں بادشاہ خود اس کی سرزنش کیلئے لکھنؤ پہنچا اس نے بھاگ کر منعم خان حاکم جونپور کے پاس پناہ لی۔ منعم خان نے سمجھا بجھا کر بادشاہ کے پاس حاضر کردیا۔ عفو تقصیر کے ساتھ خلعت چارقب، شمشیر مرصع، اور اسپ مع زین مرصع و مطلا عطا ہوئی اور علاقہ سرکار اودھ جاگیر ہوا کچھ عرصہ کے بعد ۹۸۰ھ میں مرگیا (بداونی) اور سرکار اودھ محمد قلیخان برلاس کو عطا ہوئی

**(۱۱) سید حسین خان (نکتۃ الخوارق نمبر ۱۰۵)** حضرت بندگی قدس سرہٗ کا مرید، اکبری امیر صاحب منصب جاہ، اور لکھنؤ کا حاکم تھا ۹۷۰ھ میں بادشاہ نے تبدیل کر کے پرگنہ کانٹ گولا اور آگرہ کا جاگیردار کر دیا، میں اپنے ظلم و تشدد کی پاداش میں بمقابلہ فوج شاہی زخمی ہو کر آگرہ گیا اور فوت ہو گیا یہ واقعہ ۹۸۳ھ میں پیش آیا۔ (بداونی)

**(۱۲) میرزا صادق محمد خان (صادق خان) نکتۃ الخوارق ۱۱۲** پسر باقر ہروی اُمرائے اکبری میں چار ہزاری منصبدار ہم رتبہ نواب قلیج خان و ٹوڈرمل اور اکبر بادشاہ کی آمد امیٹھی کے وقت ہمرکاب شاہی تھا بعدہٗ ازبکوں کے مقابلہ میں دعائے فتحیابی کیلئے بھی اسکو حضرت بندگی کی خدمت میں بادشاہ نے بھیجا تھا۔ (تذکرہ نکتۃ الخوارق و تتمہ بزرگان جاوید دولت ص ۱۶ آئین اکبری جلد اول [illegible])

**(۱۳) خان زمان علی قلی خان (نکتۃ الخوارق نمبر ۱۱)** ابراہیم خان ازبک کا بھتیجا، اکبری امیر پنجہزاری منصبدار اور حضرت بندگی قدس سرہٗ کے معتقدین و مریدین میں سے تھا جلوس اکبری کے پہلے ہی سال خطاب خان زمان خان ملا اور چوتھے سال علاقہ لکھنؤ جاگیر ہوا پٹھانوں کے مقابلہ میں کئی بار فتوحات حاصل کیں مطمئن طبیعت اور بڑا بہادر شخص تھا۔ فتحمن بیگ کے غزو میں جبکہ یہ جونپور کا جاگیردار تھا بغاوت اختیار کی بادشاہ خود ان دونوں بھائیوں کی گوشمالی کیلئے گیا یکم ذی الحجہ جلوس دوازدہم مطابق ۹۷۴ھ کو فوج شاہی سے مقابلہ کیحالت میں گھوڑے سے گر پڑا اور نرسنگھ نامی فیل جنگی نے اپنے پیروں سے کچل کر ہڈیاں اور پسلیاں چور چور کر ڈالیں بعدہٗ سر کاٹ کر بادشاہ کے سامنے پیش کر دیا گیا۔ یہ واقعہ موضع سکراول مضافات الہ آباد کا ہے اسی فتح کی خوشی میں بجائے سکراول کے موضع کا نام تبدیل کر کے فتحپور کر دیا (اکبرنامہ) اب یہ فتحپور ہسوہ یو۔پی کا مشہور ضلع ہے۔

**(۱۴) نواب قلیج محمد خان (قلیج خان) نکتۃ الخوارق ۱۲** بروایت شیخ عبداللہ اُمرائے

اکبری میں سے چار ہزاری منصبدار ہم پلہ ٹوڈرمل و صادق خان وغیرہ تھا۔ امیٹھی میں بادشاہ اکبر کی آمد کے وقت مع دیگر امراء کے ہمرکاب شاہی تھا۔ اسکے بعد بھی ازبکوں پر فتحیابی کی دعا کیلئے بادشاہ نے اسکو حضرت بندگی کی خدمت میں بھیجا تھا (نکتۃ الخوارق متذکرہ و تتمہ بزرگان جاوید دولت صفحہ ۱۶۰۔ آئین اکبری جلد اول)

(۱۵) قمر دیوانہ (قنبر دیوانہ) نکتۃ الخوارق نمبر ۱۱ | اگرچہ اس کا واقعہ متذکرہ نکتۃ الخوارق میں مرقوم ہے مگر چونکہ اس کے قتل کی بابت ملفوظ اور کتب تاریخ میں قدرے اختلاف ہے اسلئے ہم اس جگہ ترجمہ منتخب التواریخ ملا عبدالقادر بدایونی کا اقتباس درج کرنا مناسب خیال کرتے ہیں احتیاط اسی میں ہے۔ " ۹۶۲ھ میں ہمایوں بادشاہ نے دوبارہ بادشاہ ہوجانے کے بعد اکثر ملک کو جاگیروں میں تقسیم کردیا از انجملہ بدایوں قنبر دیوانے کو عطا کیا مگر قنبر نے نواحی سنبھل میں جو بیرٹھ کے ساتھ علی قلی خاں کی جاگیر میں تھا بہت سی جمعیت فراہم کرلی سنبھل وغیرہ کے علی قلیخاں کی جاگیر میں ہونے کے بارے میں دیوانہ کہتا تھا کہ وہ ہی مثل ہوئی کہ پیڑ کسی کا اور گانوں کسی کا۔ علی قلی خاں کے سنبھل پہونچنے سے پہلے ہی دیوانہ بدایوں پہونچا اور رکاٹ کولہ میں رکن خان پٹھان سے مقابلہ کرکے فتح پائی اور رملانوہ وغیرہ تک اپنا قبضہ کرلیا مگر اس کے بعد پٹھانوں سے شکست کھاکر کافی کشت و خون کے بعد بدایوں پہونچا اور حد سے زیادہ ظلم و تعدی اختیار کی ہر چند علی قلی نے اس کو اپنے پاس بلایا مگر نہ گیا اور یہ کہلا بھیجا کہ میں تجھ سے زیادہ بادشاہ کا مقرب ہوں اور میرا سراج شاہی سے ملا ہوا ہے تب علی قلی نے اُس پر فوجکشی کرکے بدایوں کا محاصرہ کرلیا۔ مگر وہ ظلم و ستم سے باز نہ آیا عورتیں، بیٹیاں، اور مال و اسباب جس کا چاہتا غصب کرلیتا بالآخر ایک کالا کنبل اوڑھ کر شہر سے بھاگ نکلا لوگ اس کو پکڑ کر علی قلی خان کے پاس لائے علی قلی

نے اس سے بہت نرم گفتگو کی اور اپنی اطاعت کے صلہ میں جان بخشی کا بھی وعدہ کیا مگر دیوانہ سخت گفتگو کرتا رہا اور کسی طرح نہ مانا تب علی قلی خان نے اسکو قتل کرادیا اور اپنی عرضی کے ساتھ اس کا سر ہمایوں کے پاس بھیجدیا ہمایوں کو اسکی بے عقلی سے نوبت بہ قتل پہونچنے کا بہت افسوس ہوا قبر اسکی بدایوں میں بہت مشہور ہے صفحہ ۱۹۵ مطبع نولکشور ۱۲

(۱۶) **میرزا حکیم** (نکتۃ الخوارق نمبر ۱۱) بادشاہ ہمایوں کا بھتیجا اور اکبر کا چچا زاد بھائی تھا پہلے سلطنت کا دعویدار رہا پھر ۹۸۹ھ میں بقصد تسخیر ہندوستان کابل سے چلکر دریائے اٹک پار کرکے لاہور پہونچ گیا متعدد امرائے اکبری مثل خان زماں علی قلی خان، بہادر خان، سکندر خان، ابراہیم خان وغیرہ اسکو اشتعال دلاتے اور وہ ہمیشہ اُن کے بھروسے پر خروج کرتا رہتا اسمرتبہ اکبر خود اس کے مقابلہ پر گیا میرزا نے شکست کھاکر راہ فرار اختیار کی اور اپنے قصوروں کی معافی بھی چاہی جملہ مغل بادشاہوں میں جرم پوشی اور خطا بخشی کی صفت بدرجہ اتم تھی اکبر بھی اس اعلیٰ صفت سے کام لیتا اور بالعموم امرا کی عفو تقصیرات کرتا رہتا اس نے میرزا کی خطا معاف کرکے کابل اسکے حوالے کردیا کچھ عرصہ کے بعد بوجہ کثرت شراب نوشی مبتلائے امراض مختلفہ ہوکر میرزا نے ۱۲ شعبان ۹۹۳ھ کو دنیائے فانی سے کوچ کیا۔

(۱۷) **ہیمون** (نکتۃ الخوارق نمبر ۱۲) از قوم بقال، قصبہ ریواڑی کا رہنے والا اور عدلی شاہ نبیرہ شیر شاہ سور کا مدار المہام و سپہ سالار تھا۔ چونکہ ابراہیم خان سور و سلطان محمد حاکم بنگالہ اور دوسرے پٹھان دعویداران سلطنت کو جنگ کرکے شکست دیچکا تھا بادشاہ ہمایوں کی خبر وفات سنکر منہ میں پانی بھر آیا اور ہندوستان کی بادشاہت کے خواب دیکھنے لگا نیز اکبر بادشاہ کی خورد سالی کو بھی اپنے لیے فال نیک سمجھا چنانچہ عدلی شاہ کو پٹنہ میں چھوڑ کر آگرہ و دہلی کی طرف کوچ کردیا اور آگرہ پہونچتے ہی اس پر قبضہ کرکے دہلی پہونچا امیر تردی بیگ اور دوسرے امرائے شاہی کو جنہوں نے اس کے حملے کی مقاومت کی تھی شکست دیدی۔ اکبر بادشاہ یہ خبر سنکر جالندھر سے اسکے استیصال و تمرد شکنی کے لئے دہلی روانہ ہوا حوالی پانی پت میں جنگ ہوئی ۲ محرم یوم پنجشنبہ ۹۶۴ھ کو ہیمون کی آنکھ میں ایسا تیر لگا کہ اس کے صدمہ سے ہیمون اپنے ہاتھی کے ہودے میں گر کر بیہوش ہوگیا اور فوج میں سراسیمگی پھیل گئی اکبری امرا میں سے شاہ قلی خاں نے اسکو مع فیل دہودہ نقرئی گرفتار کرکے بادشاہ کے سامنے حاضر کیا اور نواب بیرم خاں نے اسکو قتل کردیا (ماخوذ از تزک جہانگیری صفحہ و سیر المتاخرین جلد اول صفحہ ۱۶۷)

**تمام شد**

# صحتنامہ اغلاط کتاب "افاضات بندگی"

| صفحہ | سطر | صحیح | غلط |
|---|---|---|---|
| ۳ | ۱۲ | حضرت شیخ آدم دانشمند گوپاموی | حضرت شیخ آدم |
| ۳ | ۱۵ | حضرت شیخ احمد امیٹھوی | حضرت شیخ احمد |
| ۲۹ | ۹ | کافیہ وہدایہ است | کافیہ وہدایہ ست |
| ۴۲ | ۱۲-۱۳ | فیروزشاہ یا علاء الدین شاہ | فیروزشاہ علاء الدین شاہ |
| ۴۸ | ۴ | تاریخہائے وفات | تاریخ وفات |
| ۷۹ | ۱ | مسلم وکافر باہم | مسلم وکافرکر باہم |
| ۱۴۱ | ۱۲ | برادر کلاں حضرت ملا صاحب مامور ہوئے | برادر کلاں حضرت ملا صاحب اور پسر شیخ علیم اللہ |
| ۱۴۳ | ۱۵ | بتوداوم | بتوددم |
| ۱۴۶ | ۱۲ | لاولد گئے | لاولدے |
| ۱۴۸ | ۹ | اس نسل سے | اب س نسل سے |
| ۱۴۸ | ۱۲ | بی اے | اے |
| ۱۵۰ | ۱۴ | ماہ خورداد | ماخورداد |
| ۱۵۱ | ۵ | نامحمود ناکام | نامحمود ناکام |
| ۱۵۵ | ۱۴ | محمد مشائخ | محمود مشائخ |
| ۱۶۰ | ۳ | ستائیسویں ۲۷ | بیسویں ۲۰ |
| ۱۶۲ | ۱۵ | برواولس | پرنواس |
| ۱۶۷ | ۴ | شیخ | خ |
| ۱۷۹ | ۱ | ملقب | ملعب |
| ۱۸۱ | ۸ | وطن | وس |
| " | ۱۸ | صاحب مال | صاحب |
| ۱۸۸ | ۱۹ | شاہجہانپوری | شاہجہانپور |
| ۱۹۸ | ۱۷ | پیر بھائی | ہمدرس دپیر بھائی |

ناشر

مطبع رزاقی

پٹکاپور کانپور